منکرینِ میلاد کو دنداں شکن جواب

حافظ بُخاری علامہ سیّد عبدالصمد چشتی قدس سرہ

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد و نظریات۔۔۔
بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان کے رد۔۔۔
اہلسنت پر کئے جانے والے اعتراضات کے جوابات پر مشتمل کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات اور والپیپر حاصل کرنے کے لئے تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں

https://t.me/tehqiqat

جاء الحق و زھق الباطل ان الباطل کان زھوقا

منکرین میلاد کو دنداں شکن جواب

یعنی

حق الیقین فی مبحث مولد اعلی النبیین

تصنیف

حضور قبلۂ عالم حافظ بخاری سید عبد الصمد مودودی چشتی قدس سرہٗ

مترجم

حضرت علامہ مولانا مجاہد حسین صاحب رضوی

استاذ دار العلوم غریب نواز، الہ آباد، یوپی

ناشر

مکتبہ صمدیہ، پھپھوند شریف، ضلع اوریا (یوپی)

نام کتاب : منکرین میلاد کو دنداں شکن جواب
حق الیقین فی مبحث مولد اعلیٰ النبیین

نام مصنف : حضور حافظ بخاری سید عبدالصمد مودودی چشتی قدس سرہٗ

نام مترجم : مولانا مجاہد حسین رضوی (استاذ دارالعلوم غریب نواز، الٰہ آباد)

پروف ریڈنگ : مولانا مجاہد حسین رضوی (استاذ دارالعلوم غریب نواز، الٰہ آباد)

کمپیوزنگ : شاہین کمپیوٹر، ۴۰۷/، بخشی بازار، الٰہ آباد، یوپی

طبع اوّل : ۲۰۰۳ء

تعداد اشاعت : ۱۱۰۰ (گیارہ سو)

صفحات : ۳۴۴

قیمت :

ملنے کے پتے

(۱) کتب خانہ امجدیہ، ۴۲۵، مٹیا محل، جامع مسجد دہلی ۶، فون 23243187
(۲) نیو سلور بک ایجنسی، محمد علی روڈ، بھنڈی بازار، ممبئی ۳
(۳) مکتبہ اہلسنّت و جماعت عقب مسجد چوک، حیدرآباد، (اے، پی)
(۴) این، بی، ٹریڈرس، رشی بازار، اننت ناگ، کشمیر
(۵) کلیم بک ڈپو، تین دروازہ، احمد آباد، گجرات

تقدیم

نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

قبلۂ عالم، اعلم علماء زمانہ، حافظ کلام باری وصحیح بخاری حضرت الشیخ الشاہ، السید عبدالصمد مودودی، چشتی قدس سرہٗ بیسویں صدی عیسوی کی ایک عظیم الشان علمی وروحانی شخصیت کا نام ہے، جنھوں نے اپنی تعلیم وتبلیغ اور رشد و ہدایت سے ایک زمانہ کو فیضیاب فرمایا، اور لاکھوں بندگان خدا کی، ایمان وعقیدہ کے لٹیروں سے حفاظت فرمائی۔

سہسوان ضلع بدایوں کی دھرتی پر ۱۴؍شعبان ۱۲۶۹ھ بروز جمعہ آپ کی ولادت ہوئی، ۵؍شوال ۱۲۷۴ھ کو برٹش سامراج کے ظالم ہاتھوں، آپ کے والد گرامی حضرت الشیخ سید غالب حسین علیہ الرحمہ شہید کئے گئے اور اس طرح اپنے زمانہ کا یہ درّ یتیم صرف اپنی والدہ ماجدہ کی کفالت میں آ گیا۔

چار سال کی عمر میں تسمیہ خوانی ہوئی، ساتویں سال میں حفظ قرآن کی تکمیل کے ساتھ ساتھ فارسی زبان میں لکھنے پڑھنے لگے، زندگی کی گیارہویں منزل تک پہونچتے پہونچتے متوسطات تک درس نظامی کی تکمیل کر لی اور شیخ المشائخ حافظ سید محمد اسلم صاحب خیرآبادی علیہ الرحمہ کے حلقۂ ارادت میں داخل ہو گئے۔

پھر علوم دینیہ کی تکمیل کے لئے بدایوں حاضر ہوئے اور سیف اللہ المسلول حضرت علامہ فضلِ رسول بدایونی علیہ الرحمہ کے علمی فیوض وبرکات سے کماحقہٗ مالا مال ہوئے اور چودہ سال کی عمر میں تمام علوم مروّجہ سے فراغت حاصل کر لی۔

زمانۂ طالب علمی میں آپ نے مسئلہ ''شش مثل'' کے موضوع پر بحث میں امیر احمد سہسوانی جیسے سرخیل گروہ کے چھکے چھڑا دیئے۔ اور پھر جب ۱۲۹۳ھ میں قصبہ پھپھوند شریف میں آمد ہوئی تب پورے قصبہ پر روافض کا تسلط تھا آپ کی تشریف آوری سے ایک انقلاب برپا ہوا، سنیت غالب ہوگئی اور رفض وشیعیت کا

نام ونشان مٹ گیا۔

۱۳۱۱ھ میں جب ندوۃ العلماء کا اجلاس ہوا، اور اس کے مقابلہ میں اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان فاضل بریلوی علیہ الرحمہ کے در دولت پر علماء اہلسنت کے زبردست مجمع میں مجلس علماء اہلسنت کی تشکیل ہوئی تو آپ ہی کو صدر ندوہ کے بالمقابل مجلس علماء اہلسنت کا صدر چنا گیا اور آپ ہی کی صدارت میں کلکتہ اور پٹنہ میں جدوہ کانفرنس ہوئی۔

۱۷/ جمادی الاولیٰ ۱۳۲۳ھ بروز شنبہ رشد وہدایت کا یہ آفتاب غروب ہوا جس کی روشنی سے آج بھی اہل ایمان کے قلوب روشن ہیں اور جن کی تربت آج بھی خلقِ خدا کے لئے فیض رسانی کا ذریعہ ہے۔

احقاقِ حق اور ابطالِ باطل آپ کی زندگی کا نصب العین تھا چنانچہ آپ کے قلم حق رقم سے چھوٹے بڑے گیارہ رسائل جو منظر عام پر آئے ہیں وہ سب کے سب فرقہ ہائے باطلہ کے رد میں ہیں۔

اہلسنت و جماعت اور وہابیہ کے مابین اصل اختلاف تو ایمان وکفر کا ہے لیکن جن فروعی مسائل میں وہ سیدھے سادے مسلمانوں کو فریب دیتے ہیں ان میں میلاد و قیام ایک بڑا مسئلہ ہے سیکڑوں سال سے کیا علماء کیا عوام پورا عالم اسلام اس عمل میلاد و قیام پر عامل چلا آرہا ہے لیکن نجدیوں کے نئے دھرم میں یہ عمل بدعت ضلالت اور نہ جانے کیا کیا ہے۔

محفل میلاد کے عدمِ جواز پر نواب صدیق حسن قنوجی ثم بھوپالی نے بھی ایک رسالہ لکھا ہے۔ نام برعکس نہند کے مطابق جس کا نام "کلمة الحق" ہے۔ محفل میلاد کے جواز پر مشتمل مولانا سعد اللہ صاحب مرحوم کے ایک فتویٰ کا رد بنام "تنقید الجواب" بھی انہی کی تحریر ہے۔ نواب صاحب موصوف کے بڑے بھائی احمد حسن قنوجی کی کچھ تعلیقات بھی اسی موضوع پر ہیں۔

فارسی زبان میں مذکورہ تینوں تحریریں ایک ساتھ چھپی ہیں وجنہیں آپ "مجموعۂ قنوجیہ" بھی کہتے ہیں۔

حضور قبلۂ عالم علیہ الرحمہ نے ان تینوں تحریروں کا مسکت اور دندان شکن

جواب دیا ہے جواب کا جو حصہ "کلمة الحق" سے متعلق ہے اس کا نام "حق الیقین فی مبحث مولد اعلیٰ النبیین" ہے جو حصہ "تعلیقات" سے متعلق ہے اس کا نام "عین الیقین فی مبحث مولد اکمل النبیین" ہے اور جو حصہ "تنقید الجواب" سے متعلق ہے اسے "فائدہ" کا عنوان دیا گیا ہے۔ فارسی زبان میں یہ تینوں حصے ایک ساتھ چھپے ہیں۔ جنہیں آپ "مجموعہ صمدیہ" بھی کہہ سکتے ہیں۔

فی الحال آپ کے ہاتھوں میں جواب کا پہلا حصہ "حق الیقین فی مبحث مولد اعلیٰ النبیین" ہے جسے ہم نے اپنے استاذ گرامی حضرت مولانا محمد مجاہد حسین رضوی مصباحی استاذ دارالعلوم غریب نواز الہ آباد کے علمی، ادبی اور سلیس ترجمہ کے ساتھ مصنف قدس سرہٗ کے جشنِ صد سالہ منعقدہ ۲۳/۲۴/۲۵ فروری ۲۰۰۳ء کے مبارک موقع پر پیش کیا ہے۔

ہمیں پوری توقع ہے کہ تعصب اور عناد کی عینک اتار کر، عدل وانصاف کی نظر سے جو لوگ بھی اس کتاب کا مطالعہ کریں گے انہیں اس بات کا حق الیقین ہو جائیگا کہ محفل میلاد اور قیام تعظیمی، کتاب وسنت کے عام اصول سے ثابت ایک مستحسن مندوب اور قابل ستائش امر ہے اور اس پر بدعت وضلالت کا فتویٰ لگانے والے دین وشریعت پر افتراء کرنے والے ہیں۔

اللھم ارنا الحق حقاً و ارزقنا اتباعه و ارنا الباطل باطلاً و ارزقنا اجتنابه۔

سید محمد انور چشتی
جنرل سکریٹری انجمن حافظ بخاری
آستانۂ عالیہ صمدیہ پھپھوند شریف۔
ضلع اوریا۔ یوپی۔
۱۱/ فروری ۲۰۰۳ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ رب
العالمین والصلوٰۃ و السلام
علیٰ سید المرسلین خاتم
النبیین سید نا و مولانا
محمد و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ و
احبابہٖ اجمعین ۔ امابعد۔

برکافۂ اہل اسلام آشکارا باد کہ
عقد مجالس اذکار سراسر موجب برکت
ست وسبب نزول رحمت رب غفور و
اعلان توقیر وتکریم واشاعت ذکر کریم
حضرت محبوب رب العالمین سید
المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہ "
ورفعنا لك ذكرك" مبین رفعت
شان و لعمرك قسم جان آن سرور
جہان ست مستوجب حصول قرب
ست ونورٌ علیٰ نورٍ۔

سیما درین قرب قیامت کہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للّٰہ رب العالمین
والصلوٰۃ و السلام علیٰ
سید المرسلین خاتم
النبیین سید نا و مولانا
محمد و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ
و احبابہٖ اجمعین ۔ امابعد۔

تمام اہلِ اسلام پر روشن ہے
کہ ذکر کی مجلسوں کا انعقاد سراسر
موجبِ برکت اور رب غفور کی رحمت
کے نزول کا سبب ہے ، حضرت
محبوب رب العالمین ،سید المرسلین
صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ذکر
شریف کی اشاعت اور تعظیم وتوقیر کا
اعلان باعثِ حصولِ قرب ونورٌ علیٰ
نور ہے۔جن کی رفعتِ شان کا بیان
"ورفعنا لک ذکرك" اور
جس سردار عالم کی قسمِ جان
"ولعمرك" ہے۔

خصوصاً قرب قیامت کے اس

منکرین نبوت جناب خاتم رسالت و
مانعین و مبطلین و جاحدین عظمت
ووجاہت حضرت محبوب رب
العزت درمجامع ومجالس خود ہادر پے
اخفاو انکار فضائل و ارہاصات۔و
معجزات حضرت سید المرسلین باشند
اجتماع اہل اسلام برای مجالس اذکار
حضرت خیر الانام علیہ السلام و
اشاعت تکریم وتوقیر ذکر مکرم حضرت
سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم البتہ
زیادہ ترموجب احکام دین ومستلزم
ارغام شیاطین ست۔

ہر چند کہ نزد اہل ایقان این
ہمہ عیاں ست اما از انجا کہ این زمان
آن وقتی ست کہ جہلا وسفہاء را حوصلۂ
خود سری در سر افتادہ کہ عمو مات

دور میں جبکہ خاتمِ رسالت کے
منکرین اور حضرت محبوبِ
ربُ العزت کی عظمت ووجاہت
کے مانعین و مبطلین اپنی مجالس اور
اجتماعات میں سید الرسل صلی اللہ
علیہ وسلم کے معجزات، قبل نبوت کے
حیرت انگیز کارناموں اور فضیلتوں کو
چھپادینے اور انکار کر دینے کے
درپے ہوں، مسلمانوں کا حضرت
خیر الانام علیہ السلام کے ذکر کی
مجلسوں میں اکٹھا ہونا اور سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر مکرّم کی
تعظیم وتوقیر کی اشاعت کرنا یقیناً
دین کے استحکام اور شیاطین کو
دھتکارنے کا بڑا سبب بنے گا۔

ہر چند کہ اہلِ یقین کے
نزدیک یہ ساری باتیں ظاہر ہیں
تاہم یہ وہ زمانہ ہے جس میں
نادانوں، احمقوں کے سر میں خودسری
کا حوصلہ سما گیا ہے انہوں نے

کتاب وسنت و معتقدات حقہ محققۂ
جمہور اہل سنت و جماعت را بر طاق
اغماض گذاشتہ خودرا شارع فہمیدہ
اندونوبت بہ تحمیق وتجہیل وتفسیق و
تذلیل بلکہ تکفیر وتضلیل برگزیدگان
رب جلیل رسانیدہ اند۔

مبتدعی تنزیہ او تعالی را از
زمان و مکان و جہت در بدعات
حقیقیہ داخل میگرداند۔

وملحدے میگوید کہ عقد قضیہ
غیر مطابقہ للواقع والقاء آن بر ملائکہ و
انبیاء خارج از قدرت الٰہیہ نیست
والّا لازم آید کہ قدرت انسانی از ید
ازقدرت ربانی باشد۔

بدمذہبی وحی شریعت ومکالمۂ
حقیقی باحق تعالیٰ وعصمت لابدی ہیچو

کتاب و سنت کے عمومات کو اور
جمہور اہلسنت و جماعت کے حق و
ثابت معتقدات کوچشم پوشی کی طاق
پر رکھ کے اپنے آپ کو شارع سمجھ
رکھا ہے۔نوبت یہاں تک پہونچ
چکی ہے کہ ربِّ جلیل کے برگزیدہ
بندوں کو انہوں نے نہ صرف یہ کہ
جاہل، احمق، فاسق اور ذلیل قرار دیا
بلکہ انکی تکفیر وتضلیل تک کردی ہے۔
(العیاذ باللہ تعالیٰ)

ایک بدعتی اللہ تعالیٰ کو زمان،
مکان اور جہت سے پاک ماننے کو
بدعاتِ حقیقیہ میں داخل قرار دیتا ہے۔

ایک ملحد کا کہنا ہے کہ واقعہ
کے خلاف قضیہ بنا کر فرشتوں اور
نبیوں پر اس کا القاء کرنا الٰہی قدرت
سے باہر نہیں ورنہ انسانی قدرت کا
ربّانی قدرت سے بڑھ جانا لازم آئیگا۔

ایک بدمذہب شریعت کی وحی، اللہ
تعالیٰ کے ساتھ حقیقی مکالمہ اور انبیاء کی

عصمت انبیاء برائے مقبولین خود
ثابت می کند۔

بیدینے از کتاب و سنت و
اجماع امت خبر نہ داشتہ از حیات انبیاء
علیہم السلام در برزخ کہ بتصریح محققین
دین بالاتفاق حسی حقیقی جسدی مماثل
حیات دنیوی ست انکار کردہ بریں بنا
عدم جواز استمداد و توسل و تشفع و عدم
سماع حضرت سرور انام سلام و کلام
زائرین قبر مبارک را حق می پندارد ۔

و بے ایمانی از عطا گردیدن
شفاعت بجناب شفیع المذنبین کہ
احادیث صحیحہ صریحہ مثل اعطیت
الشفاعۃ وغیرہم مثبت آں ہستند واز
حقیت و تیقن و قطعیت شفاعت
آنحضرت انکاری دارد۔

طرح یقینی عصمت کو اپنے پسندیدہ
لوگوں کے لئے ثابت مانتا ہے۔

ایک بے دین جو کتاب وسنّت
اور اجماعِ امّت سے بے خبر ہے،
برزخ میں انبیاء کرام علیہم السلام کی
اُس زندگی کا انکار کرتا ہے جو محققین
دین کی صراحت کے مطابق
بالاتفاق حسی، حقیقی جسمانی اور دنیوی
زندگی کے مماثل ہے۔ اور اس بنیاد
پر ان باتوں کو حق سمجھتا ہے کہ
حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے
مدد، وسیلہ اور شفاعت طلب کرنا
جائز نہیں ہے اور وہ قبر مبارک کے
زائرین کا سلام وکلام نہیں سنتے۔

ایک بے ایمان حضور شفیع
المذنبین ﷺ کے لئے عطاءِ
شفاعت جو "اُعطیتُ
الشفاعۃ" وغیرہ جیسی صحیح وصریح
احادیث سے ثابت ہے۔ اس کی
حقانیت تیقّن اور قطعیت کا انکار کرتا ہے

حالانکہ بموجب تصریح جمہور اہل
سنت اعتقاد بودن آنحضرت یقیناً
اول شافع و اول مشفع و مقبول
الشفاعت واجب ست۔

روسیاہی در معجزات وفضائل
جناب سرور کائنات گفتگو ہای بیہودہ
میکند و گمراہی برا طلاق لفظ آیت بر
معجزہ اعتراض می نماید۔

جاہلی بر مجرد چندی از افعال
بی اعتقاد الوہیت حکم شرک فی
العبادت لازم می سازد۔

غافلے بر امور خیر کہ از مستحسنات
ائمہ اعلام و متضمن ترویج خیر و موجب
رونق اسلام اند باوجود اندراج
درعمومات شریعت و عدم مزاحمت و
مخالفت کتاب وسنت اطلاق بدعت
بہ یک معنی راست کردہ بے باکانہ
در میدان تضلیل و تکفیر ائمۂ

حالانکہ جمہور اہلِ سنت کی
صراحت کے مطابق حضور ﷺ کو
اول شافع، اولیٰ مشفّع اور مقبول
الشفاعۃ ماننا واجب ہے۔

ایک روسیاہ حضور ﷺ کے
معجزات اور فضائل کے بارے میں
بے ہودہ گفتگو کرتا ہے۔ ایک گمراہ
معجزہ کو "آیت" کہنے پر معترض ہے۔

ایک جاہل الوہیت کا اعتقاد
رکھے بغیر محض چند افعال پر شرک
فی العبادت کا حکم لازم قرار دیتا ہے۔

ایک غافل کچھ ایسے امورِ
خیر پر جو ناموراماموں کے مستحسنات
سے ہیں، بھلائی کی ترویج پر مشتمل
اور اسلام کی رونق کا سبب ہیں
باوجودیکہ وہ شریعت کے عمومات
میں مندرج ہیں کتاب وسنت کے
مخالف و مزاحم بھی نہیں ایک ہی معنی
کے لحاظ سے بدعت کے اطلاق کو
درست قرار دیکر بڑی بے باکی سے
ائمۂ دین کی تکفیر و تضلیل کے میدان

دین قدم می اندازد کہ اوہام ایں لیام را
رفضہ دستاویز لزوم طعن و ملام بر
اصحاب کرام میگردانند بلکہ نصاریٰ
اقوال ایں جہال را بطور الزام
رو بروے عوام پیش نمودہ نوبت طعن
بجناب نبی کریم وقرآن عظیم می رسانند

ہر خس و خار کہ در راہ نمودی دارد
آخر ای بادِ صبا این ہمہ آوردۂ تست

بدیں جہت چندی از نافہمان از حسن و
فضل مجالس اذکار حضرت خیر الانام
سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم انکار
دارند و بر ابطال شرف و برکت ایام
ولادتِ باسعادت ہمتہا می گمارند
و باوجودیکہ ائمہ معتمدین و اجلۂ
مستندین از فقہا و محدثین باستحسان
ہیئت اجتماعیۂ مجالس شریفہ در ازمنۂ
لطیفہ در کتب مشہورۂ دین تصریح

میں قدم رکھتا ہے کہ ان لئیموں کے
اوہام کو رافضی لوگ دستاویز بنا کر
صحابۂ کرام کو مطعون کرنا ان کی
ملامت کرنا ضروری سمجھتے ہیں۔ بلکہ
نصاریٰ ان جاہلوں کے اقوال کو عوام
کے سامنے بطور الزام پیش کر کے نبی
کریم وقرآن عظیم تک کو مطعون
کرتے ہیں۔

راہ میں جو جھاڑ جھنکھاڑ پیش نظر ہیں
اے بادِ صبا! یہ سب تمھاری ہی کارفرمائی ہے

اسی بنا پر بعض ناعاقبت
اندیش لوگوں نے حضور صلی اللہ علیہ
وسلم کے ذکر کی مجلسوں کے فضل
وحسن کا انکار کیا ہے اور حضور ﷺ
کی ولادتِ باسعادت کے زمانہ
کے شرف و برکت کو باطل قرار دینے
کی جرأت کی ہے۔ جبکہ ائمۂ مجتہدین
واجلۂ مستندین فقہاء اور محدثین نے
ہیئت اجتماعیہ لطیف زمانوں میں
اجتماعیہ کے ساتھ مجالس شریفہ کے
انعقاد کی اپنی مشہور دینی کتابوں میں

فرمودہ اند بلکہ رسائل مستقلہ دریں
باب تالیف نمودہ اند و اگر در پاۓ کسی
دریں باب خارشکے خلیدہ بدفع
شبہاتش پرداختہ اند و قول شاذ و نادر را
مردود ساختہ اند چنانکہ اینہمہ از
مطالعہ موردروی و انسان العیون
وسیرت شامی ومواہب وحسن المقصد و
کشف الظنون وغیرہ توان دریافت۔
باانہمہ چندے از طائفہ
ہوائیہ بر مجرد انکار شکیب نہ نمودہ
اعتقاد شرف و برکت ایام ولادت
باسعادت ونفس استحباب اعادۂ شکر
نعمت وعقد مجلس اذکار پر برکت را از
زبان شقاوت تو امان مانند بزم جنم
کنہیا قرار مید ہند و بر مجوزین وعاملین

صراحت فرمائی ہے بلکہ اس موضوع
پر مستقل رسائل تصنیف کئے ہیں اور
اگر کسی کے پیروں میں شک کا کوئی
کانٹا چبھا تو اس کے شبہات کو دور
کرنے میں مصروف ہوتے ہیں اور
شاذ و نادر قول کو مردود قرار دیا ہے
جیسا کہ یہ ساری باتیں موردردی
انسان العیون ، سیرتِ شامی ،
مواہب ، حسن المقصد اور کشف
الظنون وغیرہ کتابوں کے مطالعہ
سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔
اس کے باوجود چند نفس
پرست جماعتوں نے محض اس مجلس
کے انکار پر صبر نہیں کیا ہے بلکہ
ولادتِ باسعادت کے زمانہ کی
برکت وشرف کے اعتقاد اور شکرِ نعمت
کے اعادہ کے استحباب اور ذکر کی
مجلسوں کے انعقاد کو کنہیا جنم کی مانند
قرار دیا ہے اور بانیان مجالس کو
مشرکین کی جماعت میں شامل

مجالس شریفه تهمت دخول درزمرۂ
مشرکان وخلل اصل ایمان می نهند ونمی
دانند که این حکم فاسد چه آفتها بر پامی
سازد ودرثبوت روایت دین اسلام و
احکام شریعت بواسطۂ اہل عدالت
رخنه می انداز دو از غایت غوایت و
غباوت این قدر ہم نمی اندیشند که
کسانیکه سلسله سند دین خود باوشان
راست میکنند ہم داخل مجوزین و
عاملین این عمل بوده اند۔

بمشاہدۂ این حال بخیال
خوشنودی ذو الجلال خواستم که بدفع
طعن و ملام عوام کالانعام از حضرات
ائمه اسلام پردازم وحرفی چند دررفع
اوہام آں لیام تحریر سازم۔

ہونے کی تہمت لگائی ہے۔ ان کے
اصلِ ایمان میں خلل قرار دیا ہے۔
انہیں نہیں معلوم کہ یہ حکمِ فاسد کون
سی آفتیں برپا کرے گا اوراسی بات
میں رخنہ ڈالدے گا کہ شریعت کے
احکام اور دین اسلام کی روایت کا
ثبوت اہلِ عدالت کے توسط سے
ہوا ہے۔ ان کی انتہائی گمراہی اور
حماقت یہ ہے کہ جن ائمہ کرام
سے انہوں نے اپنے دین کا سلسلہ
جوڑا ہے وہ بھی عملِ میلاد کو نہ صرف
جائز ماننے والے بلکہ اس پر عمل پیرا
ہونے والوں میں رہے ہیں۔

ان حالات کے پیش نظر
میں ، رب ذو الجلال کی خوشنودی
حاصل کرنے کے خیال سے ،
عوام کے طعن و ملامت کو
ائمہ ٔاسلام سے دفع کرنے اور
ان بد بختوں کے اوہام کو زائل
کرنے کی خاطر چند باتیں تحریر کرنا
چاہتا ہوں۔

از جمله رسائل طائفه مجموعه
قنوجیه را که جمع نمودۂ دو برادر خورد
وکلاں ست واین طائفه رابران نازش
بے پایان ست برائے تحریر جواب
منتخب ساختم وعجالۃً بہ تحریر آنچه در خاطر
آمد بے آنکه نوبت بجمع کتب کثیره
رسد دریں رساله پرداختم۔

قوله در خواص و عوام
ہندوستان شائع است الخ

اقول دریں مقام نقل
عباراتی چند از علماء دین بقلم می آید تا
واضح گردد که تخصیص ذکر ہندوستان
محض بنا برایہام وتغلیطِ عوام می نماید
علامه قسطلانی علیه الرحمه در مواهب
لدنیه که مستند این طائفه است فرموده

ان گمراہوں کی تحریروں
میں ’’مجموعہ قنوجیہ‘‘ جو دو برادر خورد و
کلاں کی تحریروں کا مجموعہ ہے۔ جس
پر اس گمراہ فرقہ کو بڑا ناز ہے میں
نے جواب کے لئے منتخب کیا ہے۔
عجلت میں جو کچھ دل میں تھا اس
رسالہ میں تحریر کردیا ہے کثیر کتابوں کو
اکٹھا کرنے کی نوبت نہیں آئی ہے۔

قولہ۔(مجلس میلاد)
ہندوستان کے عوام و خواص میں
رائج ہے۔الخ

اقول۔اس مقام پر چند
علماء دین کی عبارتیں نقل کرنا چاہوں
گا تاکہ واضح ہوجائے کہ ہندوستان
کی تخصیص عوام کو وہم اور غلطی میں
مبتلا کرنے کی خاطر ہے۔

اس فرقہ کی بھی مستند کتاب
مواہب لدنیہ میں علامہ قسطلانی
علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

ولا زال اهل الاسلام
يحتفلون بشهر مولده عليه
السلام ويعملون الولائم و
يتصدقون فی لياليه با نواع
الصدقات و يظهرون السرور
ويزيدون فی المبرات
ويعتنون بقراءة مولده
الكريم و يظهر عليهم من بركاته
كل فضل عظيم الخ۔

وہمیں مطلب از حافظ ابوالخیر سخاوی
درسیرت شامی منقول ست۔

ملاعلی قاری علیہ الرحمہ کہ ہم مستند
ایں طائفہ است در موردروی فرمودہ۔

اما اهل مكة معدن الخير و
البركة فيتوجهون الى المكان

"حضور اکرم ﷺ کی ولادت
پاک کے مہینہ میں، محفلوں کا انعقاد
کرنا لوگوں کی دعوتیں کرنا، اس کی
راتوں میں ہر طرح کے صدقات
کرنا، مسرت وشادمانی کا اظہار کرنا،
نیکیوں میں اضافہ کر دینا آپ کی
ولادتِ پاک کے تذکرے کا اہتمام
کرنا ہمیشہ سے مسلمانوں کا معمول
رہا ہے۔ جس کی برکتوں سے ان پر ہر
طرح کے فضلِ عظیم کا ظہور ہوتا ہے۔

اسی مطلب کی عبارت
حافظ ابوالخیر سخاوی کی کتاب سیرت
شامی میں منقول ہے۔

ملا علی قاری جو اس فرقہ
کے بھی مستندین میں ہیں اپنی کتاب
"موردروی" میں فرماتے ہیں۔

(شب ولادت) منبع خیر و
برکت مکہ مکرّمہ کے باشندے اس
مکان کی طرف متوجہ ہوتے ہیں

المتواتر بين الناس انه محل
مولده رجاء بلوغ كل منهم
بذلك لقصده ومزيد اهتمامهم
به الی آخرہ۔

وہمردان ست ولا هل
المدينة كثرهم الله تعالى به
احتفال و علىٰ فعله اقبال الخ

وہمردان است و اما
العجم فمن حين دخل هذا
الشهر المعظم والزمان المكرم
لا هلها مجالس فخام من
انواع الطعام للقراء الكرام و
العلماء العظام و الفقراء من
الخاص والعام الخ

قولہ- با آنکہ از فقہا ومحدثین
معتمد ہیچکی باستحسان وجواز آن نرفتہ الخ

جس کے متعلق لوگوں میں یہ مشہور
ہے کہ یہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی
جائے ولادت ہے۔ اس اُمید کے
ساتھ کہ اس توجہ اور زیادتی اہتمام کی
بنیاد پر ان کی مرادیں بر آئیں گی۔

ملاعلی قاری اسی کتاب میں رقم طراز ہیں۔
ساکنانِ مدینہ، اللہ ان کی
تعداد میں اضافہ فرمائے اس موقع پر
پوری لگن کے ساتھ محفلیں منعقد
کرتے ہیں۔

اسی کتاب میں لکھتے ہیں:
"رہے عجم کے باشندے تو جب بھی
یہ عظیم الشان مہینہ آتا ہے اسی وقت
سے قرأ کرام، علماء عظام اور خاص و
عام فقراء کے لئے انواع و اقسام
کے کھانوں کی بڑی بڑی محفلوں کا
انعقاد کرتے ہیں"

قولہ — معتمد فقہاء و محدثین
میں کوئی بھی اس کے جواز اور
استحسان کی طرف نہیں گئے۔ الخ

اقول - این قولی ست سقیم و
کیدی ست عظیم شیخ عبدالحق و ملا علی
قاری و محمد طاہر صاحب مجمع البحار و
شیخ عبدالوہاب متقی مکی و امام ابن
جزری صاحب حصنِ حصین و حافظ
ابن رجب حنبلی و علامہ ابوالطیب سبتی
مالکی و حافظ جلال سیوطی و صاحب
سیرت شامی و مجد الدین شیرازی
علامہ سیف الدین ابو جعفر ترکمانی
دمشقی حنفی و شیخ برہان الدین جعبری و
علامہ حمد اللہ و امام سلیمان برسوی و
مولانا حسن بحرینی و برہان ناصحی و شیخ
شمس الدین سیواسی و شیخ محمد بن حمزۃ
العربی الواعظ و شمس الدین دمیاطی و فخر
الدین دنقلی و حافظ زین الدین عراقی و
علامہ برہان ابوالصفا و حافظ ابوشامہ و

اقول - یہ بات صحیح نہیں،
مکر عظیم ہے۔ ۱- شیخ عبدالحق، ۲-
ملا علی قاری، ۳- محمد طاہر صاحب مجمع
البحار، ۴- شیخ عبدالوہاب متقی مکی،
۵- امام ابن جزری صاحب حصن
حصین، ۶- حافظ ابن رجب حنبلی،
۷- علامہ ابو الطیب سبتی مالکی،
۸- حافظ جلال الدین سیوطی،
۹- صاحب سیرت شامی ۱۰-
مجد الدین شیرازی، ۱۱- علامہ سیف
الدین ابو جعفر ترکمانی دمشقی حنفی،
۱۲- شیخ برہان الدین جعبری،
۱۳- علامہ حمد اللہ، ۱۴- امام سلیمان
برسوی، ۱۵- مولانا حسن بحرینی،
۱۶- برہان ناصحی ۱۷- شیخ شمس
الدین سیواسی، ۱۸- شیخ محمد ابن حمزہ
العربی الواعظ، ۱۹- شمس الدین
دمیاطی، ۲۰- فخر الدین دنقلی،
۲۱- حافظ زین الدین عراقی،
۲۲- علامہ برہان ابوالصفا،
۲۳- حافظ ابوشامہ، ۲۴- حافظ ابن

حافظ ابن حجر عسقلانی و علامہ ابوالقاسم
لؤلوی و علامہ ابوالحسن البکری و امام
سخاوی و برہان الدین صاحب
سیرت حلبی و علامہ ابن حجر مکی کہ حالِ
تصانیفِ این حضرات معروف و مشہور
و در کتب متداولہ مشہورہ مثل کشف
الظنون بمدح و قبول مسطور
و مذکور ست و سوای این حضرات دیگر
علماء معتمدین از اجلہ محدثین و فقہاء
مشہورین از اہل حرمین طیبین و سائر
بلاد اسلامیہ در رسائل و فتاویٰ خود
استحسان آن فرمودہ اند و رسائل مولد
تالیف نمودہ اند۔

باری اگر از قصور علم بکتب علماء
سابقین عبورش رو نہ نمود دریافت این
امر از اقوال مشہورہ علماء لاحقین و
فضلاء متاخرین کہ در قرب ہمیں زمان

حجر عسقلانی، ۲۵- علامہ ابوالقاسم لؤ
لوی، ۲۶- علامہ ابوالحسن البکری،
۲۷- امام سخاوی، ۲۸- برھان
الدین صاحب سیرت حلبیہ،
۲۹- علامہ ابن حجر مکی، جیسے ائمہ کرام
جن کی تصنیفات خود مشہور و معروف
ہیں۔ جن کی مقبولیت اور مدح و
ستائش کا تذکرہ کشف الظنون جیسی
شہرت یافتہ اور متداول کتاب میں
بھی ہے ان حضرات کے علاوہ
حرمین طیبین اور دیگر اسلامی ممالک
کے دوسرے جلیل القدر فقہاء و
محدثین و قابل اعتماد علماء نے اپنی
معتبر اور مستند کتابوں میں عملِ میلاد
کو جائز و مستحسن قرار دیا ہے۔ اور
رسائل میلاد کی تالیف کی ہے۔

اگر قلت علم کی بناء علماء
سلف کی کتابوں تک رسائی نہیں ہو
سکی ہے تو یہ بات اُن علماء خلف و
فضلاء متاخرین کے مشہور
اقوال سے معلوم کرنا کیا بعید

گذشتہ اند چہ دور بود بالخصوص کسانیکہ
درسلسلہ سند صاحب رسالہ وامثالش
در روایات کتب فقہ وتفسیر وحدیث و
عقائد معدود و در رسائل امثال
صاحب رسالہ استناد باوشان موجود
مانند شاہ ولی اللہ صاحب و شاہ
عبدالرحیم صاحب محدث دہلوی ومرزا
حسن علی صاحب محدث لکھنوی
وغیرہم۔

اگر گوئی کہ صاحب رسالہ
کہ درسکر خود بینی سرشار ست ہمہ
سابقین و لاحقین رابی خبر از فقہ
وحدیث بلکہ از جاہلین وضالین بلکہ
موافق عقیدہ طائفہ از کافرین و
مشرکین می شمارد پس چہ جائے اعتماد و
اعتبار ست وذکر ایں ہمہ سابقین و
لاحقین از ائمہ دین و علماء مشہورین
بمقابلہ اش بیکار ست۔

تھا وہ تو ابھی عنقریب گذرے ہیں۔
بالخصوص ان لوگوں کے اقوال جو فقہ،
تفسیر، حدیث اور عقائد کی کتابوں
کی روایت میں، صاحب رسالہ اور
اس جیسے لوگوں کے سلسلۂ سند میں
معدود ہیں اور جن سے صاحب
رسالہ جیسے لوگوں کے رسائل میں
استناد موجود ہے۔ جیسے شاہ ولی اللہ
صاحب، شاہ عبد الرحیم صاحب
محدث دہلوی، مرزا حسن علی صاحب
محدث لکھنوی وغیرہ۔

اگر تم کہو کہ صاحب رسالہ خود
بینی کے نشہ میں چور ہے تمام سابقین
ولاحقین کو فقہ وحدیث سے بے خبر
بلکہ جاہل و گمراہ بلکہ اپنی جماعت
کے اعتقاد کے مطابق کافر ومشرک
شمار کرتا ہے اس لئے اُن پر کیا اعتماد
اُن کا کیا اعتبار، اُس کے مقابلہ میں
ان تمام سابق و لاحق ائمۂ دین و
مشہور علماء کا تذکرہ بے کار ہے۔

پس اولاً گویم کہ اگر چہ عامہ طائفہ
اسماعیلیہ وہابیہ بجہت بیخوفی از خدا
وفقدان شرم وحیا ہمیں اعتقاد آرند و
آنحضرات عظام ومتبعین آن کرام را
از زمرۂ ضالین و جاہلین بے دین می
شمارند اما از صاحب رسالہ تصریح این
امر بظاہر دور ست چہ در آخر ہمیں
رسالہ کہ برائے اظہار استناد صاحب
رسالہ سند استاذ صاحب رسالہ ثبت
ست ومنقبت شان بلفظ استاذ المحققین
سند العالمین فی العالمین مولانا المفتی
صدر الدین خاں دہلوی۔

درج ودران سند اکتساب نمودن
صاحب رسالہ فقہ واصول فقہ وعقاید و
کتب دیگر علوم دین مثل بخاری
و تفسیر بیضاوی وغیرہ را از

میں اولاً عرض کروں گا کہ اگر چہ عام
اسماعیلی وہابی، خدا سے بے خوفی اور
بے شرمی و بے حیائی سے یہی اعتقاد
رکھتا ہے، اور اُن عظیم الشان
حضرات اور ان کے پیروکاروں کو
گمراہ، جاہل اور بے دین سمجھتا ہے
تاہم صاحب رسالہ کا کھلے طور پر یہ
کہنا بظاہر بعید ہے۔ اس لئے کہ اس
کتاب کے اخیر میں صاحب رسالہ
کے مستند ہونے کا اظہار کرنے کے
لئے ان کے استاذ کی سند لکھی ہوئی
ہے جس میں ان کے استاذ کو ان
القاب سے یاد کیا ہے۔

استاذ المحققین، سند
العالمین فی العالمین،
مولانا المفتی صدر الدین
خاں دھلوی۔

اور اسی سند میں صاحب رسالہ کے
فقہ، اصول فقہ، عقائد اور دیگر کتب
علوم دینیہ مثلاً بخاری شریف بیضاوی

مفتی صاحب موصوف مذکورست وہمدران سند متصف بودن صاحب رسالہ بغربت و اہلیت و شرم وحیا مسطورست۔

ہمان سند العالمین فی العالمین درفتویٰ مشہورہ خود کہ بحالت حیات شان در لکھنو مطبوع ہم شدہ است می فرمایند۔

عمل مولد شریف درماہ مولد حضرت سید الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم و اجتماع مومنین درین روز مسعود کہ خالی باشد از منہیات ومکروہات الی قولہ از بہترین اعمال حسنہ است ومتوارث ہست از علمائے اعلام و قضاۃ ومفتیان اہل اسلام ومشائخ کرام کابراً عن کابرو اتفاق ست جم غفیرراازاعاظم علماء دین

شریف وغیرہ کو حضرت مفتی صاحب موصوف سے اکتساب کرنا مکتوب ہے نیز اسی سند میں صاحب رسالہ کا غربت ، اہلیت اور رم و حیاء سے متصف ہونا بھی مذکور ہے۔

وہی سند العالمین فی العالمین اپنے اُس مشہور فتویٰ میں جو اُن کی حیات ہی میں لکھنو سے چھپا تھا۔ فرماتے ہیں۔

(ترجمہ) حضرت سید الاولین و الآخرین ﷺ کی ولادت کے مہینہ میں میلاد کا عمل اور اس مسعود دن میں مومنوں کا وہ اجتماع جو منہیات و مکروہات سے خالی ہو۔ الی قولہ۔ بہترین اعمال حسنہ سے ہے جس پر پیڑھی در پیڑھی سے مشائخ کرام ، مفتیان اہلِ اسلام ، قاضیان کرام علماء اعلام کا توارث چلا آرہا ہے۔ اس عمل مکرم کے استحسان پر عرب

عرب وعجم برحسن ایں عمل مکرم ومعمول بہ اکابر محدثین و فقہائی اقطار عالم است و شک نیست کہ ایں عمل محمود موجب مزید ثواب و برکات ونزول رحمت وشفائی قلوب وانشراح صدورو قرۃ عیون اہل اسلام وارغام شیاطین وخذلان اہل ضلال و طغیان ست خصوصا دریں زمانہ دریں ملک کہ بے ادبان و جاہلان از عوام بہ تقویت و استظہار عملداری حال نوبت زبان درازی باقصی غایت رسانیدہ اند الی آخرہ۔

وبعد نقل اقوال ائمہ دین وعلماء مشہورین فرمودہ۔

پس قول تاج الدین فاکہانی مالکی کہ ایں عمل مذموم ست بالمقابل جم غفیر از ائمہ دین وعلمائے محققین از فقہا و محدثین کہ باستحسان

وعجم کے بڑے بڑے علماء دین کی بھاری جماعت کا اتفاق ہے اور دنیا کے تمام ممالک کے اکابر فقہا و محدثین کا معمول بہ۔ کوئی شک نہیں یہ پسندیدہ عمل ثواب و برکات اور نزولِ رحمت کی زیادتی کا باعث ، دلوں کی شفا، سینوں کا انشراح، اہلِ اسلام کی آنکھوں کی ٹھنڈک ، شیطانوں کی دُھتکار، سرکشوں اور گمراہوں کی رسوائی کا سبب ہے، بالخصوص اس زمانہ میں اور اس ملک میں جہاں بے ادب جاہل لوگ عملداری کی تقویت کی بناء پر انتہائی درجہ کی زبان درازی پر اتر آئے ہیں۔

ائمہ دین اور مشہور علماء کے اقوال نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں:

پس تاج الدین فاکہانی مالکی کا قول کہ ”یہ عمل مذموم ہے“ اُن ائمہ دین و محققین فقہا محدثین کی بڑی جماعت کے بالمقابل

آن رفته اند مقبول نیست
ورده السیوطی وکثیر من العلماء الاعلام
بمایشفی قلوب المومنین پس تنہا از انکار
فاکہانی وتفرد او دران ایں عمل مکرم
رامختلف فیہ گفتن غلطی فاحش ست و
عجب ست وبس عجب از ان گروہ
صافی عقیدت کہ عمل مولد شریف راز
بدعات سیئہ گویند و بجز اینکہ ایں عمل
بدیں صفت وخصوصیت آن در ماہ
مولد حضرت سرور انس وجاں صلی اللہ
علیہ وسلم منقول از قرون ثلاثہ نیست
دلیلی دیگر نزد خود ندارند حتی کہ کدام
روایت شاذ از کتب غیر مشہورہ فقہ
حنفیہ ہم بحرمت یا کراہت آن پیش نمی
کنند ونمی دانند کہ بریں تقدیر لازم می
آید کہ جملہ مستحسنات علمائے متاخرین
کہ کتب فقہ مذاہب اربعہ

مقبول نہیں جو اس عمل کے استحسان
کی طرف گئے ہیں۔ علامہ سیوطی اور
بہت سارے نمایاں علماء کرام نے
فاکہانی کی ایسی تردید کی ہے کہ
مومنوں کا دل شفایاب ہوجاتا ہے۔
اسلئے تنہا فاکہانی کے انکار سے اس عمل
کو مختلف فیہ کہنا کھلی غلطی ہے۔ اُس
صافی عقیدت گروہ سے حیرت
بالائے حیرت تو یہ ہے کہ عمل المیلاد کو
بدعت سیۂ کہتے ہیں حالانکہ اُن کے
پاس سوائے اس کے کوئی دلیل نہیں
کہ یہ عمل اس صفت و خصوصیت
کے ساتھ سرورِ انس و جاں ﷺ کی
ولادت کے مہینے میں قرونِ ثلٰثہ
سے منقول نہیں۔ یہاں تک کہ فقہ
حنفی کی غیر مشہور کتابوں کی کوئی شاذ
روایت بھی اس کی کراہت وحرمت
پر پیش نہیں کر پاتے۔ انہیں معلوم
نہیں کہ اس تقدیر پر علماء متأخرین
کے وہ سارے مستحسنات بدعات

خصوصا فقہ حنفی جملہ ازان ست و
ہزار جا مرقوم ست استحسنہ
المتأخرون جملہ در بدعات داخل
شود وعلمای متاخرین از فقہاء باجمعہم از
اہل بدع وضلال بشمار در آیند چہ از
مستحسنات ایشان اثرے در قرون ثلثہ
نبود و ما ھو الا ارتفاع الامان
عن الشرعیات اعاذ نا اللّٰہ
تعالیٰ من ھذہ العقیدۃ
الفاسدۃ۔
محفلے کہ دران ذکر جمیل ولادت
حضرت خاتم النبیین ﷺ بلا انضمام
منکرات ومکروہات شرعیہ باشد آن را
مجمع آثام وبدعات فہمیدن واجتماع
تمامی علمائے دین سابق وحال را
از مذاہب اربعہ شرقاً وغرباً در عرب وعجم
بر ضلالت و بطلان قرار دادن و
حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً را دار

میں داخل ہوجائیں گے جن سے
فقہ مذاہب اربعہ بالخصوص فقہ حنفی کی
کتابیں بھری ہوئی ہیں جن کتابوں
میں ہزاروں جگہ ''استحسنہ
المتأخرون'' تحریر ہے۔ اور
متأخرین فقہا کا اہل بدعت و
ضلالت میں شمار ہوگا اس لئے کہ ان
کے مستحسنات کا قرونِ ثلاثہ میں نام و
نشان بھی نہیں تھا۔ ایسا ہوگیا تو
شرعیات سے امان ہی اٹھ جائے گا۔
اس فاسد عقیدہ سے اللہ ہم سبھوں کو
محفوظ رکھے (آمین)۔
وہ محفل جس میں حضور صلی
اللہ علیہ وسلم کی ولادت طیبہ کا ذکرِ
جمیل، منکرات ومنہیات شرعیہ کی
آمیزش کے بغیر ہو اس کو گناہوں اور
بدعتوں کا اجتماع سمجھنا۔ مذاہب
اربعہ سے تعلق رکھنے والے از شرق تا
غرب عرب وعجم کے سارے علماء
کے اجتماع کو بطلان وضلالت قرار
دینا، حرمین شریفین زادھما اللہ

البدعۃ انگاشتن و اتباع سنت
منحصر در افراد عدیدہ بلاد ہندوستان
دانستن چہ خوش اعتقادی وحسن ظن
نسبت بعلمائے اسلام و بلاد اسلام
ست حررہ العبد المسکین
محمد صدر الدین ختم اللہ لہ
بالحسنیٰ۔

وثانیاً بر تقدیر یکہ صاحب
رسالہ ہمہ مجوزین ایں عمل را از غیر
معتمدین بلکہ گمراہ و بے دین می شمارد و
پس چرا از اکثر ہمیں ائمہ دین فقہاء و
محدثین برائے اثبات دعاوی خود سند
ہائے بیجا می آورد بر سر شاخ نشستن و بن
را بُریدن بر عقلِ خود خط کشیدن ست۔

قولہٗ۔ بدعت را دو معنی ست یکی
لغوی عام کہ عبارت از مطلق محدث
ست خواہ عبادت بود یا عادت و دوم شرعی

شرفاً کو دار البدعۃ سمجھنا اور سنت
کی پیروی ہندوستان کے چند افراد
میں منحصر جاننا کیا علماء اسلام وممالک
اسلامیہ کے ساتھ خوش اعتقادی اور
حسنِ ظن ہے؟ ہرگز نہیں۔

حررہ العبد المسکین
محمد صدر الدین
ختم اللہ بالحسنیٰ

ثانیاً۔ اس تقدیر پر کہ صاحب
رسالہ، اس عمل کو جائز قرار دینے
والے تمام لوگوں کو ناقابل اعتماد بلکہ
گمراہ و بے دین سمجھتا ہے پھر اپنے
دعووں کے اثبات کی خاطر اکثر انہی
ائمۂ دین، فقہا و محدثین سے کیوں
بے جا استناد کرتا ہے، شاخ پر بیٹھ کر
جڑ کاٹنا اپنی عقل کو قلم زد کرنا ہے۔

قولہٗ بدعت کے دو معانی
ہیں ایک لغوی عام، جس سے مراد
مطلق نوپید چیز ہے خواہ وہ عبادت ہو
یا عادت دوسرے شرعی خاص،

خاص کہ عبارت ست از زیادت و
انتقاص در دین بعد صحابہ بدون اذن
شارع لا قولاً ولا فعلاً ولا
صراحۃ ولا اشارۃ پس لفظ
بدعت دریں حدیث و در احادیث
دیگر عام ست شامل ہمہ محدثات وایں
عموم بحسب معنی شرعی خاص ست نہ
معنی لغوی عام الی قولہ و بایں قیود
بیروں رفت تعمیر منارہ مسجد کہ بنا بر
اعلام اوقات صلوٰۃ ست و تصنیف
کتب کہ آلہ وعون تعلیم و تبلیغ ست و
استعمال منخل و مداومت بر اکل لب
حنطہ و مثلہا کہ ہر یک امر ازینہا ماذون فیہ
بل مامور بہا ست بر سبیل اجمال الی آخرہ۔

اقول۔ ازیں مقام باقرارش
ثابت ست کہ چیز یکہ بالاجمال داخلِ
ماذونات شرعیہ باشد گو خصوص آن

جس سے مراد شارع کے قولاً، فعلاً
صراحۃً یا اشارۃً اجازت کے بغیر،
صحابۂ کرام کے بعد دین میں کسی
طرح کی زیادتی یا کمی کرنا ہے۔ پس
لفظِ بدعت اس حدیث میں اور دیگر
احادیث میں عام ہے تمام محدثات
پر مشتمل ہے اور یہ عموم معنیٔ شرعی
خاص کے اعتبار سے ہے نہ کہ معنیٔ
لغوی عام کے اعتبار سے الی قولہ۔
اوران قیود سے منارۂ مسجد کی تعمیر جو
نماز کے اوقات کا اعلان کرنے کے
لئے ہے اور کتابوں کی تصنیف جو
تعلیم وتبلیغ کا ذریعہ ہے اور چلنی کا
استعمال نیز گیہوں کا مغز کھانے پر
مداومت اور اس جیسی چیزیں کہ ان
ساری باتوں کی اجازت ہے۔
بلکہ بطور اجمالی ان کا حکم ہے۔ الخ

اقول۔ یہیں سے اس کے
اقرار کی بناء پر ثابت ہوا کہ جو چیز
اجمالاً شرعی ماذونات میں داخل

صراحة از قول و فعل شارح ہیئت
کذائیہ ماثور نباشد ونہ از صحابہ کرام
مروی باشد در ضلالت داخل شدن نمی
تواند پس از مستحسنات ائمہ دین
اعتراضات وہابیہ مندفع و مطرو د
وخرافات شان ہمہ باطل و مردود
شدند کہ آنحضرات آن مستحسنات را
باشارہ مضامین احادیث صریحہ
حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
مستحسن گردانیدہ اند وداخل بودن آنہا
درعمومات ما ذونات بلکہ مامورات
شرعیہ بالاجمال بثبوت رسانیدہ اند۔
قطع نظر از استحسان عام دیگر
بدعات حسنہ حال خصوص اظہار سرور
واداے شکر نعمت درایام مبارک ولادت

ہوں بھلے اس کا خصوص اور ہیئت
کذائیہ نہ تو شارع کے قول و فعل
سے منقول ہو نہ ہی صحابۂ کرام سے
مروی ہو وہ ضلالت میں داخل نہیں
ہوسکتی اس لئے ائمۂ دین کے
مستحسنات کے تعلق سے وہابیہ کے
اعتراضات اٹھ گئے اور ان کے
سارے خرافات باطل و مردود قرار
پائے ۔ کیونکہ ان حضرات نے
سیدالمرسلین ﷺ کے صریح احادیث
کے مضامین سے اشارۃً ان امور کو
مستحسن قرار دیا ہے ۔ اور اجمالی
طور پر اُن کا ماذونات شرعیہ بلکہ
مامورات شرعیہ میں داخل ہونا
ثابت کیا ہے۔
دوسرے بدعات حسنہ کے
عام استحسان کی بات تو چھوڑئے
خاص ولادت شریفہ کے مبارک
ایام میں شکر نعمت کی ادائیگی

شریفہ آنکہ صاحب مجمع البحار کہ
مستند ایں طائفہ است ونزد ایں طائفہ
در ائمہ محققین و اجلہ فقہاء و محدثین
داخل در خاتمہ مجمع البحار فرمودہ۔
تم بحمد الله و تيسيره
الثلث الاخير من مجمع بحارا
لانوار في غرائب التنزيل و
لطائف الاخبار في الليلة
الثانية عشر من شهر السرور
والبهجة مظهر منبع الانوار و
الرحمة شهر ربيع الاول فانه
شهر امرنا باظهار السرور
وفيه كل عام الىٰ آخره۔
واگر بریں تسلی نیاید تا کلام ابن
الحاج مستند خود مطالعہ نماید کہ باشارہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فضیلت
شہر مبارک واولویت زیادت اعمال
ذاکیات دراں تحقیق می فرماید۔

اور اظہار سرور کا حال صاحب مجمع
البحار نے خاتمہ میں تحریر فرمایا ہے
موصوف اس گروہ کے مستند اور اس
کے نزدیک ائمۂ محققین واجلۂ فقہا و
محدثین میں داخل ہیں۔فرماتے ہیں:
"اللہ کی حمد اور اس کی فراہم
کردہ آسانی کے سبب "مجمع البحار کا
تہائی آخری حصہ مکمل ہو گیا ۔
رحمت و انوار کے سرچشمہ کا مظہر،
مسرت ورونق کا مہینہ ماہ ربیع الاول
کی بارہویں شب میں کیونکہ یہی وہ
مہینہ ہے جس میں ہر سال ہمیں
اظہار شادمانی کا حکم دیا گیا ہے۔الخ
اگر اس سے تسلی نہ ہو تو
اپنے مستند ابن الحاج کے کلام کا
مطالعہ کرے جنہوں نے آں
حضرت ﷺ کے اشارے سے
شہر مبارک کی فضیلت اور اس میں
نیک اعمال کی زیادتی کی برتری کو
محقق فرمایا ہے۔

باقیماند طعن برلفظ بدعت باینکہ
آنحضرات براں مستحسنات در کتب
شرعیہ اطلاق محدث و بدعت می نمایند
وصراحۃً بدعت بمعنی شرعی را تقسیم می
فرمایند پس ایں اعتراض و اشکال
مغالطۂ جہال ست۔
حلّش اینکہ مرادشان از بدعت
کہ آنرا مورد تقسیم ساختہ اند و براں ہم
اطلاق معنی شرعی پرداختہ اند امری
ست کہ بخصوصہ سنت آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نباشد وقول و فعل
آنجناب از ان ساکت باشد خواہ
مزاحم ومخالف سنت ومغیر ومنافی کدامی
طریقہ محدودہ آنحضرت ﷺ باشد
خواہ موافق قواعد عامہ شریعت و
بالاجمال حکماً داخل سنت و ثابت
باشارہ احادیث صریحہ جناب شفیع
امت ﷺ باشد کہ آنحضرات این
معنی عام راہم معنی شرعی فرمودہ اند

رہ گئی بات لفظِ بدعت پر چھینٹا کشی
کی۔ اور وہ یوں کہ وہ حضرات اُن
مستحسنات کو شرعی کتابوں میں محدث
و بدعت کہتے ہیں اور صراحۃً بدعت
بمعنیٔ شرعی کی تقسیم کرتے ہیں تو یہ
اعتراض جاہلوں کا مغالطہ ہے جس کا
حل یہ ہے کہ اُن حضرات نے جس
بدعت کو موردِ تقسیم بنایا ہے اور
جس پر معنیٔ شرعی کا اطلاق بھی کیا
ہے اُس سے مراد وہ امر ہے جو اپنی
خصوصیت کے ساتھ حضور اکرم
ﷺ کی سنت نہ ہو اور ان کا قول و
فعل اس سے خاموش ہو خواہ سنت
کے مخالف ہو اور حضور ﷺ کے
کسی محدود طریقہ کا مغیّر و منافی ہو
خواہ شریعت کے عام اصول کے
موافق اور اجمالی طور پر حکماً داخلِ
سنت اور شفیع امت ﷺ کی صریح
حدیثوں کے اشارہ سے ثابت ہو۔
اس عام معنی کو بھی معنیٔ شرعی کہا ہے۔

تقسیم آں نمودہ اند۔
ملا علی قاری علیہ الرحمہ در شرح
موطا امام محمد فرمودہ۔
اصل البدعۃ ما احدث
علی غیر مثال سابق ویطلق
فی الشرع علی ما یقابل
السنۃ ای مالم یکن فی عھدہ
صلی اللہ علیہ وسلم ثم
ینقسم الی الاحکام الخمسۃ
کذا ذکرہ الحافظ السیوطی۔
مؤیدات ایں معروف و مشہور
قدری ازاں در دیگر رسایل منقول و
مسطور اما اینجا اختصار منظور ست۔
ووجہ تقسیم بدعت و اطلاق معنی
شرعی بریں معنی چند امر ست۔
اولاً کہ لفظ بدعت بمعنی لغوی
شامل کل ما احدث من غیر
سابق ست ولفظ سنت بمعنی لغوی
شامل ہر طریقہ ہر کس ست

اور اس کی تقسیم فرمائی ہے ملا علی قاری
علیہ الرحمہ شرح مؤطا میں فرماتے ہیں۔
"اصل بدعت وہ نو پید چیز ہے
جس کی ماضی میں کوئی مثال نہ ہو
شریعت میں اس کا اطلاق سنت کے
مقابل یعنی اس امر پر ہوتا ہے جو
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد
مسعود میں موجود نہ ہو۔ پھر اس کی
تقسیم احکام خمسہ کی طرف ہوتی ہے۔
حافظ جلال الدین سیوطی نے یونہی
ذکر فرمایا ہے۔"
اس امر کی تائیدیں مشہور و
معروف ہیں اور کچھ دیگر رسائل
میں منقول لیکن یہاں اختصار پیش
نظر ہے۔
بدعت کی تقسیم اور اس، معنیٔ
شرعی کے اطلاق کی چند وجہیں ہیں۔
اولاً لفظ بدعت لغوی معنی کے اعتبار
سے لاعلیٰ مثال سبق ہر نو پید چیز پر
مشتمل ہے۔ یونہی سنت لغوی معنی

اما ہر گاہ در عرف شرع سنت اصالۃ اسم
خاص برای قول و فعل و تقریر آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم شدہ است و اطلاق
بدعت براں نیامدہ است و بدعت
مقابل سنت ست۔

پس ایں معنیٰ خاص یعنی ہر چیز
یکہ بالخصوص سنت آنحضرت ﷺ
نباشد البتہ معنیٰ لغوی لفظ بدعت نمی تواند
شد صرف اصطلاح اہل شرع ست۔

دوم آنکہ از صحابہ کرام اطلاق
لفظ بدعت بر محدثات خود شاں ثابت
است باوجودیکہ گاہی بر سنت
آنحضرت اطلاق بدعت نفرمودہ
اند پس البتہ ایں اطلاق بدون تقسیم
بسوی حسنہ و سیئہ درست نمی۔
تواند شد قطع نظر ازینہمہ نزاع
منازعان در استعمال آں و اطلاق معنیٰ شرعی

کے اعتبار سے ہر شخص کے ہر طریقہ
کو عام ہے لیکن اصطلاح شریعت
میں سنت اصلاً نام ہے آنحضرت
ﷺ کے قول، فعل اور تقریر کا۔ اُن پر
بدعت کا اطلاق وارد نہیں ہے۔

بدعت سنت کا مقابل ہے۔ اس
خاص معنی کے اعتبار سے صرف
اصطلاح شریعت میں ہر وہ چیز
بدعت ہے جو خاص آنحضرت
ﷺ کی سنت نہ ہو البتہ لغوی معنی
کے اعتبار سے بدعت نہیں ہے۔

ثانیاً صحابۂ کرام سے خود
اپنی ایجادات پر بدعت کا اطلاق
ثابت ہے جبکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم
کی سنت پر کبھی بھی بدعت کا اطلاق
نہیں فرمایا بلاشبہ یہ اطلاق بدعت کو
حسنہ اور سیئہ کی طرف منقسم کئے بغیر
صحیح نہیں ہوسکتا۔

ان تمام باتوں سے قطع
نظر کرتے ہوئے لفظِ بدعت کے

برآں نزاع لفظی ست لو فرضنا کہ ایں
معنی معنی لغوی ست و معنی شرعی
اصطلاحی منحصر در خصوص آں معنی ست
کہ جز بر بدعت سیئہ صادق نشود۔

اما ایں از کجا کہ بر مستحسنات ائمہ
دین باوجود عدم مزاحمت کدامی سنت و
باوجود دخول در مندوبات شریعت
بالاجمال حکم ضلالت لازم گردانیدہ آید
اطلاق بدعت بران بمعنی دیگر است
ولزوم کلیت ضلالت برای معنی دیگر۔

حاصل آنکہ میان معنی لغوی
واصطلاحی تفرقہ ساختن و تعدد
اصطلاحات را پس پشت انداختن و بہ
تحقیق و تطبیق چنانکہ ائمہ دین
فرمودہ اند نہ پرداختن و بے باکانہ
علم طعن بر ائمۂ اعلام افراختن

استعمال اور اس پر معنیٔ شرعی کے
اطلاق کے بارے میں جو نزاع ہے
وہ لفظی ہے۔ اگر ہم مان بھی لیں کہ
بدعت کا یہ لغوی معنی ہے۔ شرعی
اصطلاحی معنی اسی خصوص میں منحصر
ہے جس پر صرف بدعت سیۂ کا
صدق ہوتا ہے لیکن ائمۂ دین کے
اُن مستحسنات پر گمراہی کا حکم کہاں
سے لازم کردیا گیا جو اجمالی طور پر
شریعت کے مستحبات میں داخل بھی
ہیں اور کسی سنت سے متصادم بھی
نہیں۔ ان مستحسنات پر بدعت کا
اطلاق ایک معنی کے اعتبار سے ہے
اور ہر بدعت کے لئے ضلالت کا
لزوم، دوسرے معنی کے اعتبار سے۔

حاصل گفتگو یہ ہے کہ لغوی
و اصطلاحی معنی میں تفرقہ ڈالنا اور
تعدّدِ اصطلاحات کو پس پشت رکھنا
اور ائمۂ دین کی تحقیق و تطبیق میں غور
وفکر نہ کرنا اور ممتاز ائمہ کے خلاف

ہمان کیدی ست کہ شیطان لعین
خوارج وروافض ومعتزلہ وغیرہم را کہ
ماخذ بحدیث اندران گرفتار گردانیدہ
بقعر ضلالت رسانیدہ است۔

قولہ — وعند الاستقراء در
عبادات بدنیہ محضہ ہمچو صوم وصلوٰۃ و
تلاوت وامثال ذٰلک بدعت غیر سیئہ
یافتہ نمی شود الی آخرہ۔

اقول — منشاء ایں دعاوی
ہمان کج فہمی اقوال اکابر امت ست
البتہ امرے کہ در قواعد عامہ شریعت
مندرج نباشد از طرف خود در عبادات
داخل نمودن حسن نمی تواند شد اما آنچہ
بطور عموم از مندوبات شارع باشد اگر
بہ نیت برکت کدامی ہیئت خاص آن
کہ منافی ومغیر حدود متعینہ شریعت

طعن وتشنیع کا علم بلند کرنا وہی مکر ہے
جس میں گرفتار کر کے شیطان لعین
نے حدیث سے اخذ کرنے کا دعویٰ
کرنے والے روافض وخوارج اور
معتزلہ کو گمراہی کے گڈھے میں
پہونچا دیا ہے۔

قولہ ”تلاش وجستجو کے وقت
نماز، روزہ، تلاوت، جیسی عبادات
بدنیہ محضہ میں سوائے بدعتِ سیئہ کے
دوسری بدعت نہیں پائی جاتی۔الخ“

اقول - ان دعووں کا سرچشمہ
اکابر امت کے اقوال کو نہ سمجھ پانا
ہے یقیناً عبادات میں اپنی طرف
سے ایسے امر کو داخل کر دینا جو
شریعت کے عام قواعد کے تحت
مندرج نہ ہوں مستحسن نہیں ہوسکتا،
رہ گیا وہ امر جو بطور عموم شارع کے
مستحبات سے ہو اگر بہ نیت برکت
کسی ایسی خاص ہیئت کے ساتھ جو
شریعت کے معیّن حدود کا مغیر اور

نباشد بعمل آوردہ شود البتہ در عبادات
بدنیہ ہم اطلاق بدعت حسنہ موافق
تصریحات استعمالات ایمہ دین بران
نمودہ خواہد شد۔

اینجا کہ نظر بر اختصار ست بر
نقل عبارت کتاب تنبیہ السفیہ کہ رد
مجتہد روافض ست اکتفاء میرود
جائیکہ مجتہد مذکور در کتاب صوارم الزام
بدعت بر صاحب تحفہ وغیرہ نہادہ
صاحب تنبیہ السفیہ جوابش بدین
عبارت دادہ۔

اگر مراد از بدعت بدعت حسنہ
است فنعم ومرحبا وہیچ کس از فرق
اسلامیہ اینقسم بدعت را مذموم نمی
شمارد واگر مراد بدعت سیئہ است پس
لانسلم کہ ازیں عبارت مفہوم شود چہ

منافی نہ ہو اسے عمل میں لایا جائے تو
یقیناً ائمہ دین کے استعمال اور
تصریحات کے مطابق عباداتِ
بدنیہ میں بھی بدعت حسنہ کا اطلاق کیا
جائے گا۔

یہاں چونکہ اختصار پر نظر
ہے اس لئے روافض کے مجتہد کی
کتاب کا رد کتاب ”تنبیہ السفیہ“
کی عبارت نقل کرنے پر اکتفا کرتا
ہوں۔ مجتہد مذکور نے جس جگہ
کتاب صوارم میں صاحب تحفہ
وغیرہ پر بدعت کا الزام لگایا ہے۔
”صاحب تنبیہ السفیہ نے اس
عبارت سے اس کا جواب دیا ہے۔

”اگر بدعت سے مراد
بدعتِ حسنہ ہے تو بڑی اچھی بات
ہے، اسلامی فرقوں کی کوئی شخصیت
بدعت کی اس قسم کو مذموم شمار نہیں
کرتی اور اگر مراد بدعتِ سیئہ ہے تو
ہمیں تسلیم نہیں کہ وہ اس عبارت کا
مفہوم ہے اس لئے کہ بہت ساری

بسیا رخیر ہا در عہد سلف نبود مثل بناء
مدارس وقناطر وتدوین کتب وعلوم کہ
خلف صالح پیدا کردہ اندو در طریقۂ
زہد و عبادات و مجاہدات و اشغال
اختراع بسیار واقع شدہ واصلا جاے
ملامت وعتاب نیست۔

قال الله تعالیٰ ورهبانية
ابتدعوها ما كتبنا ها عليهم
الا ابتغاء رضوان الله الى
آخره ۔ومؤیدات ایں امر عنقریب
می آیند ازیں مقام ظاہرست کہ نجدیہ
مخالفت تمام فرق اسلامیہ نمودہ اند۔

قولہ۔فقیر میگویم کہ انچہ در قولِ
علماء تقسیم بدعت بسوئے حسنہ و سیئہ
یافتہ می شود وکلیہ کل بدعۃ ضلالۃ محمول بر
بدعت سیئہ شدہ مبنی بر غفلتی ست کہ در

چیزیں عہد سلف میں نہیں تھیں مثلاً
مدارس کی تعمیر پلوں کی تعمیر، کتابوں
اور علوم کی تدوین جو خلف صالح کی
پیدا کردہ ہیں ۔ زہد ، عبادات،
مجاہدات،اور وظائف کے طریقوں
میں بہت ساری ایجادات ہوئی ہیں
جو کسی طرح عتاب وملامت کے محل
نہیں ۔ارشاد ربانی ہے اللہ تعالیٰ کی
خوشنودی کی خاطر انہوں نے
رہبانیت خود ایجاد کر لی ہم نے ان
پر فرض نہیں کیا الخ

اس امر کی تائیدات
عنقریب آرہی ہیں۔اسی مقام سے
ظاہر ہے کہ نجدیوں نے تمام اسلامی
فرقوں کی مخالفت کی ہے۔

قولہ ’’فقیر کہتا ہے علماء
کے قول میں،سیئہ اور حسنہ کی طرف
بدعت کی جو تقسیم پائی جاتی ہے اور
’’کل بدعۃٍ ضلالۃ‘‘ کے
کلیہ کو بدعتِ سیئہ پر محمول کیا جاتا

تعریف وتشخیص بدعت رودادہ الی قولہ
ازین سوراندہ وزان سو ماندہ بنا بر
احتیاج رفع تناقض بصورت تلفیق و
تطبیق بظن خود کہ ان الظن لا
یغنی من الحق شیئا قسمت
بدعت بحسنہ وسیئہ کردند وضلالت ہر
بدعت را حمل بر سیئہ نمودند چوں رشتۂ
تقلید عقد الجید ہر کہ ومہ است ہر کہ آمد
تعمق نظر بہ تحقیق وتنقیح زائد نکردہ بر
قول منقول بلا امعان جمود نمود رفتہ
رفتہ ایں داء عضال ہمہ را فرا گرفت
الی آخرہ۔

اقول۔اللہ اللہ ایں چہ حماقت
است و چہ سفاہت دریں قول اشعار
بلکہ تصریح است باینکہ از عہد
صحابۂ کرام تا ہزار دوم کہ ہزار
ان ہزار محققین وفقہاء محدثین
بر بسیاری از امور باوجود اطلاق

ہے اس کا مدار اس غفلت پر ہے جو
بدعت کی تعریف و تشخیص میں
پیدا ہوگئی ہے۔الی قولہ۔ادھر
سے بھگایا تو ادھر چلے گئے اپنے
گمان میں رفع تناقض کی ضرورت
کی صورت میں بدعت کو حسنہ اور
سیئہ میں تقسیم کر ڈالا اور ہر بدعت کی
گمراہی کو سیئہ پر محمول کر دیا، چونکہ
تقلید کا رشتہ ہر چھوٹے بڑے کی
گردن کا ھار بنا ہوا ہے جو بھی آیا
اس نے تحقیق و تنقیح پر کوئی زیادہ
گہری نظر نہیں ڈالی بلکہ قول منقول
پر بلا دقّتِ نظر جمے رہے اور رفتہ
رفتہ اس لا علاج بیماری نے سب کو
اپنی چپیٹ میں لے لیا۔

اقول۔ اللہ اللہ ۔ یہ کیا
حماقت ہے؟ کیسی بے وقوفی ہے؟۔
اس قول میں اشارہ نہیں بلکہ اس
بات کی صراحت ہے کہ صحابۂ کرام
کے عہد سے لیکر ہزار دوم تک جن
ہزاروں ہزار محققین ، فقہاء اور

بدعت حکم استحسان فرمودہ اند و تقسیم بدعت بسوی حسنہ و سیئہ و حمل کلیہ حکم ضلالت بر کل بدعۃ سیئہ نمودند معاذ اللہ آں ہمہ ائمۂ دین در داء عضال جہل گرفتار بودند پس ایں سخنی ست کہ بالبداہۃ بر جہالت صاحب رسالہ شہادت میدہد و ہمیں سخن لغویت بیان صاحب رسالہ بجلوۂ ظہور می نہد۔

محدثین نے جن کثیر امور پر بدعت کے اطلاق کے باوجود استحسان کا حکم لگایا ہے اور بدعت کی تقسیم حسنہ اور سیئہ کی طرف کی ہے اور ''کل بدعة ضلالة'' کے کلیہ کو بدعت سیئہ پر محمول کیا ہے وہ سب معاذ اللہ جہالت کی لاعلاج بیماری میں گرفتار تھے یہ تو ایسی بات ہے جو بداہۃً صاحب رسالہ کی جہالت پر شہادت دیتی ہے اور یہی ایک بات صاحب رسالہ کے بیان کی لغویت کو اجاگر بھی کرتی ہے۔

قولہ۔ ہمیں تنہا حضرت مجدد در ہزار دوم بشناعت ایں قسمت و تفریق متنبہ و ملہم شدہ تردید تقسیم بدعت نمودا ند الی قولہ بعد آنجناب علمائے دیگر موفق بایں ادراک شدہ ضلالت ہر بدعت باثبات رسانیدند الی آخرہ۔

قولہ۔ تنہا یہی حضرتِ مجدد ہزار دوم میں اس تقسیم و تفریق کی شناعت پر آگاہ ہوئے اور بطور الہام بدعت کی تقسیم کا رد فرمایا۔ الی قولہ۔ آں جناب کے بعد دوسرے علماء کو بھی یہ سمجھنے کی توفیق ملی اور ہر بدعت کی گمرہی کو پایۂ ثبوت تک پہونچا دیا الخ۔

اقول۔ اولاً ملہم شدن شیخی تنہا در ہزار دوم بہ تردید تقسیم امری بیک معنی مستلزم بطلان تقسیم آن امر بمعنی دیگر مقتضی فساد اثبات حسن بعض افرادش بآں معنی نیست چنانکہ ائمہ اخیار و مشائخ کبار آں شیخ نامدار در ہزار اول تصریح فرمودہ اند و نہ ایں الہام استلزام تضلیل و تجہیل آن ائمہ اعلام و شیوخ اسلام دارد تا کہ مذہب اسماعیلیہ وہابیہ بثبوت رسد۔

ثانیاً۔ قطع نظر از تصریحات ائمہ دین کہ در ہزار اول گذشتہ اند و بموجب قول صاحب رسالہ در مرض جہل گرفتار بودہ اند بسیاری از امور را کہ کتاب و سنت از آنہا بہیئت مخصوصہ کذائیہ ساکت ست و از قول و فعل آنحضرت ﷺ ماثور

اقول۔ اولاً۔ ہزار دوم میں ایک شیخ پر ایک معنی کے اعتبار سے ایک امر کی تقسیم کی تردید کا الہام، نہ تو دوسرے معنی کے اعتبار سے اسی امر کی تقسیم کے بطلان کو مستلزم ہے نہ ہی اس کے فساد کا مقتضی اور نہ ہی یہ الہام سرکردہ ائمۂ کرام و شیوخ اسلام کی تضلیل و تجہیل کا موجب کہ مذہب اسماعیلیہ وہابیہ کو ثبوت ملے چنانچہ ائمۂ اخیار اور خود شیخ کے مشائخ کبار ہزار اول میں اس بات کی صراحت کر چکے ہیں کہ بدعت کے بعض افراد کے لئے حسن کا اثبات اُس معنی کی رو سے نہیں ہے جس کی رو سے تقسیم کی تردید ہے۔

ثانیاً۔ بقول صاحب رسالہ جہالت کی بیماری میں مبتلا ہزار اول میں گذرے ہوئے ائمۂ دین کی تصریحات سے صرف نظر کرتے ہوئے، ہزار دوم میں خود ہی نامور

نیستند باوجود ترک شارع در
ہزار دوم ہم ہمیں شیخ نامدار
ذی شان و دیگر اخلاف والا تبار
سلسلۂ ایشان استحسان و تجویز آں
فرمودہ اند پس استدلال بمکاتیب و
اقوال آن صاحب حال در حق
صاحب رسالہ و دیگران ازیں
طائفہ موجب وبال و نکال ست۔
ثالثاً مکیدت طائفہ نجدیہ باید
دید کہ دریجا از نافہمی خود برای تجہیل
کافہ علماء دین تا ہزارِ دوم استناد
بیک قول شیخ میکنند حالانکہ درہمیں
مجموعہ قنوجیہ تبراء شنیع و فضیح بمقتضای
الکنایۃ ابلغ من التصریح

اور ذیشان شیخ اور ان کے سلسلہ کے
دیگر اخلاف، ترکِ شارع کے باوجود
، بہت سارے ایسے امور کو جائز اور
مستحسن فرما چکے ہیں جن کی مخصوص
ہیئت کذائیہ سے کتاب و سنت
خاموش ہیں اور آنحضرت ﷺ کا ان
متعلق نہ فعل منقول ہے نہ قول۔
اسلئے صاحب رسالہ اور اس
جماعت کے دیگر افراد کا اُس صاحب
حال کے مکتوبات اور اقوال سے
استدلال کرنا باعث ذلت ورسوائی ہے۔
ثالثاً -نجدیوں کی مکاری قابل
دید ہے۔یہاں تو اپنی ناسمجھی کی بنیاد پر
، ہزارِ دوم تک کے تمام علماء دین کو
جاہل قرار دینے کی خاطر شیخ کے ایک
قول سے استدلال کر رہے ہیں جبکہ
اسی مجموعۂ قنوجیہ میں کنایۃً کہ
"الکنایۃ ابلغ عن التصریح"
اسی صاحب حال کے خلاف رسوا کن
اور مذموم تبرا بھی کر رہے ہیں۔

بحال آن صاحب حال عائد میگردانند
جائیکہ برادر بزرگ ایں خورد ہمچو گرگ
حملہ سترگ بر شیخ نمودہ و گفتہ۔
بعض از شارعان شریعت ایں
قوم اشارہ بالسبابہ راکہ باتفاق
احادیث و آثار متواترہ و اجماع ائمہ
اربعہ و صاحبین و جمیع فقہاء و محدثین
سنت ست حرام گفتہ اند الخ۔
قطع نظر از انکہ ادعاء ثبوت
سنیت رفع سبابہ باتفاق احادیث و
آثار متواترہ و اجماع جمیع فقہاء و
محدثین ثابت نگرد ایندہ باید دید کہ
چگونہ تشنیع شنیع تہمت تشریع در مسئلہ
خلافیہ بر شیخ لازم می نماید و ایشان را
منکر سنت متواترہ و مخالف اجماع جمیع
قرار می دہد پس صاحب رسالہ کہ
برائے تغلیط عوام نام الہام شیخ برائے

ایک مقام پر اس خورد کے برادر
بزرگ نے بھیڑیے کی طرح شیخ پر
زبردست حملہ کیا ہے کہ۔اور کہا ہے کہ۔
"اس قوم کے بعض شارعین
شریعت (مجدد الف ثانی علیہ الرحمہ) نے
شہادت کی انگلی سے اشارہ کرنا حرام
قرار دیا ہے جبکہ متواتر احادیث و
آثار کے اتفاق اور ائمہ اربعہ،
صاحبین اور تمام فقہاء و محدثین کے
اجماع کی بنیاد پر سنت ہے الخ"
قطع نظر اس سے کہ رفع
انگشت شہادت کی سنت کا دعوٰی متو
اتر احادیث و آثار کے اتفاق اور
تمام فقہاء و محدثین کے اجماع سے
ثابت نہیں کیا جا سکتا۔دیکھنے کی
بات یہ ہے کہ کس طرح ایک
اختلافی مسئلہ میں شیخ پر شریعت
سازی کی تہمت لگا رہا ہے اور سنت
متواترہ اور اجماع امت کا منکر قرار
دے رہا ہے۔عوام کو فریب دینے

اثبات تخطیه کافه علماء کرام تا ہزار دوم
بر زبان می آرد حالا بیان کند که
بموجب عقیدۂ وہابیہ شیخ را از کدام
فریق می پندارد۔

قولہ۔ اطلاقش ہیچ جا روی
تخصیص وتقیید ندیدہ الخ۔

اقول۔ ایں ادعاء غلط محض
ست قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم من ابتدع بدعة
ضلالة لا یرضاها الله و
رسوله کان علیه من الاثم
مثل اثام من عمل بها۔
درمرقاۃ گفته و قید البدعة
بالضلالة لا خراج البدعة
الحسنة کالمنارة کذا ذکره
ابن الملك الخ۔
در مجمع البحار بذیل بدعة ضلال
نوشته هو احتراز عن البدعة
الحسنة الخ۔

کیلئے اور ہزار دوم تک کے علماء کرام
کے خطا کار ثابت کرنے کیلئے تو
صاحب رسالہ شیخ کے الہام کا نام لیتا
ہے اب بتائے کہ وہ وہابیہ کے مطابق
شیخ کو کس فریق میں شمار کرتا ہے؟

قولہ۔ بدعت کے اطلاق
نے کہیں بھی تخصیص وتقیید کا رخ
نہیں دیکھا، الخ۔

اقول۔ یہ محض دعویٰ ہے۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ سلم نے ارشاد
فرمایا اللہ اور اسکے رسول کی رضا کے
خلاف جو شخص بدعت پر عمل پیرا
ہوں گے۔ مرقات میں فرمایا کہ
بدعت میں ضلالت کی قید بدعت
حسنہ کو خارج کرنے کیلئے ہے جیسے
کہ منارہ، ابن الملک نے ایسا ہی
ذکر کیا ہے۔
مجمع البحار میں بدعت
ضلال کے تحت مرقوم ہے قید ضلال
بدعت حسنہ سے احتراز ہے۔ الخ

محدث دہلوی دراشعۃ اللمعات
در شرح ایں حدیث فرمودہ بخلاف
بدعت حسنہ که دروی مصلحت دین و
تقویت وترویج آن باشد الخ۔

درمظاہر حق بذیل حدیث من
احدث فی امرنا ما لیس منه نوشته۔
اورلفظ "مالیس" میں اشارہ
ہی اس کی طرف کہ نکالنا اس چیز کا جو
مخالف کتاب وسنت کی نہو برا نہیں
الخ۔ وکفی بذلك حجة علی
المخالفین۔

قولہ۔ بعد اعتراف دربارۂ
امرے بہ بدعت بودن در پی تقسیم رفتن
بدان ماند که یکی گوید بول دو قسمت
پاک ومباح وحرام ونجس الخ۔

اقول جوش جہالت صاحب

محدث دہلوی علیہ الرحمہ نے
اشعۃ اللمعات میں اس حدیث کی
شرح کرتے ہوئے لکھا ہے کہ:۔
"بدعت حسنہ کے برخلاف کہ اس
میں دین کی مصلحت اور اس کی
ترویج وتقویت ہے"۔

"من احدث فی امر نا ما
لیس منه" کی حدیث کے تحت
مظاہر حق میں لکھا ہے کہ "اور لفظ
ما لیس میں اشارہ ہے اس کی
طرف کہ نکالنا اس چیز کا جو مخالف
کتاب وسنت کی نہ ہو برا نہیں۔ الخ۔
مخالفین کے خلاف حجت قائم
کرنے کیلئے یہی کافی ہے۔

قولہ۔ کسی امر کو بدعت مان
لینے کے بعد اس کی تقسیم ایسی ہی
ہوگی جیسے کوئی بولے کہ پیشاب کی
دو قسمیں ہیں ایک پاک اور مباح
دوسری حرام اور نجس"

اقول۔ صاحب رسالہ کا جوش

رسالہ و در کمال ترقی سنت در ہر قول
زائد از ماسبق داد نافہمی میدہد معہذا
ہر دم در میدان تجہیل و تضلیل ائمہ دین
قدم می نہد قطع نظر از ظہور سفاہت
دریں قول اشعار طعن و تبرا بر اصحاب
کبار حضرت سید المرسلین ﷺ ست۔
تفصیل ایں اجمال آنکہ از
روایات معتمدہ ثابت کہ صحابہ کرام
باوجود اعتراف بدعت بودن در بارۂ
بسیاری از امور در پے استحسان و مدح
آں رفتہ اند روافض از جہالت خود
در حق صحابہ کرام الفاظ ضلالت
التیام بر زبان می آرند و مدح آں
امور را باوجود اعتراف واطلاق
بدعت مخالفت حضرت شارع

جہالت کمال ترقی پر ہے، اور اپنے
ہر قول میں گذشتہ قول کی بہ نسبت
بڑھا چڑھا کر داد جہالت دے رہا
ہے۔ اس کے باوجود ائمہ دین کی
تجہیل و تضلیل کے میدان میں ہر دم
قدم رکھ رہا ہے ظاہری سفاہت
سے قطع نظر اس قول میں حضرت سید
المرسلین ﷺ کے اصحاب کبار پر
اشارۃً طعن و تبرا ہے۔
اس اجمال کی تفصیل یہ ہے کہ قابلِ
اعتماد روایات سے ثابت ہے کہ
صحابۂ کبار نے بہت سارے امور کو
بدعت مان لینے کے باوجود مستحسن
اور قابل مدح و ستائش قرار دیا ہے۔
روافض اپنی جہالت کی وجہ سے
صحابۂ کرام کے حق میں ضلالت
سے پر الفاظ زبان پر لاتے ہیں اور
بدعت مان لینے کے باوجود ان کی
طرف سے ان امور کی مدح کو
حضرت شارع کی مخالفت قرار

می شمارند ائمہ دین فرمودہ اند
کہ مدار قبح و ذم بر مزاحمت و تغییر
احکام کتاب و سنت ست نہ بر مجرد
تلفظ لفظ بدعت و ایں لفظ بدو معنیٰ
مستعمل ست و بیک معنیٰ منقسم ست
بسوی بدعت حسنہ و بدعت سیئہ پس
در تعبیر بدعت حسنہ و حکم بحسن امری
باوجود اعتراف بدعت بودنش ہیچ
جائے اعتراض نیست حالا صاحب
رسالہ میخواہد کہ باز ہماں وسوسۂ از
بیخ و بن برکندہ را رونق تازہ دہد و
فتنۂ افسردۂ خوابیدہ را بیدار ساختہ
بمنصۂ ظہور نہد بناءً علیہ در پردۂ
تجہیل آں ائمہ اعلام حقیقۃً قصد
تضلیل صحابہ کرام دارد کہ
ہیچو الفاظ شنیعہ تشنیع

دیتے ہیں۔ جبکہ ائمہ دین کا فرمان
ہے کہ بدعت کی قباحت اور
مذمومیت کا مدار لفظِ بدعت کا تلفظ
نہیں بلکہ اس کا کتاب و سنت کے
احکام کو بدلنا اور ان کے مزاحم ہونا
ہے۔ یہ لفظ دو معنوں میں مستعمل
ہے۔ ایک معنیٰ کے اعتبار سے حسنہ
اور سیئہ کی جانب منقسم ہے پس
بدعت حسنہ کی تعبیر میں اور کسی امر کو
بدعت مان لینے کے باوجود اس پر
حسن کا حکم لگانے میں اعتراض کی
کوئی گنجائش نہیں اب صاحب
رسالہ کی خواہش یہ ہے کہ اُن
وسوسوں کو جنہیں ماضی میں جڑ سے
اکھاڑ کر پھینک دیا گیا ہے رونق تازہ
بخشے اور سوئے ہوئے افسردہ فتنوں
کو بیدار کر کے منصۂ ظہور پر رکھے۔
اس بناء پر اُن سرکردہ ائمہ کی تجہیل
کے پردے میں درحقیقت مقصود
صحابۂ کرام کو گمراہ قرار دینا ہے اسی

برزبان می آرد حالا چندے اقوال علماء
دین نقل نمایم تا واضح گردد کہ تحقیق و
تقسیم آں ائمہ اعلام ہمہ صواب و
درست ست و اعتراض صاحب
رسالہ براں کرام محض مہمل و نامربوط
وست۔

امام بخاری علیہ الرحمہ در صحیح خود
روایت نمودہ کہ حضرت امیر المومنین
فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ در حق اہتمام
جماعت تراویح والتزام آں فرمودہ
نعمت البدعۃ ھذہ۔

شعرانی در کشف الغمہ آوردہ
کان ابوامامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ یقول
احدثتم قیام شھر رمضان
ولم یکتب علیکم فدو مواعلی
ما فعلتم ولا تترکوہ فان اللہ

لئے اس طرح کے الفاظ شنیعہ کو
زبان پر لا رہا ہے۔
اب میں علماء کرام کے چند اقوال
نقل کر رہا ہوں جن سے واضح ہو جائیگا
کہ اُن ائمہ اعلام کی ساری تحقیق و تقسیم
صواب و درست ہے، اور ان معزز
حضرات پر صاحب رسالہ کا اعتراض
محض مہمل نامربوط اور سست ہے۔

حضرت امام بخاری علیہ الرحمہ
نے اپنی صحیح میں روایت کی ہے کہ
حضرت امیر المؤمنین فاروق اعظم
رضی اللہ عنہ نے تراویح کی جماعت
کے اہتمام والتزام کے سلسلہ میں
فرمایا تھا ”یہ کتنی اچھی بدعت ہے“۔

امام شعرانی نے کشف الغمہ میں نقل
کیا ہے۔
حضرت ابو امامہ باہلی فرمایا
کرتے تھے ماہِ رمضان کا قیام
تمہاری ایجاد ہے تم پر فرض نہیں تو
اپنے عمل پر قائم رہو اور ترک نہ کرو

تعالی عاتب بنی اسرائیل فی
قوله و رهبانية ابتدعوها ما
كتبناها عليهم الا ابتغاء
رضوان الله الخ۔

وحضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ در حق صلوۃ
ضحیٰ فرمودہ نعمت البدعة هذه و
نیز فرمودہ ما ابتدع المسلمون
افضل من صلوة الضحیٰ هكذا
فی فتح الباری وغیرہ۔

امام عینی در شرح صحیح بخاری
شریف بذیل شرح قول حضرت
امیر المومنین ص فرمودہ :
انما دعاها بدعة لان
رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم لم یسنها
لهم و لا كانت فی زمن ابی
بکر الصدیق رضی اللہ عنہ

کیوں کہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل
کو اپنے اس قول میں پھٹکارا ہے۔
خدا کی خوشنودی کی خاطر رہبانیت
انہوں نے ایجاد کر لی ہم نے ان
پر فرض نہیں کیا۔ پھر اس کی کما حقہٗ
رعایت نہیں کی۔ حضرت ابن عمر نے
چاشت کے تعلق سے فرمایا کہ:
”یہ کتنی اچھی بدعت ہے“
نیز فرمایا۔ ”مسلمانوں نے نماز
چاشت سے بہتر کسی امر کی ایجاد
نہیں کی۔“ فتح الباری وغیرہ میں
ایسا ہی ہے۔

امام عینی صحیح بخاری شریف
کی شرح میں حضرت امیر المومنین
رضی اللہ عنہ کے قول کی شرح کرتے
ہوئے فرماتے ہیں۔
”جماعتِ تراویح کے
اہتمام والتزام کو اس لئے بدعت کہا کہ
یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت نہیں رہی
نہ ہی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ
کے زمانہ میں اس کا رواج رہا۔ اور

ورغب فيها لقوله نعم ليدل
على فضلها ولئلا يمنع هذا
اللقب من فعلها والبدعة فی
الاصل احداث امر لم يكن فی
زمن رسول الله صلی الله
عليه وسلم ثم البدعة علی
نوعين ان كانت تندرج تحت
مستحسن فی الشرع فهی
بدعة حسنة الخ۔

وامام قسطلانی فرموده سما ها
بدعة لانه صلی الله عليه
وسلم لم يسن لهم الاجتماع لها
ولاكانت فی زمن الصديق
رضی الله عنه وهی خمسة واجبة
ومندوبة و محرمة و مكروهة
و مباحة وحديث كل بدعة
ضلالة من العام المخصوص

"نعم" کہہ کے اس کی طرف
رغبت کا اظہار کیا تاکہ اس کی
فضیلت پر دلالت ہو اور بدعت کا
لقب اس کی ادائیگی سے روک نہ
دے۔ بدعت اصل میں ایسے امر کی
ایجاد کو کہتے ہیں جو رسول اللہ ﷺ
کے زمانے میں نہ رہا ہو۔ پھر بدعت
کی دو قسمیں ہیں۔ اگر بدعت، عند
الشرع کسی مستحسن امر کے تحت
مندرج ہو تو وہ بدعت حسنہ ہے۔

امام قسطلانی نے فرمایا ہے:
"سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے
اس کا نام بدعت رکھا کیونکہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی
جماعت کو ان کے لئے مسنون نہیں
قرار دیا اور نہ ہی یہ جماعت صدیق
اکبر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں رہی۔
بدعت کی پانچ قسمیں ہے۔ واجب،
مستحب، حرام، مکروہ اور مباح اور
"کل بدعة ضلالة" والی
حدیث عام مخصوص عنہ البعض ہے۔

وقد رغب عمر رضی الله عنه فيها بقوله
نعمة البدعة وهی كلمة تجمع
المحاسن كلها الخ۔

در مجمع البحار گفته فی حديث
عمر رضی الله عنه فی قيام رمضان نعمت
البدعة هی نوعان بدعة هدی
و بدعة ضلالة فمن الاول
ماكان تحت عموم ما ندب
الشارع اليه و حض عليه فلا
يذم لو عدالاجر عليه
بحديث من سن سنة حسنة
و فی ضده من سن سنة
سيئة ومن الثانی ماكان
بخلاف ما امر به فيذم و ينكر
عليه والتراويح من الاول

حضرت عمر رضی اللہ نے اپنے قول نعم
کے ذریعہ رغبت دلائی ہے۔ نعم وہ
کلمہ ہے جو تمام محاسن کا جامع ہے۔
صاحب مجمع البحار کہتے ہیں۔
"رمضان کی نماز کے تعلق سے
حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہ حدیث
میں "نعمت البدعة" وارد ہے۔
بدعت دو طرح کی ہوتی ہے۔
بدعت ہدیٰ اور بدعت ضلال۔
شارع نے جس امر پر برانگیختہ کیا
ہوا اور اسے مستحب قرار دیا ہو اگر
بدعت ایسے کسی امر میں مندرج ہو تو
بدعت ھدیٰ ہے چونکہ "مَنْ سَنَّ
سُنَّةً حسنةً" کی حدیث میں
اس پر اجر کا وعدہ ہے اس لئے اسے
مذموم و منکر نہیں کہا جائیگا۔ اور اسکی
ضد میں "من سن سنة
سيئة" مروی ہے۔ اور اگر
بدعت کسی امر شرعی کے خلاف
ہو تو وہ مذموم و منکر ہوگی۔
تراویح بدعت ھدیٰ میں ہے۔

لانـــــه صلى الله عليه وسلم لـم يسـن لهـم
الاجتماع و انما صلا ها ليالى
ثم تـركهـا و لا كـانت فى زمن
الـصـديق وهى على الحقيقة
سنه لحديث عليكم بسنتى و
سنة الـخـلـفـاء الراشدين و
اقتـدو ا بـالـذين بعدى و على
الآخر يحمل حديث كل بدعة
ضلالة الخ۔

درسیرت شامی از امام ابوشامه
آورده۔

قال عمر رضی اللہ عنہ نـعـمـت البدعة
يعنى انها محدثة لم تكن و اذا
كانت فليس فيها رد لمامضى
فـالبـدع الـحسـنة متفق على
جواز فعلها والاستحباب لها
ورجـــــــاء الثـــــواب

کیونکہ تراویح کے لئے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت
مسنون نہیں فرمایا۔ کچھ ہی راتیں
پڑھ کے پھر اسے چھوڑ دیا۔ عہد
صدیق اکبر رضی اللہ عنہ میں بھی یہ
نہیں تھی اور درحقیقت یہ مسنون ہے
کیونکہ حدیث میں آیا ہے۔ میری
اور خلفاء راشدین کی سنت تم پر لازم
ہے۔ نیز فرمایا۔ میرے بعد والوں
کی پیروی کرو "کـــل بـــدعة
ضـــلالة" والی الحدیث بدعتِ
سئیہ پر محمول ہے الخ

سیرت شامی میں امام ابوشامہ سے
منقول ہے:

"فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے
ارشاد فرمایا یہ کتنی اچھی بدعت ہے۔
یعنی یہ نوپید ہے پہلے نہیں تھی۔ اس
میں ماسبق کا رد نہیں ہے۔ اسلئے کہ
بدعتِ حسنہ کا جواز واستحباب متفق
علیہ ہے نیت اچھی ہوتو ثواب کی

لـمـن حسـنـت نيته فيها وهى
كـل مبتـدع مـوافـق لـقـواعد
الشـريـعة غيـر مخالف لشئى
منها و لا يلزم من فعله محذور
شرعى الخ۔

قولہ- بدعت آنست کہ بعد
قرون ثلثہ مشہود لہا بوجود آمدہ واصلش از
کتاب وسنت معلوم نشد وسندش بہ ثبوت
نہ پیوستہ چہ ظاہر و چہ خفی چہ ملفوظ و چہ
مستنبط الخ۔

اقول در ینجا چند امور ملاحظہ
باید نمود۔

اول اینکہ در ماسبق در تعریف بدعت
صرف قید بعدیت صحابہ اعتبار داشتہ بود
در ینجا قید بعدیت قرون ثلثہ افزود۔

دوم آنکہ حسب این تعریف
چیزیکہ بعد قرون ثلثہ بوجود
آمدہ اما ائمہ دین اذن شارع گو

توقع ہے اور بدعت حسنہ ہر اُس
نوپید چیز کو کہتے ہیں جو قواعد شریعت
کے موافق ہو ان میں سے کسی کے
خلاف نہ ہو اور نہ ہی اس کے کرنے سے
کسی محذور شرعی کا ارتکاب لازم آتا ہو۔

قولہ بدعت اسے کہتے ہیں
جو قرون ثلثہ مشہود لہا کے بعد وجود
میں آئی ہو اور اس کی اصل کتاب و
سنت سے معلوم نہ ہوئی ہو اور اس کی
سند پایۂ ثبوت کو نہ پہونچی ہو۔ نہ
ظاہر نہ خفی۔ نہ ملفوظ نہ مستنبط۔

اقول- یہاں چند باتیں ملاحظہ
فرمائیے۔

(۱) ماسبق میں بدعت کی تعریف
میں صرف بعدیت صحابۂ کرام کی قید
معتبر تھی یہاں بعدیت قرونِ ثلثہ کی
قید بڑھادی گئی ہے۔

(۲) اس تعریف کے پیش نظر جو چیز
قرون ثلثہ کے بعد وجود میں آئی ہو
لیکن اس کے تعلق سے شارع کا

اشارۃً ہم باشد و سند استحسان گو خفی و
مستنبط باشد ثابت فرمودہ باشند آنرا
شرعاً بدعت و ضلالت نہ توان گفت
پس اکثر دعاوی صاحب رسالہ دہم
مشربانش نیست و نابود شدند۔

سیوم بر تقدیر اخذ قید بعدیت
قرون ثلٰثہ در مفہوم بدعت ضلالت
حسب ایں تعریف چیزیکہ در قرون
ثلٰثہ بوجود آمدہ باشد اما اصلش از
کتاب وسنت نہ باشد بلکہ مزاحم
کتاب و سنت باشد آں را بدعت
ضلالت نہ تواں گفت حالانکہ وجود و
ظہور ضلالت خروج و رفض و قدر در
قرون ثلاثہ بلکہ در قرن اول و زمان
صحابہ کرام ابودہ است و بالا تفاق
عقائد ایں ہمہ شرعاً داخل بدعت
ضلالت انداز ینجا مقترح میگردد
کہ اعتبار تحدید زمانی در بدعت
چنانکہ نجدیہ میکنند لغو و مہمل

اذن خواہ اشارۃً سہی اور استحسان کی
سند خواہ خفی اور مستنبط سہی ائمۂ دین
نے ثابت فرمایا دیا ہو اس کو شرعاً
بدعت و ضلالت نہیں کہہ سکتے اس
بنیاد پر صاحبِ رسالہ اور ان کے ہم
مشرب لوگوں کے اکثر دعوے
نیست و نابود ہوگئے۔

(۳) مفہوم بدعت میں قرون ثلٰثہ
کی بعدیت کی قید لگانے کی تقدیر پر
جو چیز قرون ثلٰثہ میں وجود میں آئی
ہو اگرچہ اس کی اصل کتاب وسنت
میں نہ ہو بلکہ کتاب وسنت کے مزاحم
ہو اس کو بدعت و ضلالت نہیں کہہ
سکتے، حالانکہ خارجی، رافضی، قدری
کا وجود قرون ثلٰثہ بلکہ قرن اول و
زمانۂ صحابہ میں ہوا ہے اور بالاتفاق
ان کے عقائد شرعاً بدعت و ضلالت
ہیں۔ یہیں سے یہ بات کھل کر
سامنے آگئی کہ نجدیوں کی طرح
بدعت کے اندر زمانہ کی حد بندی لغو

ست صحیح ہماں است کہ جمہور محققین
علماء دین میگویند کہ ہر امریکہ مزاحم
کتاب وسنت باشد خواہ در قرون ثلٰثہ
بوجود آمدہ باشد یا بعد ازاں مذموم
ضلالت ست و ہر امر کہ مندرج مندوبات
شارع است واز مستحسنات ائمہ دین است
حسن و موجب برکت ست۔

قولہ — لہٰذا بعض گفتہ اند کہ منقسم
بحسنہ وسیئہ بدعت لغوی ست الخ۔

اقول — ذکر قول ایں بعض و
استناد بداں صاحب رسالہ راچہ مفید
سلّمنا کہ حسب ایں قول ایں بعض
بدعت بمعنی اصطلاحی شرعی جز سیئہ
نباشد اما ایں از کجا کہ حسب قول
ایں بعض مستحسنات ائمہ دین داخل
بدعات شرعیہ منحصرہ در ضلالت اند

اور بے فائدہ ہے صحیح وہی ہے جو
جمہور محققین اور علماء دین کہتے ہیں
کہ جو قرآن وسنت کے مزاحم ہو وہ
بدعت ضلالت ہے خواہ اس کا وجود
قرون ثلٰثہ میں ہوا ہو یا قرونِ ثلٰثہ
کے بعد رہے وہ امور جو شارع کے
مندوبات کے تحت مندرج اور
ائمۂ دین کے مستحسنات ہیں وہ حسن
اور موجب برکت ہیں۔

قولہ — اسی لئے بعض لوگوں
نے کہا ہے کہ بدعت حسنہ اور بدعتِ
سیئہ بدعتِ لغوی کے اقسام ہیں۔

اقول — اس بعض کا قول ذکر
کرنے اور اس سے استدلال
کرنے سے صاحبِ رسالہ کو کیا
فائدہ! ہم نے مانا کہ اس بعض کے
قول کی رو سے شرعی اصطلاحی معنی
میں بدعت صرف سیئہ ہوتی ہے مگر
اس قول کے بموجب ائمہ دین کے
مستحسنات ضلالت میں منحصر،

بسیارے از مستحسنات کہ وہابیہ
اسماعیلیہ بر قایلین آں حکم ضلالت
کردہ اندہ ومیکنند بموجب تصریح
ہمیں علماء ہم استحسان آں ثابت ست
قطع نظر از دیگر مسائل صاحب رسالہ
آنقدر چالاکی وبے باکی و جرأت و
سفا کی اختیار نمودہ کہ بے لحاظ عقل وفہم
برائے تائید مذہب خود سند ملا علی قاری
و ابن حجر مکی و حافظ عسقلانی و حاجی
رفیع الدین خاں مراد آبادی وغیرہم
می آرد حالانکہ ایں ہمہ حضرات را
بسبب تصریح استحسان ہمیں عمل مجلس
مولد جاہل وگمراہ می شمارد وپس تاچند
ورق کہ برائے تطویل رسالہ اقوال ایں
علماء متضمن ذم بدعت از نافہمی ذکر کردہ

بدعات شرعیہ میں کہاں سے داخل
ہوگئے؟ بہت سارے وہ مستحسنات
جن کے قائلین پر وہابیہ اسماعیلیہ
گمراہی کا حکم لگا چکے ہیں اور
لگا رہے ہیں انہیں علماء کی صراحت
سے ان کا استحسان ثابت ہے اور
مسائل کو جانے دیجئے۔ صاحب
رسالہ نے اس قدر چالاکی، بیباکی،
جرأت اور سفا کی اختیار کی ہے
اپنے مذہب کی تائید میں عقل وفہم کا
لحاظ کئے بغیر ملا علی قاری، ابن حجر مکی،
حافظ عسقلانی، حاجی رفیع الدین
خان مراد آبادی کی سند پیش کرتا ہے
حالانکہ اُن تمام حضرات کو اس بنیاد
پر جاہل و گمراہ سمجھتا ہے کہ ان
حضرات نے اس عملِ مجلسِ میلاد
کے مستحسن ہونے کی صراحت کردی
ہے۔ اسلئے رسالہ کو دراز کرنے کی
خاطر ناسمجھی میں بدعت کی مذمت پر
مشتمل ان علماء کے جو اقوال نقل

ہمہ خارج از مبحث ست کہ صاحب
رسالہ پئے مقصد ومطلب آنہانہ بردہ۔

قولہ۔ فصل اول در ادلۂ منع
انعقاد مجلس برائے عمل مولد الی قولہ از
سلف وخلف معتمد ومستند منقول نے الخ۔

اقول۔ ایں ادعاء محض فضول
است چہ استحسان انعقاد مجلس شریف
از اکابر دین و ائمہ معتمدین تا استاد
مستند صاحب رسالہ کہ لقب شان
بموجب شہادت آخر ہمیں رسالہ سند
العالمین فی العالمین ست ثابت و
منقول اطلاق بدعت بران بدان
معنی کہ مستلزم ضلالت باشد غیر صحیح
ست و بدان معنی کہ اطلاقِ بدعت
بران می تواں نمود خواہ آنرا

کئے گئے ہیں وہ سب بحث سے
خارج ہیں صاحبِ رسالہ ان کی مراد
تک نہیں پہونچ سکا ہے۔

قولہ۔ پہلی فصل مجلس میلاد
کے انعقاد کے ممنوع ہونے کی
دلیلوں کا بیان۔ الی قولہ۔
قابل اعتماد اور مستند سلف وخلف سے
منقول نہیں۔ الخ۔

اقول۔ یہ دعویٰ محض بے کار
ہے اس لئے کہ مجلس شریف کے
انعقاد کا استحسان، اکابر دین وائمۂ
معتمدین یہاں تک کہ صاحب
رسالہ کے اُس مستند استاذ سے بھی
ثابت ومنقول ہے۔ جن کا لقب اسی
رسالہ کے اخیر حصہ کی شہادت کے
بموجب ''سند العالمین فی العالمین''
ہے اور اس پر بدعت کا اطلاق اس
معنی کر کہ وہ مستلزم ضلالت ہے صحیح
نہیں اور جس معنی کی رو سے اُس پر
بدعت کا اطلاق ہو سکتا ہے خواہ اسے

معنی شرعی گفته آید یا لغوی بهر تقدیر حکم
لزوم ضلالت بر آن محض باطل و قبیح
است۔

قولہ- اول کسیکه ایں عمل
ایجاد کرد شیخ عمر بن محمد ست که ہیچکی از
مشائخ و صوفیه وعلمائے کرام اورا نمی
شناسد و در ہیچ کتاب از و استناد مروی
نیست الخ۔

اقول- در کتاب سیرت شامی
ہم که مستند اکابر صاحب رسالہ معروف
ومشہور ست مذکور و مسطور ست۔

وكان اول من فعل
بالموصل عمر ابن محمد الملا
احد الصالحين المشهورين و
به اقتدى في ذلك صاحب
اربل وغيره الخ

پس ازیں عبارت شهادت
صلاحیت وشہرت حضرت شیخ قدس سرہ

معنیٰ شرعی کہا جائے یا لغوی بہ ہر
تقدیر اس پر لزوم ضلالت کا حکم باطل
وقبیح ہے۔

قولہ- پہلا وہ شخص جس نے
اس عمل کی ایجاد کی شیخ عمر ابن محمد ہے
جسے مشائخ، صوفیاء اور علماء کرام میں
سے کوئی بھی نہیں پہچانتا نہ ہی کسی
کتاب میں اس سے استناد مروی
ہے۔الخ

اقول مشہور و معروف
کتاب سیرتِ شامی جو صاحب
رسالہ کے اکابر کے نزدیک بھی مستند
ہے اس میں مذکور ہے:

"پہلے وہ شخص جس نے موصل میں
اس مجلس کا انعقاد کیا عمر ابن محمد ملا
ہیں جو مشہور صالحین میں ہیں۔ اس
سلسلہ میں انہی کی اقتدا شہنشاہِ اربل
نے کی ہے"۔

اس عبارت سے حضرت
شیخ قدس سرہٗ کی نکوکاری ان کی

واوّلیت فاعلیت ایں عمل وشہر موصل
نسبت باں شیخ اجل رضی اللہ عنہ ظاہر ست
پس بر جہالت خود نہ گریستن ودیگران
را بچشم بد نگریستن حماقت ست وبس و
ایں جملہ را یاد باید داشت کہ جا جا دریں
رسالہ و دیگر رسائل ایں طائفہ کار
آمدنی ست۔

قولہ- سبط ابن جوزی در
کتاب مرأت الزمان نوشتہ۔

حكى بعض من حضر في
بعض الموالد انه عد في ذلك
السماط خمسة آلاف غنم
شوی و عشرة الاف دجاجة
ومائة الف زبدية و ثلثين
الف صحن حلوىٰ وكان يعمل
للصوفية سماعا من الظهر
الى الفجر و يرقص بنفسه
وكان يصرف على المولد كل
سنة ثلثمائة الف دينا ر الىٰ قوله

شہرت، اس عمل میں اولیت،
شہر موصل کی طرف نسبت کی
شہادتیں ظاہر ہیں پھر اپنی جہالت پر
نہ رونا اور دوسروں کو نظر بد سے دیکھنا
نری حماقت ہے اس جملہ کو یاد رکھنا
چاہئے کیونکہ اس گروہ کے اس
رسالہ اور دوسرے رسائل میں کار
آمد ثابت ہوگی۔

قولہ: سبط ابن جوزی نے اپنی
کتاب مرارت الزمان میں لکھا ہے:

"بعض لوگوں نے بعض میلاد
میں شرکت کے بعد بتایا کہ اس نے
دستر خوان پر پانچ ہزار بھونی بکریاں،
دس ہزار مرغے اور ایک لاکھ پیالے
اور تیس ہزار پلیٹ مٹھائیاں شمار کئے۔
بانیِ محفل صوفیہ کے لئے ظہر سے
فجر تک سماع کا نظم کرتا اور خود بھی
رقص کرتا تھا اور ہر سال میلاد پر تین
لاکھ دینار خرچ کرتا تھا۔ الی قولہ
متاخرین مالکیہ میں شیخ

قد ادعى الشيخ تاج الدين عمر وبن علی البلخی السکندری المشهور بالفاکهانی من متاخری المالکية ان عمل المولد بدعة مذمومة انتهی۔

اقول — درینجا حال مغالطه و افتراپردازی صاحب رساله باید دید که بنام نهاد مرأت الزمان سبط ابن جوزی عبارتی نقل نموده و درآں قول تاج الدین داخل کرده لفظ انتهی نوشته تا مطالعه کنندگان را شبه این معنی شود که فاکهانی قبل از سبط ابن جوزی بوده و سبط ابن جوزی استناد و ذکر آں فرموده حالانکه ولادت فاکهانی درسال وفات سبط ابن جوزی واقع شده۔

درکشف الظنون از قطب الدین موسیٰ مورخ آورده۔

رأيت ان اجمع التواريخ مقصدا

تاج الدین عمر ابن علی بلخی سکندری عرف فاکہانی کا کہنا ہے کہ عمل مولد بدعت مذمومہ ہے الخ۔"

اقول — اس مقام پر صاحب رسالہ کی افتراء پردازی اور مغالطہ دیکھنے لائق ہے ابن جوزی کی نام نہاد کتاب مرأۃ الزمان کی ایک عبارت نقل کر کے تاج الدین کی بات بیچ میں لے آیا اور لفظ انتہی لکھ دیا تاکہ قارئین کو اس معنی کا اشتباہ ہو کہ فاکہانی سبط ابن جوزی سے پہلے کا ہے اور سبط ابن جوزی نے اس کا تذکرہ کر کے اس سے استناد کیا ہے حالانکہ فاکہانی کی پیدائش سبط ابن جوزی کی وفات کے سال میں ہوئی ہے۔ کشف الظنون میں تاریخ داں قطب الدین موسیٰ سے منقول ہے۔

میں نے دیکھا کہ مقصود کے اعتبار سے جامع ترین اور دلچسپ تصنیف مرأۃ الزمان ہے میں نے

و اعذبها مرأة الزمان فشرعت فی اختصاره فوجدته قد انقطع الی سنة ٦٥٤ اربع و خمسين وستمائة وهی التی توفی المصنف فی اثنائها الی آخره۔

وحافظ سیوطی در بغیة الوعاة در ذکر فاکهانی فرموده۔

ولد سنة اربع و خمسين و ستمائة ومات سنة احدی و ثلثين و سبعمائة۔

دریں ست حال دیانت ایں طائفه در نقل که خاصهٔ لازمه ایشان ست۔

قوله — دلیل اول آنکه باری تعالیٰ از عبادات و اعتقادات آنچه برائے عباد خود کافی دانست مشروع نمود الی قوله زیادت بر نص ست و زیادت بر نص نسخ ست کما تقرر فی موضعه الی آخره۔

اقول — ایں کلام محل بحث ست بچند وجوه اولاً که مرادش از مشروع

اس کا اختصار شروع کیا تو پایا کہ ۶۵۴ھ پر وہ ختم ہوگئی ہے اور اسی سال کے وسط میں مصنف کی وفات ہوئی۔

حافظ سیوطی نے بغیۃ الوعاۃ میں فاکہانی کے تذکرہ میں فرمایا کہ "فاکہانی کی ولادت ۶۵۴ھ میں اور انتقال ۷۳۱ھ میں ہوا ہے"

نقل میں اس گروہ کی دیانت داری کا یہ حال، ان کا لازمی خاصہ ہے۔

قولہ — پہلی دلیل یہ ہے کہ باری تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے جو عبادتیں اور عقائد کافی جانے مشروع کر دئے۔ الیٰ قولہ (عمل مولد) نص پر زیادتی ہے یہ نص کا نسخ ہے جیسا کہ اپنے مقام سے ثابت ہو چکا ہے الخ۔

اقول — یہ بات چند طریقوں سے محلِ بحث ہے۔

اولاً — صاحب رسالہ کی مراد اللہ تعالیٰ کے مشروع فرمانے

نمودن باری تعالیٰ ظاہر ایں ست کہ
ہمہ فروع جمیع عبادات و جملہ افراد کل
تطوعات مشروعہ را بقیود مخصوصہ و
نوافل صور کذائیہ نام بنام تصریح و
تعدید و تعیین وتحدید فرمودہ است پس
ہر چہ نہ چنیں ست غیر مشروع ست و
عمل بداں واحداث آن زیادت برنص
و مستلزم لزوم نسخ ست پس ایں ادّعائے
است فاسد وقولی ست کاسد کہ قطع نظر
از کذبش طعنی شنیع بر حال صحابہ کرام
رضی اللہ تعالیٰ عنہم لازم میکند کہ
باحداث بسیاری از امور اقرار
فرمودہ اند باوجود یکہ از نصوص
کتاب اللہ ہیئت کذائیہ مخصوصہ
آنہا ثابت نہ نمودہ اند بلکہ
بسیاری از نوافل عبادات مخصوصہ

سے باعتبار ظاہر یہ ہے کہ، ساری
عبادتوں کے سارے فروع کو ہر
طرح کے نوافل مشروعہ کے جملہ
افراد کو، خاص قیود اور خاص صورتوں
کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے نام بنام
صراحت کردی ہے، سب کو شمار کرا
دیا ہے۔ سب کی تعیین اور حد بندی
کردی ہے اور جو ایسا نہ ہو وہ غیر
مشروع قرار پائے اور اس ایجاد
اور اس پر عمل نص پر زیادتی اور نسخ
مستلزم ہو۔ بلا شبہ یہ فاسد دعویٰ اور
کھوٹی بات ہے۔ اس دعویٰ کے
جھوٹ سے قطع نظر یہ صحابۂ کرام
رضوان اللہ علیہم اجمعین پر طعن و تشنیع
کو مستلزم ہے اس لئے کہ صحابۂ کرام
نے بہت سارے امور کی ایجاد کا
اقرار فرمایا ہے اس کے باوجود ان کی
مخصوص ہیئت کذائی کا اثبات
کتاب اللہ کے نصوص سے نہیں کیا
ہے بلکہ بہت ساری مخصوص نفلی

وہیأت تطوعات معینہ معینہ را کہ
صرف از احادیث شریفہ ثابت اند
بجہت عدم ثبوت مشروعیت از کتاب
اللہ ناسخ قرآن وزائد براں معاذ اللہ
گفتہ آید وعمل باحادیث آحاد در
امور یکہ در کتاب اللہ حکم آن نیست باطل
باشد وایں وہم فتح باب جہل والحاد است
چنانکہ در کتب اصول مذکور ست۔
واگر مرادش ایں ست کہ قرآن
مجید اصول عامہ جملہ عبادات وخیرات
ومندوبات را بطور اطلاق حاوی ست
وہر چہ از اطلاق فعل خیر وجنس مندوبات
مشروعہ عمومات کتاب اللہ مخالفت
داشتہ باشد غیر مشروع ست وعمل
بداں زیادت برنص پس بریں تقدیر
بر مستحسنات ائمہ دین عموماً گو بالخصوص

عبادتوں اور ان کی معین ہیئتوں کو
جن کا ثبوت صرف احادیث شریفہ
سے ہے۔ معاذ اللہ قرآن کا ناسخ اور
اس پر زیادتی کہا جائے گا کیونکہ ان
کی مشروعیت کا ثبوت کتاب اللہ
سے نہیں ہے یونہی ایسے معاملات
میں احادیث آحاد پر عمل باطل ہو
جائے گا جن کا حکم کتاب اللہ میں
نہیں ہے۔ یہ وہم جہل و الحاد کا
دروازہ کھولے گا جیسا کہ اصول کی
کتابوں میں مذکور ہے۔
اور اگر اس کی مراد یہ ہے
کہ کتاب اللہ جملہ عبادات وخیرات
اور مندوبات کو بطور اطلاق حاوی
ہے اور جو چیز بھی مطلق فعل خیر اور
مستحبات مشروعہ کی جنس اور کتاب
اللہ کے عموم سے مخالفت رکھے وہ
غیر مشروع ہے اور اس پر عمل نص پر
زیادتی ہے تو اس تقدیر پر عموماً
ائمۂ دین کے مستحسنات جو اپنی

از کلام مجید ثابت نباشد الزام نسخ دادن
و بر عمل مولد خصوصاً تہمت لزوم نسخ
نہادن در پے تکفیر و تضلیل اکابر دین
از فقہاء و محدثین افتادن سفاہت و
ضلالت ست۔

و ثانیاً در کتب اصول تصریح
است باینکہ زیادتی کہ نسخ بودن و
نبودن آن متنازع فیہ و مبحوث عنہ
است مراد ازان زائد کردن امرے
باعتقاد رکنیت یا شرطیت در امر منصوص
مخصوص ست کہ ہمچو زیادت نزد حنفیہ
داخل نسخ ست پس از احادیث صحیحہ ہم
کہ آحاد باشند اثبات ہمچو زیادت جائز
نیست و نزد شافعیہ و حنبلیہ داخل نسخ
نیست نہ ایں کہ ہر امر کہ در قرآن
مجید مذکور نبود و فرقان حمید ازاں
ساکت باشد قول بآں و عمل بدان

خصوصیت کے ساتھ کلام مجید سے
ثابت نہ ہوں ان پر نسخ کی تہمت
رکھنا اور فقہاء و محدثین کی تضلیل و تکفیر
کے درپئے ہونا حماقت و گمراہی ہے۔

ثانیاً۔ اصول کی کتابوں
میں اس بات کی صراحت ہے کہ وہ
زیادتی جس کا نسخ ہونا یا نہ ہونا
مبحوث عنہ اور مختلف فیہ ہے اس سے
مراد کسی مخصوص، منصوص امر میں کسی
امر کو رکن یا شرط مان کر اضافہ کردینا
ہے۔ اس طرح کی زیادتی احناف
کے نزدیک داخل نسخ ہے اس لئے
ایسی زیادتی کا اثبات اُن احادیث
صحیحہ سے بھی جائز نہیں جو آحاد ہوں۔
شافعیہ، حنبلیہ کے نزدیک ایسی
زیادتی داخل نسخ نہیں ہے۔
زیادتی کا یہ مفہوم نہیں ہے
کہ ہر وہ امر جو قرآن مجید میں مذکور
نہ ہو اور فرقان حمید اس سے خاموش
ہو اس کا قول کرنا، اس پر عمل پیرا ہونا

مستلزم تجویز نسخ قرآن باشد۔
یا در امر منصوص امری دیگر بقصد
استحباب و نیت برکت یا حسب تعامل
عادت مرعی نمودن بی آنکہ رکن و شرط
گردانیدہ آید مستلزم نسخ باشد کہ ایں وہم
مخالف مقررات محققہ اصول ست۔

پس از نافہمی خود حوالہ بمسئلہ
اصولیہ نمودن و لب باظہار تبحر خود
کشودن و برائے اظہار منطق دانی خود
قیاس مرکب ساختن و بر عدم تکرار حد
اوسط نظر نیند اختن امری ست قبیح
کما لا یخفی علی کل ذی فکر
سلیم و عقل صحیح۔

چوں نجدیہ در ہر مقام باوجود عدم
فہم مرام ذکر مسئلہ زیادت بر نص و
استلزام نسخ برائے تضلیل و تکفیر ائمہ
اعلام و ابطال استحسان مستحسنات آں
کرام پیش میکنند میخواہم کہ دریں

نسخ قرآن کی تجویز کو مستلزم ہو۔
یہ مطلب بھی نہیں ہے کہ کسی
منصوص امر میں رکن و شرط بنائے
بغیر استحباب و برکت کا قصد کر کے
بطور عادت کسی دوسرے امر کی
رعایت مستلزمِ نسخ ہے۔ ایسا وہم قرار
واقعی اصول کے خلاف ہے۔

اسلئے اپنی نا سمجھی سے، اصولی
مسائل کا حوالہ پیش کرنا اور اپنے علمی
تبحر کا اظہار کرنا، اپنی منطق دانی
کے اظہار کے لئے قیاس مرکب
بنانا اور حد اوسط کے عدم تکرار پر نظر
نہ رکھنا ایسا قبیح امر ہے جو صاحبانِ فکر
سلیم و عقل صحیح پر پوشیدہ نہیں۔

چونکہ نجدی حضرات ائمۂ اعلام
کی تکفیر و تضلیل اور اُن معزز
حضرات کے مستحسنات کو باطل قرار
دینے کی خاطر اپنی نا سمجھی کے باوجود
ہر جگہ نص پر زیادتی اور استلزام نسخ کا
مسئلہ چھیڑتے رہتے ہیں اس لئے

مقام عباراتی چند از کتب مشہورۂ
اصول نقل کنم۔
در مسلم الثبوت نوشتہ۔
مسئلہ زیادت عبادة مستقلة
لیست نسخاالخ
بحر العلوم در شرح فرمودہ
ای لیست نسخا للمزید علیه
وان کانت من جنسه فانه لا
یرفع شیئا من المزید علیه
وهو ضروری الخ۔
ونیز در مسلم و شرح آنست
واما زیادة جزء فی الواجب
کالتغریب فی الحد للزنا و
زیادة شرط بعد اطلاق
الواجب عنه کالایمان ای
اشتراطه فی رقبة الیمین فهل
هو نسخ لحکم المزید علیه
فالحنفیة قالوا نعم نسخ

میری خواہش ہے کہ یہاں اصول
کی مشہور کتابوں کی چند عبارتیں نقل
کردوں۔
مسلم الثبوت میں تحریر ہے:
مسئلہ: مستقل عبادت کا اضافہ
نسخ نہیں۔ بحر العلوم نے شرح میں
فرمایا:
”یعنی مستقل عبادت کا اضافہ
مزید علیہ کا نسخ نہیں بھلے اس کی جنس
سے ہے کیونکہ وہ مزید علیہ کے کسی
حکم کا رافع نہیں ہے اور یہ بات
بالکل بدیہی ہے۔“ اور نیز مسلم اور
اس کی شرح میں ہے۔
”واجب میں کسی جزء کی زیادتی
جیسے کہ حدّ زنا میں شہر بدر کرنے کی۔ یا
واجب کے اطلاق کے بعد کسی شرط کی،
جیسے کفارۂ قسم میں آزاد کئے جانے والے
غلام کے اندر شرط ایمان کی ——
کیا اس طرح کی زیادتی نسخ ہے
؟احناف کا کہنا ہے کہ ہاں نسخ ہے

وهو المسمى بالنسخ بالزيادة
والشافعية والحنابلة واكثر
المعتزلة قالو الانسخ الى
آخره۔
وبعد بیان مذاهب نوشتہ۔
لنا ان المطلق عن تلك
الزيادة دل على الاجزاء
مطلقا سواء مع الزيادة او
مجرداً عنها لانه ای المطلق
کالعام یدل علی افراده التی
هی مع الزيادة او مجردا عنها
بدلا ولیس هناك صارف عنه
لان الكلام فیما لا صارف
غیر هذه الزیادة وهی
مفروض الانتفاء زمان وجود
المطلق فیحمل علی الاطلاق
ویدل علیه والتقیید
بجزء او شرط ینافیه

اور اسی کا نام نسخ بالزیادۃ ہے جبکہ
شافعیہ حنابلہ اور اکثر معتزلہ کا کہنا
ہے یہ نسخ نہیں ہے۔ الخ“
پھر مذاہب کے بیان کے بعد تحریر
فرماتے ہیں:
”ہماری دلیل یہ ہے کہ مطلق
بہر حال کفایت پر دلالت کرتا ہے
خواہ اُس زیادتی کے ساتھ ہو یا اس
سے خالی ہے۔ کیونکہ مطلق عام کی
طرح ہے جو اپنے تمام افراد پر علیٰ
سبیل البدلیت دلالت کرتا ہے خواہ
اُن افراد میں وہ زیادتی ہو یا نہ ہو۔
اور اس اطلاق وعموم سے کوئی چیز
صارف نہ ہو کیونکہ گفتگو اس میں
ہے جہاں اس زیادت کے سوا کوئی
صارف نہ ہو اور مطلق کے وجود کے
زمانہ میں یہ بات منتفی ہے تو مطلق کو
اطلاق پر محمول کیا جائیگا اور اسی پر
دلالت کرے گا۔ کسی شرط یا خبر سے
اسے مقید کرنا اس کے منافی ہوگا

فـانـه يـقـتـضـى عدم الاجزاء
بدونه فيرفع هذا التقييد حكما
شرعيا و هو اجزاء الافراد التى
هى مجردة عن هذا التقييد و
هو ظاهر جدا الخ۔

ونیز در مسلم نوشتہ ولهذا امتنع
الزيادة عندنا بخبر الواحد
على القاطع كالطهارة
للطواف الخ درشرح بعد بیان
فروع گفتہ ثم هذا العذر انما
يكفى لعدم افتراض هذه
الامور ۔الخ۔

ونیز در مسلم وشرح بحر العلوم در
بیان جواب دلیل مجوزیت ناسخیت
اجماع گفتہ۔

قلنا اولا ان
الآية كانت ساكتة عن حال
الام مع الاخوين و

کیونکہ یہ اس بات کا مقتضی ہے کہ
اس قید کے بغیر مطلق کافی نہ ہو اور یہ
قید اس حکم شرعی کو ختم کردے گی کہ
اس قید سے خالی افراد بھی کافی ہیں۔
اور یہ بات انتہائی ظاہر ہے۔

مُسلَّم میں نیز مرقوم ہے:

"اسی وجہ سے ہمارے نزدیک
نص قطعی پر خبر واحد سے زیادتی محال
ہے جیسے طواف پر طہارت کی شرط
"اس کی شرح میں فروع کے بیان
کے بعد فرمایا۔

"پھر یہ عذر صرف اسی حد تک ہو
سکتا ہے کہ وہ امور فرض نہ ہوں۔"

نیز مسلم الثبوت اور اس کی
شرح بحر العلوم میں ان لوگوں کی
دلیل کا جواب دیتے ہوئے مذکور
ہے جو اجماع کو ناسخ مانتے ہیں۔

"اولاً ہمارا کہنا ہے کہ دو
بھائیوں کے ساتھ ماں کی حالت
کے تعلق سے آیت خاموش تھی اور

كان امير المؤمنين عثمان رضی اللہ عنہ
ردها فى هذا الحال من الثلث
الى السدس فسأل ابن عباس
رضی اللہ عنہ ان الآية لا يتناولها
فاستدل امير المومنين رضی اللہ عنہ
بالاجماع فيما سكت عنه
الكتاب وهذا ليس من النسخ فى
شئى وهو ظاهر جدا الى آخره۔

در تنقیح فرمودہ:

اماوصف الحكم فقد اختلفوا
ان الزيادة على النص نسخ ام
لا وذكروا انها اما بزيادة
جزء كزيادة ركعة مثلا على
ركعتين او شرط كالايمان فى
الكفارة او ما يرفع مفهوم
المخالفة الخ۔

در توضیح بعد بیان مذاهب و

امیر المؤمنین عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ماں
کو ثلث کی حالت سے سدس کی
طرف پھیر دیا تھا تب حضرت ابن
عباس رضی اللہ عنہ نے ان سے
دریافت کیا کہ آیت اس حالت پر
مشتمل نہیں ہے اس پر امیر المؤمنین
نے اس صورت میں اجماع سے
استدلال کیا جس سے کتاب
خاموش ہے اور یہ کسی طرح نسخ نہیں۔
یہ بہت ظاہر ہے الخ"

تنقیح میں فرمایا ہے:

"رہ گیا وصفِ حکم تو علماء کا اس
بارے میں اختلاف ہے کہ نص پر
زیادتی نسخ ہے یا نہیں اور بتایا کہ
زیادتی یا تو جزء کی ہوگی جیسے دو
رکعت پر ایک رکعت کی زیادتی یا
شرط کی ہوگی جیسے کفارۂ یمین میں
شرط ایمان کی یا ایسی زیادتی جو مفہوم
مخالف کو ختم کردے۔الخ

توضیح میں مذاہب کو بیان

دلائل مختار خود نوشتہ :

فلا یزاد التغریب علی الجلد والنیة والترتیب والولاء علی الوضوء وھو ای الوضوء علی الطواف والفاتحة و تعدیل الارکان علی سبیل الفرضیة بخبر الواحد والایمان علی الرقبة بالقیاس ای لایزاد قید الایمان علی الرقبة فی کفارة الیمین بالقیاس علی کفارة القتل ۔

یرد ھھنا انکم زدتم الفاتحة والتعدیل بخبر الواحد حتی وجبا وانما لم یثبت الفرضیة لانھا لاتثبت بخبر الواحد عندکم فان الفرض عندکم ما ثبت لزومه بدلیل قطعی والواجب

کرنے اور اپنے مذہب مختار پر دلائل قائم کرنے کے بعد لکھا ہے۔

"اسلئے کوڑے لگانے کی حد پر شہر بدر کرنے کی ۔ فرضیت وضو پر نیت، ترتیب اور پے در پے کرنے کی ۔ طواف پر وضو کی اور فرائض نماز میں فاتحہ و تعدیل ارکان کی ۔ خبرِ واحد کے ذریعہ، بطور فرض زیادتی نہیں کی جائیگی ۔ یونہی کفارۂ پر قیاس کرتے ہوئے کفارۂ یمین میں غلام پر ایمان کی قید کا اضافہ نہیں کیا جائے گا۔

یہاں ایک اعتراض ہے۔

وہ ہے کہ آپ نے خبر واحد کے ذریعہ فاتحہ اور تعدیل ارکان کا بطورِ واجب اضافہ کیا ہے۔ وہ فرض اس لئے نہیں ہوئے کہ آپ کے یہاں فرضیت کا ثبوت خبر واحد سے نہیں ہوتا ۔ کیونکہ آپ کے نزدیک فرض وہ حکم ہے جس کا لزوم دلیلِ

ماثبت لزومه بدلیل ظنی فقد زدتم علی الکتاب بخبر الواحد ما یکمن ان یزاد به وھو الواجب ویمکن ان یجاب بانا لم نزد الفاتحة والتعدیل علیٰ وجهٍ یلزم منه نسخ الکتاب لانا لم نقل بعدم اجزاء الاصل لو لا الفاتحة و التعدیل حتی یلزم النسخ حینئذ بل قلنا بالوجوب فقط الیٰ آخره۔

در فتح القدیر در بحث تسمیه وضو آورده:

فادیٰ النظر الی وجوب التسمیة فی الوضوء غیر ان صحته لا یتوقف علیها لان الرکن انما یثبت بالقاطع وبھذا یندفع ما قیل المراد به نفی الفضیلة

قطعی سے ثابت ہو اور واجب وہ حکم ہے جس کا لزوم دلیل ظنی سے ثابت ہو ۔ بہر حال آپ نے بھی خبر واحد کے ذریعہ جتنا اضافہ ممکن تھا کر دیا کہ انہیں واجب رکھا۔ اس کا جواب یوں ہوسکتا ہے کہ ہم نے فاتحہ اور تعدیل ارکان کا اضافہ اسطرح نہیں کیا ہے کہ کتاب کا نسخ لازم آئے کیونکہ ہمارا کہنا ہے کہ اگر فاتحہ اور تعدیل ارکان نہ بھی ہوں تو اصل کافی ہے ۔ اسلئے ایسی صورت میں نسخ لازم نہیں ہم نے صرف وجوب کا قول کہا ہے الخ"۔

فتح القدیر میں وضوء کے اندر تسمیہ کی بحث میں منقول ہے:

"نظر وضو میں بسم اللہ کے وجوب کی طرف مؤدّی ہے۔ ہاں اس کی صحت بسم اللہ پر موقوف نہیں اسلئے کہ رکن نص قطعی سے ثابت ہوتا ہے، اور اسی سے یہ بات مندفع ہو جاتی ہے کہ "مراد فضیلت کی نفی ہے

لئلا یلزم نسخ آیة الوضوء یعنی الزیادة علیها فانهٗ انما یلزم بتقدیر الافتراض لا الوجوب الیٰ آخرہ۔

ازیں بیان بصراحت تمام ثبوت رسیدہ کہ از مجرد تجویز امریکہ بخصوصہ در قرآن مجید مذکور نبود و مشروعیت آں ازنص ثابت نباشد و فرقان حمید از ان ساکت باشد تجویز نسخ قرآن لازم نمی آید ورنہ بر عبادات کذائیہ ثابتہ باحادیث شریفہ ہم حکم لزوم نسخ نص کتاب لازم خواہد آمد و نیز ثبوت رسیدہ کہ امریکہ در قرآن شریف منصوص ست اما مقید بصورت خاصہ نیست رکن گردانیدن یا شرط گردانیدن امرے دیگر دراں البتہ داخل نسخ بالزیادۃ است اما زیادت امری دیگر در آن نہ باعتقاد فرضیت ورکنیت

ورنہ آیتِ وضو کا نسخ یعنی اس پر زیادتی لازم آئیگی۔" اسلئے کہ نسخ کا لزوم فرضیت کی تقدیر پر ہوگا نہ وجوب کی تقدیم پر۔ الخ۔

اس بیان سے پوری صراحت کے ساتھ یہ بات پایۂ ثبوت کو پہونچ گئی کہ محض کسی ایسے امر کے جائز وقرار دینے سے نسخِ قرآن لازم نہیں آتا جو اپنی خصوصیت کے ساتھ قرآن مجید میں مذکور نہ ہو یا اس کی مشروعیت نص سے ثابت نہ ہو اور فرقان حمید اس سے خاموش ہو ورنہ اُن عبادات مخصوصہ سے جن کا ثبوت احادیث کریمہ سے ہے نص کتاب اللہ کا نسخ لازم آئے گا۔ اور اس بات کا بھی ثبوت مل گیا کہ جو امر قرآن شریف میں منصوص ہے لیکن کسی خاص صورت سے مقید نہیں اس میں دوسرے امر کو شرط یا رکن ٹھہرانا نسخ بالزادیات ہے۔ ہاں دوسرے امر کی زیادتی اگر فرضیت، رکنیت یا

وشرطیت بلکہ بطور استحباب بلکہ بطور وجوب ہم داخل نسخ نص نیست۔

پس بر مجوزین و قائلین استحسان عمل محفل ذکر مولد شریف کہ ہیچگونہ در اں زیادت کدامی رکن وشرط بر عبادات مخصوصہ منصوصہ کتاب اللہ نیست بحوالۂ قاعدۂ الزیادۃ علی النص نسخ تہمت تجویز نسخ نص کتاب اللہ نمودن حیلہ سازی وافترا پردازی ست۔

و ثالثاً احتجاج بآیہ کریمہ اکملت لکم دینکم الآیۃ بر ابطال مستحسنات ائمہ دین کہ از افراد خاصۂ عمومات مندوبات مطلقہ کتاب و سنت

شرطیت کے اعتقاد کے ساتھ نہ ہو بلکہ بطور استحباب یا پھر وجوب ہی کے طور پر کیوں نہ ہو نص کے نسخ میں داخل نہیں۔

اس لئے انعقاد محفل میلاد شریف کو جائز اور مستحسن سمجھنے والوں پر "الزیادۃ علی النص نسخٌ" کے اصول کا حوالہ دیکر نص کتاب اللہ کے نسخ کی تجویز سے متّہم کرنا، حیلہ سازی اور افترا پردازی ہے۔ اس لئے کہ محفلِ ذکر میلاد کے عمل میں کتاب اللہ سے منصوص کسی مخصوص عبادت پر کسی بھی رکن وشرط کی کسی بھی طرح کی زیادتی ہے ہی نہیں۔

ثالثاً- "الیوم اکملت لکم دینکم" سے ائمۂ دین کے اُن مستحسنات کے ابطال پر استدلال کرنا نری جہالت ہے جو کتاب و سنت کے عام مستحبات

ومندرج تحت قواعد و اصول شریعت
اندمحض جہالت ست مراد از آیہ کریمہ
تکمیل اصول دین وتصریح قواعد عامہ
شریعت ست نہ تحدید افراد خاصہ جملہ
احکام و تخصیص صور کذائیہ جمیع
تطوعات فہم ایں معنیٰ از آیۂ کریمہ
مبتنی بر مجرد وہم است کہ ہمیں وہم راہ
منکرین قیاس ہم زدہ بود چہ عجب کہ
صاحب رسالہ کلام و حجت منکرین
قیاس را دیدہ ہمچو احتجاج کردہ است۔

قاضی ناصر الدین بیضاوی در
تفسیر اسرار التنزیل فرمودہ الیوم
اکملت لکم دینکم بالنصر
والاظہار علی الادیان
کلہا او بالتنصیص

مطلقہ کے خاص افراد ہیں اور
شریعت کے اصول و قواعد کے
ماتحت مندرج ہیں جب کہ اس
آیت سے مراد اصولِ دین کی تکمیل
اور شریعت کے عام قواعد کی صراحت
ہے۔تمام احکام کے خاص افراد کی
حد بندی اور تمام نوافل کی مخصوص
ہیئتوں کی تخصیص نہیں۔

آیت کریمہ سے وہ معنیٰ
سمجھنا محض وہم کی بنیاد پر ہے ،
منکرین قیاس بھی اسی وہم کا شکار
ہوئے ہیں اور اس میں کوئی حیرت
کی بات نہیں کہ صاحبِ رسالہ نے
منکرین قیاس کی گفتگو اور حجت کو
مدنظر رکھ کر اس طرح کا استدلال کیا
ہو مذکورہ آیت کے تحت قاضی
ناصر الدین بیضاوی تفسیر اسرار
التنزیل میں فرماتے ہیں:
”اپنی نصرت و حمایت سے ،
سارے ادیان پر غلبہ دیکر یا اصول

علی قواعد العقاید
والتوقیف علی اصول
الشرائع و قوانین الاجتهاد
الخ۔

علامہ خطیب در حاشیہ فرمودہ
هذا جواب عن دلیل نفاة
القیاس فانهم تمسکوا علی
ابطاله بان الدین کمل فی
آخر عهد النبی صلی الله
علیه وسلم فلو کان القیاس
جائز ابعده وکان ذلك
القیاس لا بدان یکون لاظهار
حکم لم یکن معلوما فکان
القیاس موجبا لکمال الدین
فلم یکن کاملا فی ذلك الزمان
والجواب عنه ما ذکروا هوان
المراد باکمال الدین تحقیق
قواعد العقاید و تبیین
قواعد الاجتها وهذا لا ینافی
وقوع الاجتهاد و تخریج
الاحکام بعده الیٰ آخره۔

عقائد پر تنصیص کر کے اور قوانین
شریعت واجتہاد بیان کر کے آج میں
نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل
کردیا ہے۔علامہ خطیب نے حاشیہ
میں فرمایا:

”یہ جواب ہے منکرینِ قیاس
کی دلیل کا۔انہوں نے قیاس کے
ابطال پر اسطرح دلیل دی ہے کہ
دین نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے
آخری عہد میں کامل ہو چکا۔اب
اس کے بعد بھی قیاس جائز ہو تو
ضروری ہے کہ وہ قیاس نا معلوم حکم
کے اظہار کے لئے ہو پس قیاس
دین کے کمال کا موجب ہوگا اور اس
زمانہ میں کامل نہ ہوگا۔جواب وہی
ہے مفسر نے جس کا تذکرہ کیا کہ
دین کی تکمیل سے مراد عقائد کے
اصول کی تحقیق اور اجتہاد کے قوانین
کا بیان ہے اس لئے اس تکمیل کے
بعد احکام کی تخریج اور اجتہاد اس
کے منافی نہیں الخ۔“

درتفسیر کبیر گفته:

المسائلة الثانية قال نفاة القياس دلت الآية على ان القياس باطل و ذلك لان الآية دلت على انه قد نص على الحكم فى جميع الوقائع فا لقياس ان كان على وفق ذلك النص كان عبثا و ان كان على خلافه كان باطلاً الیٰ آخره۔

بالجملہ زیادتیکہ منافی آیت کریمہ باشد وآنرا مستلزم نسخ گفتہ آید بر مستحسنات علماء دین صادق نیست و زیادتیکہ صادق می تواند شد منافی آئیہ کریمہ و مستلزم تجویز نسخ نیست۔

پس دلیل اول بر ابطال و انکار عمل مولد محض بے بنیاد و سعی صاحب رسالہ ہمہ رائگان و برباد است۔

فقیر میگوید کہ از اصول ہمیں

تفسیر کبیر میں فرمایا:

"دوسرا مسئلہ منکرین قیاس کا کہنا ہے کہ آیت کریمہ نے اس بات پر دلالت کی کہ قیاس باطل ہے اور وہ اس طرح کہ آیت یہ بتا رہی ہے کہ مسائل کی تمام صورتوں کا حکم منصوص ہو چکا ہے اب اگر قیاس نص کے موافق ہو تو بے کار اور مخالف ہو تو باطل۔ الخ۔

الحاصل وہ زیادتی جو آیت کریمہ کے منافی ہو اور جسے مستلزم نسخ کہا جائے، علماء کرام کے مستحسنات پر صادق نہیں آتی اور جو زیادتی صادق آسکتی ہے وہ آیت کریمہ کے منافی اور تجویزِ نسخ کو مستلزم نہیں ہے۔

اس طرح پہلی دلیل عمل مولد کے انکار و ابطال پر محض بے بنیاد اور صاحبِ رسالہ کی تمامتر کوششیں رائگاں و برباد ہیں۔

فقیر کہتا ہے کہ صاحب رسالہ

مقدمات مسلمہٴ او بعد طرد و اخراج مزخرفات مخترعات صاحب رسالہ دلیلے جید براے ابطال حکم تحریم و ممانعت این عمل ترتیب می تواں داد۔

مثلاً می تواں گفت توقیر و تکریم حضرت نبی کریم در شرع شریف مشروع ست پس اظہار شکر نعمت وجود باجود باداۓ عبادات و صدقات و دعوت اہل اسلام و جمع مسلمین براۓ استماع ارہاصات و معجزات و فضائل حضرت سید الانام ﷺ و تکریم ایام ولادت با سعادت کہ یکی از افراد اصل توقیر مطلق آنجناب ﷺ است و اصل استحباب تکرار شکر نعمت و فضل و شرف ایام با سعادت

کے من گڑھنت اور آراستہ جھوٹ کو خارج کرتے ہوئے اُس کے انہیں مسلم مقدمات کے اصول سے اس عمل پر ممانعت اور حرمت کے حکم کو باطل قرار دینے کیلئے ایک عمدہ دلیل مرتب کی جاسکتی ہے۔

مثلاً کہا جا سکتا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و توقیر شریعت میں مشروع ہے۔ اس لئے عبادات و صدقات کی ادائیگی کر کے۔ مسلمانوں کی دعوت کر کے۔ سید الانام صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل، ارہاصات اور معجزات سننے کی خاطر مسلمانوں کو اکٹھا کر کے۔ ولادتِ باسعادت کے ایام کی تکریم کر کے، کہ یہ تکریم بھی آنحضرت ﷺ کی مطلق توقیر کا ایک فرد ہے۔ سرکار کے وجود مسعود کی نعمت پر اظہارِ شکر کرنا۔ جبکہ شکر نعمت کے استحباب تکرار کی اصل اور ایام

علامہ ابن حاج وغیرہ از بیانِ رسول
وے جل شانہ ثابت فرمودہ اندو
ہمچناں عقد مجلس ذکر شریف کہ یکے از
افراد رفعت ذکر آنحضرت و مندرج
فضائل مجالس پابرکت ست گو
بخصوصہ تنصیص حکم آں در قرآن
شریف نہ باشد باوجود عدم مزاحمت
حدود خاصہ منصوصۂ شریعت بلکہ باوجود
عدم ثبوت تحریم وکراہت وممانعت از
مجتہدین امت حکم بہ تحریم آں نمودن و
راہ انکارش پیمودن لب بہ نسخ حکم
مطلق و زیادت برنصوص شریعت
کشودن ست چنانکہ در اصول
مقرر شدہ است مثلاً در بیان کفارہ
کہ ذکر مطلق رقبہ ست پس انکار
از تجویز اعتاق عبد کافر کہ یک فرد

ولادت باسعادت کا فضل وشرف
علامہ ابن الحاج وغیرہ نے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان سے
ثابت فرمایا ہے۔ یونہی ذکر شریف
کی مجلس منعقد کرنا جو آنحضرت صلی
اللہ علیہ وسلم کے رفعتِ ذکر کا ایک
فرد اور مجالس متبرکہ کی فضیلت میں
مندرج ہے بھلے خصوصی طور پر
قرآن میں اس کی تنصیص نہ ہو۔ ان
سارے امور کے شریعت میں
منصوص حدود سے مزاحم نہ ہونے
اور جمہور امت سے ممانعت، کراہیت
یا تحریم کا ثبوت نہ ہونے کے باوجود
اُن کی حرمت کا حکم لگانا اور اس کے
انکار کی راہ ناپنا۔ مطلق کے حکم کی
منسوخی اور نصوص شریعت پر زیادتی
میں منہ کھولنا ہے جیسا کہ اصول میں
ثابت ہے مثلاً کفارہ کے بیان میں
جہاں مطلق رقبہ کا ذکر ہے۔ رقبہ کے
ایک خاص فرد عبد کافر کے اعتاق کی

از افراد آن ست گو در قرآن مجید ذکر
آن بخصوصہ نیست حسبِ قول اہل اصول
حنفیہ زیادت برنص و مستلزم نسخ آن اطلاق
ست۔

در یں مقام نقل فقرۂ از رسالۂ
دعائیہ مولوی خورم علی کہ از اکابر طائفہ
بودہ اند برائے دہن دوزی امثال
صاحب رسالہ ضروری ست در رسالہ
مطبوعہ مذکورہ در بحث استحباب دعاء
بہیئت کذائیہ بعد صلوٰۃ نوشتہ۔

اگر گوئی کہ دست برداشتن در دعاء
مسح نمودن از احادیث قولیہ و
فعلیہ البتہ ثابت شد لیکن بر دعائے
عقب صلوات خمسہ بہیئت کذائیہ
چہ دلیل ست۔

گویم و باللہ التوفیق

تجویز کا انکار کرنا گو اس خاص فرد کا
ذکر قرآن میں نہیں ہے حنفی اہل
اصول کے مطابق نص پر زیادتی اور
اس کے اطلاق کے نسخ کو مستلزم ہے۔

اس مقام پر صاحب رسالہ
جیسے لوگوں کا منہ بند کرنے کے لئے
گروہِ وہابیہ کے اکابر میں سے
مولوی خرم علی کے ''رسالہ دعائیہ'' کا
ایک جملہ نقل کر دینا ضروری ہے۔
انہوں نے اپنے مذکورہ مطبوعہ رسالہ
کے اندر نماز کے بعد مخصوص ہیئت
کے ساتھ دعاء کے استحباب کی بحث
میں تحریر کیا ہے کہ:

''اگر تم کہو کہ دعاء میں ہاتھ اٹھانا
اور چہرہ پر پھیرنا احادیث قولیہ وفعلیہ
سے یقیناً ثابت ہے لیکن پنجگانہ نماز
کے بعد اس ہیئت کے ساتھ دعاء
کرنے پر کون سی دلیل ہے۔؟

میں اللہ کی توفیق سے عرض کروں گا
کہ جب ہاتھوں کا اُٹھانا

که چون ثابت شد که رفع الیدین از آداب دعاء ست وجالب اجابت است وموقت بوقتی دون وقتی نیست پس حاجت دلیل دیگر نمانده الخ بلفظه۔

ایضا فیه باید دانست که دست برداشتن وقت دعا ورومالیدن بدانها باحادیث صحاح وحسان قولاً وفعلاً درنماز استسقاء وغیره ثابت ست گوبا لتزام عقب صلوات خمسه بهیئت کذائیه مروی نباشد الی آخره۔

قوله واگر این زیادت را معین داریم لازم آید عدم صدق حق تعالی الخ۔

اقول اگر از آیه کریمه تصریح فرموده دادن هیئت کذائیه هر هر تطوع وجمله افراد مخصوصه عمومات خیر وکل احکام خاصه جمیع امور در نص مرادمی بود گنجایش ذکر این ایراد بود

دعاء کا ادب اور مفید اجابت ہے اور کسی وقت سے مقید نہیں لہٰذا اس کے لئے کسی دوسری دلیل کی ضرورت نہیں"۔ اسی رسالہ میں یہ بھی ہے۔ "جاننا چاہیئے کہ دعاء کے وقت ہاتھ اٹھانا اور چہرے پر ملنا صحیح وحسن حدیثوں سے قولاً وفعلاً نماز استسقاء وغیرہ میں ثابت ہے اگرچہ اس ہیئت کے ساتھ بعد نماز پنجگانہ بالالتزام مروی نہیں۔ الخ۔

قولہٗ - اور اگر اس زیادتی کو برقرار رکھیں تو اللہ تعالیٰ کا عدمِ صدق لازم آئے گا۔ الخ

اقول - اگر آیت کریمہ کی مراد یہ ہے کہ ہر ہر تطوع کی ہیئت کذائی اور عام خیر کے تمام افراد مخصوصہ اور تمام امور کے تمام احکامِ خاص کی صراحت کر دی گئی ہے تب اس اعتراض کو چھیڑنے کی گنجائش تھی ۔

حالانکه در کلام الله شریف هرگز به تخصیص و تعیین صور کذائیه جمیع تطوعات و هیأت مخصوصه جمله نوافل ومستحبات وتعدیل کل افراد کل امور خیر تصریح وتنصیص نفرموده است پس چگونه این معنی از آیه کریمه مراد توان داشت و چرا برائمه دین وعلماء معتمدین در استحسان صور کذائیه مستحسنات مخصوصه علم طعن تضلیل باید برافرشت واگر این معنی را معین داریم لازم می آید عدم صدق حق تعالی در قول او وهذا خلف ممتنع و محال لا مجال فیه للامکان و الاحتمال عندنا معاشر اهل الحق۔

مگر آنکه عامه اسماعیلیه که برالتزام امکان ومقدوریت کذب او تعالی شانه

حالانکہ کلام اللہ میں تعیین وتخصیص کے ساتھ تمام تطوعات کی صورت کذائی کی۔ تمام نوافل ومستحبات کی ہیئتِ مخصوصہ کی اور تمام امور خیر کے ہر فرد کی تعداد کی، تصریح و تنصیص نہیں فرمائی گئی۔ پھر یہ معنی کیونکر آیت کی مراد بنے گا اور کیونکر معتمد علماء کرام اور ائمہ دین کے خلاف ان کے مخصوص مستحسنات کے استحسان کے سلسلہ میں طعنۂ گمراہ گری کا پرچم بلند کیا جائے گا۔ اور اگر اسی معنی کو متعین کر لیں تو حق تعالیٰ کا اپنے کلام میں عدم صدق لازم آئے گا۔ اور یہ بات ہم اہل حق کے نزدیک خلاف مفروض، ممتنع اور محال ہے اس میں امکان واحتمال کی کوئی گنجائش نہیں۔

مگر عام طور پر وہابیہ اسماعیلیہ، حق تعالیٰ کے لئے امکانِ کذب و مقدوریتِ کذب کے التزام کا

مقراند واز استحالہ وامتناع آں منکراند
وامام شان قدرت انسانی رابرنقیصہ
شنیعہ کذب برائے مقدوریت وامکان
ایں عیب فاحش بجناب مقدس ربانی
دلیل ساختہ وبرتقدیر عدم آں بلزوم از
دیاد قدرت انسانی بر قدرت ربانی
پرداختہ۔

اگرچہ نزیل ٹونک کفر بودن ایں
استدلال کا سد و اعتقاد فاسد مسلم
داشتہ ودر رسالہ کلام الفاضل مولاے
خود را در مغاک اغماض انداختہ
براءت ذات خود ازاں ضلالت در
تحاشی و انکار ازان اعتقاد پند اشتہ
اما چون عامۂ اسماعیلیہ بنا بر پاسداری
رئیس طائفہ قول فاضل کبیر خودرا باطل
ومردود می شمارند وحسب ارشاد مولای
خود ہماں قول را کالوحی می انگارند از

اقرار کرتے ہیں اور کذبِ باری
تعالیٰ کے استحالہ و امتناع کے منکر
ہیں۔ان کے امام نے جھوٹ جیسے
عیب قبیح پر انسان کی قدرت کو پاک
پروردگار کے لئے اس فحش عیب کے
امکان اور مقدوریت کی دلیل بنایا
ہے اور اس کے عدم پر انسانی
قدرت کے ربانی قدرت پر بڑھ
جانے کو لازم قرار دیا ہے۔اگرچہ
نزویلِ ٹونک نے اس کھوٹے
استدلال اور فاسد عقیدہ کو کفر تسلیم کرلیا
ہے اور رسالہ "کلام الفاضل"
میں اپنے آقا کو نظر انداز کر کے اس
ضلالت و گمراہی سے اپنی برأت کا
اعلان کیا ہے۔تاہم چونکہ عام
اسماعیلی حضرات،اپنے سرخیلِ گروہ
کی پاسداری کی بنیاد پر اپنے فاضلِ
کبیر کے قول کو باطل و مردود قرار
دیتے ہیں اور اپنے مولیٰ کے ارشاد کے
مطابق اسی قول کو مثل وحیٔ ربانی شمار

ایشان عجبی نیست کہ تجویز و وقوع آنہم
کنند۔

قولہ۔ واین احتجاج در رد ہمگی
بدعات بکار می تواں آمد الخ۔

اقول۔ ہر چند نافہمی صاحب
رسالہ ازما سبق بخوبی عیان گردید
امادراینجا یکدو قول دیگر از علماء دین
معتمدین ومستندین صاحب رسالہ باید
شنید۔

صاحب ہدایہ بعد ذکر تلبیہ مسنون
در بحث جواز زیادت تلبیہ برقدر ماثور
نوشتہ ولا ینبغی ان یخل
بشئی من ھذہ الکلمات لانہ
ھو المنقول باتفاق الرواۃ
فلا ینقص عنہ ولو زاد
فیھا جاز خلافا للشافعی

سمجھتے ہیں اس بنیاد پر کیا عجب کہ یہ
لوگ بھی اس کے وقوع کو جائز قرار
دیتے ہوں۔

قولہ۔ "یہ استدلال تمام
بدعات کے رد میں کارآمد ہے۔

اقول۔ گذشتہ بحثوں سے
صاحبِ رسالہ کی ناسمجھی بخوبی آشکارا
ہوچکی ہے۔اس جگہ دین کے کچھ
معتمد اور صاحب رسالہ کے نزدیک
بھی مستند علماء کے ایک دو فرمودات
ملاحظہ فرمائیے۔

صاحبِ ہدایہ تلبیۂ مسنونہ کا
تذکرہ کرنے کے بعد تلبیہ میں ماثور
مقدار پر زیادتی کے جواز کی بحث
میں فرماتے ہیں۔

"ان کلمات میں کچھ بھی ترک
نہیں کرنا چاہئے کیونکہ راویوں کے
اتفاق سے یہی کلمات منقول ہیں
ہاں اس میں اضافہ جائز ہے۔امام
شافعی علیہ الرحمہ کا اختلاف ہے۔

هو اعتبره بالاذان والتشهد
من حيث انه ذكر منظوم ولنا
ان اجلاء الصحابة كابن
مسعود رضى الله عنه و ابن
عمر رضى الله عنه و ابى
هريرة رضى الله عنه زاد و ا
على الماثور لان المقصود
الثناء و اظهار العبودية فلا
يمنع من الزيادة عليه الخ

دریں مقام باید فہمید کہ اگر
استدلال صاحب رسالہ صحیح باشد الزام
تجویز نسخ امر مسنون و ماثور بلکہ نسخ
نص کتاب اللہ بر صاحب ہدایہ وسائر
ائمہ حنفیہ بلکہ بموجب روایت
صاحب ہدایہ برحضرت ابن مسعود
و ابن عمر و ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ
عنہم نیز حسب قول صاحب رسالہ
می توان نمود۔

و نیز صاحب ہدایہ در انچہ
مقصود از ان مطلق ثناء معبود

منظوم ذکر ہونے کی حیثیت سے
انہوں نے اذان و تشہد پر اس کا
قیاس کیا ہے۔ ہماری دلیل یہ ہے
کہ حضرت ابن مسعود، ابن عمر اور
ابو ہریرہ رضی اللہ عنہم جیسے جلیل القدر
صحابۂ کرام نے مقدار، ماثور پر
اضافہ فرمایا ہے اور اس لئے بھی کہ
مقصود ثناء اور بندگی کا اظہار ہے اس
لئے زیادتی سے روکا نہیں جائے گا۔

اس مقام پر یہ بات سمجھنے کی
ہے کہ اگر صاحبِ رسالہ کا استدلال
صحیح ہو تو امر مسنون و ماثور کے نسخ کا
الزام بلکہ نصِ کتاب اللہ کے نسخ کا
الزام صاحب ہدایہ اور تمام ائمۂ
احناف بلکہ صاحبِ ہدایہ کی روایت
کے مطابق حضرت ابن مسعود و ابن
عمر و ابوھریرہ رضی اللہ عنہم اجمعین پر
عائد ہوگا۔

نیز صاحب ہدایہ نے اُس امر
میں جس سے معبود کی مطلق ثناء

بود زیادت بر قدر ماثور تجویز فرمود پس
بر اظہار و اعلان عقد مجالس ذکر
آنحضرت و استحباب ادائے شکر نعمت
ولادت باسعادت کہ مقصود ائمہ دین و
عامہ مسلمین از ان ثناء و تعظیم و رفعت
ذکر و تکریم آنحضرت ﷺ است و ہیچ
گونہ مزاحم و رافع امور محدودہ حضرت
شارع نیست بلکہ داخل افرادِ توقیر
و مندرج دراں اصل عام ست اگر
بالفرض لفظ زیادت صادق نیز آید تاہم
بموجب قول صاحب ہدایہ از ہیچو
زیادت منع نمودن نمی شاید۔

و در درمختار در بحث خواندن
درود شریف در فصل صفۃ الصلوٰۃ
گفتہ و ندب السیادة لان
زیادة الاخبار بالواقع

مقصود ہو قدرِ ماثور پر زیادتی جائز
قرار دی ہے۔ پھر حضور ﷺ کے
ذکر کی محفلوں کا انعقاد، اعلان،
اظہار اور ولادتِ باسعادت کی نعمت
پر ادائے شکر کا استحباب۔ جن سے
ائمۂ دین و عامۃ المسلمین کا مقصود
حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و
تکریم ثناء و رفعتِ ذکر ہے۔
جو شارع کے امور محدودہ میں سے
کسی امر کا رافع و مزاحم نہیں ہے بلکہ
توقیر کے افراد میں داخل اور اصلِ
عام میں مندرج ہے اگر بالفرض لفظ
زیادت اس پر صادق بھی آتا ہو تاہم
صاحبِ ہدایہ کے فرمان کے بموجب
اس طرح کی زیادتی سے منع نہیں کرنا
چاہئے۔

درمختار کی فصل صفۃ الصلوٰۃ
کے اندر درود شریف پڑھنے کی بحث
میں فرمایا:
''اسم رسالت سے پہلے ''سیدنا
کہنا مستحب ہے کیونکہ خبر واقعی کی

عین سلوك الادب فهو افضل
من ترکه ذکره الرملی الشافعی
وغیره الخ۔

درغنیة المستملی گفته و ان زاد
فی دعاء الاستفتاح بعد قوله و
تعالیٰ جدك لفظ و جل ثناء ك
لا یمنع من الزیادة و ان سکت
لا یؤمر به لانه لم یذکر فی
الاحادیث المشهورة الخ۔

بالجملہ ایں احتجاج فاسد مخالف
تحقیق محققین بکارنمی تو ان آمد و
زیادت احکام ثابتہ ازسنت برکتاب
اللہ وزیادت احکام مجتہدین برکتاب
وسنت وزیادت ائمۂ دین و علماء
کاملین بر زمانہ تا قیامت داخل نسخ
بالزیادت نیست بلکہ اجراء احکام
عمومات کتاب اللہ برافراد خاصہ

زیادتی عین ادب کی روش ہے اس
لئے اس کا ذکر ترک سے افضل ہے،
اس کا تذکرہ رملی شافعی وغیرہ نے کیا
ہے۔“

اگر کسی نے ثناء میں ”و تعالیٰ
جدّك “ کے بعد ”وجل ثنائک“ کا
اضافہ کردیا تو زیادتی سے منع نہیں کیا
جائے گا اور اگر چپ رہے تو اس کا
حکم نہیں دیا جائے گا کیونکہ احادیث
مشہورہ میں اس کا تذکرہ نہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ محققین کی
تحقیق کے خلاف صاحبِ رسالہ کا
فاسد استدلال کارآمد نہیں ہے۔
حدیث سے ثابت احکام کی زیادتی
کتاب اللہ پر، مجتہدین کے احکام کی
زیادتی کتاب و سنت پر اور صبح
قیامت تک کے ائمۂ دین اور علماء
کاملین کی زیادتی نسخ بالزیادت میں
داخل نہیں ہے۔ بلکہ کتاب اللہ کے
عموم میں داخل احکام کا خاص افراد

وتفصیل مجملات آنست۔

امام شعرانی مستند صاحب رسالہ
درمیزان گفتہ۔

فان قلت فما دلیل
المجتهدین فی زیادتهم
الاحکام التی استنبطوها
علی صریح الکتاب و السنة
وهلا کانوا وقفوا علی حد
ما ورد صریحا فقط ولم
یزیدوا علی ذلك شیئاً
لحدیث ما ترکت شیئاً
یقربکم الی الله الا وقد
امرتکم به ولا شیئاً یبعدکم
عن اللّٰه الا وقد نهیتکم عنه
فالجواب دلیلهم فی ذلك
الاتباع لرسول الله صلی
الله علیه وسلم فی تنیینه
ما اجمل فی القرآن مع
قوله تعالیٰ ما فرطنا فی
الکتاب من شیٔ

پر حمل اور کتاب اللہ کے مجملات کی
تفصیل ہے۔

صاحب رسالہ کے بھی مستند
امام شعرانی میزان میں فرماتے ہیں۔

”اگر آپ اعتراض کریں کہ
مجتہدین نے کس دلیل سے صریح
کتاب و سنت پر زائد احکام کا
استنباط کیا ہے؟ جو احکام صراحۃً وارد
ہیں اسی حد پر رُک جاتے اور اُن پر
کچھ بھی اضافہ نہ کرتے۔ کیوں کہ
سرکار کا فرمان ہے کہ میں نے تمہیں
ہر اس چیز کا حکم دیدیا ہے جو تمہیں
خدا سے قریب کردے اور ہر اس چیز
سے روک دیا ہے جو تمہیں خدا سے
دور کردے۔ جواب میں ان کی یہ
دلیل ہے کہ اس سلسلہ میں ہم رسول
اللہ ﷺ کے پیروکار ہیں کہ
انہوں نے اللہ رب العزت کے اس
فرمان کے باوجود کہ ہم نے کتاب
میں کچھ بھی اٹھا نہیں رکھا ہے۔

فانه لو لا بین لنا كیفیة الطهارة والصلوٰة والحج وغیر ذالك ما اهتدیٰ احد من الامة لمعرفة استخراج ذلك من القرآن ولا كنا نعرف عدد ركعات الفرائض والنوافل ولا غیر ذلك فكما ان الشارع بین لنا بسنته ما اجمل فی القرآن فكذلك الائمة المجتهدون بینوا لنا ما اجمل فی احادیث الشریعة ولو لا بیانهم لنا ذلك لبقیت الشریعة علی اجمالها وهكذا القول فی اهل كل دور بالنسبة للدور الذی قبلهم الی یوم القیامة الخ۔

قرآن مجید کے مجملات کا بیان فرمایا ہے ۔ اگر وہ ہمارے لئے طہارت، نماز اور حج وغیرہ کی کیفیت نہ بیان کرتے تو امت کا کوئی فرد قرآن سے ان کے استخراج کی معرفت تک راہ نہ پاتا ہم فرائض و نوافل کی تعداد رکعات وغیرہ سے ناآشنا ہوتے ۔ تو جس طرح شارع علیہ السلام نے اپنی سنت سے ہمارے لئے قرآن کے اجمال کو بیاں فرمایا ہے اسی طرح ائمۂ مجتہدین نے ہمارے لئے احادیثِ شریفہ کے مجملات کا بیان فرمایا ہے اگر ان کا بیان نہ ہوتا تو شریعت اپنے اجمال پر رہ جاتی ۔ اور قیامت تک آنے والے ہر دور والوں کی اپنے اسلاف کی بہ نسبت اسی طرح کی گفتگو ہوگی الخ۔

قولہ - چنانچہ حضرت مجدد و صاحب مجالس الابرار الیٰ آخرہ ۔

قولہ - جیسا کہ حضرت مجدد وصاحب مجالس الابرار میں الخ۔

اقول حضرت مجدد خود امور مخصوصه زائده غیر ثابته از کتاب و سنت را تجویز و استحسان نموده اند بلکه کمال تاکید و نهایت اصرار بر مداومت و اعلان آنها فرموده اند از انجمله است ذکر خلفاء راشدین رضی اللہ عنہ در خطبه که حضرت ممدوح در مکاتیب خود آنرا داخل شعائر ساخته اند و در حق تارک آن به تحریر ایں کلمه پرداخته اند که ترک نکند آنرا بعمد مگر کسی که دلش مریض و باطنش خبیث باشد اگر صاحب رساله را عقلی و فکری باشد ببیند که دلیلش بر تقدیر تمامیت بر حضرت شیخ هم بعینه اعاده می تواں نمود۔

اقول - حضرت مجدد نے خود ان امور مخصوصہ کو جائز و مستحسن قرار دیا ہے جو کتاب و سنت سے زائد ہیں اُن سے ثابت نہیں ۔ نہ صرف جائز و مستحسن بلکہ اس کی مداومت اور اعلان پر کمالِ تاکید اور انتہائی اصرار فرمایا ہے ۔ اُن امور میں ایک امر خطبہ میں حضرت خلفاء راشدین رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا ذکر ہے کہ حضرت مجدد نے اپنے مکتوبات میں اسے شعائر میں داخل کیا ہے اور اس کے تارک کے حق میں یہ تک لکھ دیا ہے کہ ”جان بوجھ کر وہی ترک کر سکتا ہے جس کا دل مریض اور باطن خبیث ہو“ اگر صاحب رسالہ کو کچھ بھی عقل و فہم ہو تو دیکھ لے کہ اگر اس کی دلیل بالفرض تام ہو تو اس کا بعینہٖ اعادہ حضرت شیخ پر کیا جا سکتا ہے۔

که باری تعالیٰ از عبادات و اعتقادات آنچه برائے عباد

کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے جن عقائد اور

خود کافی دانست مشروع نمود و دین
ایشان کامل کرد چنانکہ در قرآن ست
کہ اکملت لکم الآیۃ پس برین
تقدیر اگر ذکر خلفاء راشدین ہم در
خصوص خطبہ نماز جمعہ و عیدین از
امور دین می بود البتہ حق تعالیٰ آنرا
مشروع میفرمود چہ جائے آنکہ از
شعائر باشد و حق تعالیٰ از مشروعیت
آں خبر ندہد و چوں شارع ازان بحث
نکرد معلوم شد کہ احداث آں
زیادت برنص کتاب اللہ است و
زیادت برنص نسخ ست کما تقرر فی
موضعہ و اگرایں زیادت رامعین
داریم لازم آید عدم صدق حق تعالیٰ و
ھذا خلف پس ثابت شد کہ ایں عمل

عبادات کو کافی جانا انہیں مشروع کر
دیا اور ان کے دین کو کامل کر دیا
قرآن میں ہے "الیوم اکملت
لکم دینکم" آج میں نے
تمہارے لئے دین کو مکمل کر دیا۔ تو
اس تقدیر پر خطبۂ نماز جمعہ و عیدین
کے خصوص میں، خلفاء راشدین کا
ذکر امر دینی ہوتا تو یقیناً اللہ تعالیٰ
اسے مشروع قرار دیتا چہ جائیکہ وہ
شعائر سے ہو اور اللہ تعالیٰ اس کی
مشروعیت کی خبر نہ دے۔ اور جب
حضرت شارع علیہ السلام نے اس
سے بحث نہ کی تو معلوم ہوا کہ اس کی
ایجاد کتاب اللہ کے نص پر زیادتی
ہے اور نص پر زیادتی نسخ ہے۔ جیسا
کہ اپنی جگہ یہ ثابت ہے۔
اور اگر اس زیادتی کو معین
رکھیں تو اُس سے حق تعالیٰ شانہ کے
لئے عدم صدق لازم آئے گا وھذا
خلف۔ پس ثابت ہوا کہ یہ عمل

محدث ست وسندش از کتاب اللہ
ثابت نیست۔
برارباب انصاف مخفی نیست کہ
اگر دلیل صاحب رسالہ تمام ست کلام
حضرت شیخ مورد ایراد و ملام ست و اگر
کلام حضرت شیخ حق و درست و صحیح
است احتجاج صاحب رسالہ مردود و
باطل و قبیح است واز ہمیں جا اکثر دلائل
مردود شدند و اگر آں دلائل مقبول باشند
کلام حضرت شیخ مردود میگردد۔
مثلا می توان گفت در خطبہ نماز
التزام ذکر خلفاء کبار و اہتمام ایں
کار از حضرت سید ابرار ﷺ ماثور
نیست لا قولا و لا فعلا وکفی
بھذا منعا و نیز می توان گفت کہ
التزام ایں عمل و اہتمام آں از عموم
اصحاب کبار و اہلبیت اطہار

یعنی خطبہ میں ذکر خلفاء راشدین
بدعت ہے اور اس کی سند کتاب اللہ
سے ثابت نہیں ہے۔
اربابِ انصاف پر یہ مخفی
نہیں کہ اگر صاحبِ رسالہ کی دلیل
صحیح و تام ہے تو پھر حضرت مجدد کا
کلام قابلِ اعتراض و ملامت ہے
اور اگر حضرت مجدد کا کلام حق و
درست اور صحیح ہے۔ تو پھر صاحب
رسالہ کی دلیل مردود باطل و قبیح ہے۔
اور یہیں سے صاحب رسالہ کے اکثر
دلائل مردود و باطل ہو گئے اس لئے
کہ اگر وہ دلائل قابل قبول ہو گئے تو
حضرت شیخ کا کلام مردود ہو جائے گا۔
مثلاً یہ کہا جا سکتا ہے کہ خطبۂ
نماز میں خلفائے کبار کے ذکر کا التزام وا
ہتمام سید ابرار ﷺ سے قولاً یا فعلاً
منقول نہیں ہے۔ منع کیلئے یہی کافی
ہے۔ اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس
عمل کا التزام واہتمام عام صحابۂ کرام
اور اہل بیت اطہار سے منقول
نہیں ہے ۔ جبکہ یہ حضرات

منقول نہ شدہ با آنکہ ایں حضرات در
غلبہ محبت و عقیدت خلفاء راشدین
اقدم تمام امت اند و ایں خالی نیست
از چند حالات یا خطبہ در ایام سعادت
فرجام ایشان نہ بود یا ادخال امری غیر
مسنون و مشروع را در عین خطبہ کہ
بہیئت خاصہ از کتاب و سنت ثابت
نیست از دین نشمردند یا از مثوبت و
برکت و خوبی ایں ذکر نادان بودند و
بعد بطلان الشقوق الآخر نماند مگر
استنکراہ شان از احداث عمل و زیادت
امری در خطبۂ ماثورہ۔

و اگر کسی بر اثبات اہتمام ایں
امر از کدامی صحابی ہمت برگمارد دریں
مبحث دو امر حسب تصریحات طائفہ
پیش نظر دارد۔

اولاً آنکہ اثبات دعوی از

خلفاء راشدین سے، غلبۂ عقیدت و
محبت میں تمام امت سے آگے ہیں۔
اور یہ چند حالات سے خالی نہیں۔ یا
تو خطبہ ان کے ایام سعادت فرجام
میں نہیں تھا۔ یا عین خطبہ میں کسی
ایسے غیر مشروع و غیر مسنون امر کو
دین نہیں سمجھتے تھے جو اپنی خاص
ہیئت کے ساتھ کتاب و سنت سے
ثابت نہیں ہے۔ یا پھر اس ذکر کی
خوبی اور ثواب و برکت سے ناواقف
تھے سارے شقوق کے بطلان کے
بعد یہی صورت بچی کہ وہ حضرات
خطبۂ ماثورہ میں کسی عمل کی ایجاد اور
کسی امر کی زیادتی کو مکروہ سمجھتے تھے۔

اور اگر کوئی شخص کسی صحابی
سے اس امر کے اہتمام کے اثبات
کی ہمت کرتا ہے تو اس بحث میں
اپنے گروہ کی تصریحات کے مطابق
دو باتیں پیش نظر رکھے۔

اولاً ۔ سند متصل کے ساتھ

صحاح بسند متصل سازد۔

دیگر آنکہ بہ نقل التزام ایں عمل
محدث در عین خطبہ عیدین و جمعہ از جمیع
اصحاب و اہلبیت لا اقل اکثر شان با
نقل سکون باقین بلا نکیر احدی پردازد
وبدون ایں ہر دو امر اسماعیلیہ را نجات
نیست۔

ونیز می تواں گفت کہ عملی کہ فی نفسہ
مستحسن باشد اما فعلش از اں سرور ماثور
نباشد ترک آں در حق عین امت اتباع
ست و فعل آں موجب مواخذۂ خدا۔

نیز می تواں گفت کہ اگر ایں
زیادت در خطبہ نماز عید و جمعہ بر قدر
مروی و ماثور مسنون جائز ہم باشد
لکن لما واظب الناس علیہ

صحاح سے اپنا دعویٰ ثابت کرے۔

ثانیاً ۔ عین خطبۂ جمعہ و
عیدین میں اس نو ایجاد عمل کی نقل،
تمام اہل بیت، یا کم از کم اکثر
اصحاب و اکثر اہل بیت سے کرے
اور اس کے ساتھ ساتھ کسی کے انکار
کے بغیر باقی تمام حضرات کا سکوت
بھی نقل کرے۔

ان دونوں باتوں کے بغیر اسماعیلیہ کو
نجات نہیں۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ جو عمل فی
نفسہ مستحسن ہو لیکن اس کا کرنا حضور
ﷺ سے ماثور نہ ہو اس کا ترک کرنا
امت کے حق میں عین اتباع ہے اور
اس کا کرنا باعثِ مؤاخذہ پروردگار ہے۔

یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ اگر
یہ زیادتی عیدین و جمعہ کے خطبہ میں،
مروی، ماثور اور مسنون مقدار پر جائز
بھی ہو لیکن جب لوگوں نے اس پر
مداومت کی اور اسے طریق لازم

واعتقدوه طريقة لا زمة
بحيث لا يجترون بتركه
ويطعنون على من اسقط
هذا الذكر مرة فى خطبة
حتى وصل الينا من بعض
من اشتهر بالعلم انه قال هو
من الشعائر فليحكم
بالكراهة والمنع ۔

وای بر تحقیق صاحب رسالہ کہ
باوجود یکہ از کلام او ظاہر ست ایں کہ
خوف سے کسی فعل کے ترک کرنے
اور اس بات کا بیان کرنے کے بعد
کہ ماہ میلاد اپنے اندر عبادت کی زیادتی
کا سزاوار ہے بھلے حضور نے اس میں
زیادتی نہیں کی ہے، ابن حاج اپنے
اسی قول میں فرماتے ہیں۔

"لكن اشار عليه الصلوٰة
والسلام الىٰ فضيلة هذالشهر
العظيم بقوله للسائل الذى
سأله عن صوم يوم الاثنين
ذلك يوم ولدت فيه فتشريف
هذا اليوم متضمن لتشريف
هذا الشهر الذى ولد فيه
فينبغى ان يحترم حق
الاحترام و يفضل بما فضل
الله به الاشهر الفاضلة و
فضيلة الامكنة والازمنة بما
خصها اللّٰه من العبادات
التى تفعل فيها لما قد علم
ان الامكنة والازمنة لا
شرف لها لذاتها وانما
يحصل لها التشريف
بماخصت به من المعانى
فانظر الىٰ ما خص الله به

لیکن حضور ﷺ نے روز دوشنبہ
کے اپنے روزہ سے متعلق سوال
کرنے والے کو یہ جواب دیکر کہ
"اسی دن میری ولادت ہوئی تھی"
اس عظیم مہینہ کی فضیلت کی طرف
اشارہ فرمادیا ہے۔اس لئے کہ اس
دن کا مشرف ہونا اس مہینے کے
مشرف ہونے کو متضمن ہے جس میں
ان کی ولادت ہوئی اسلئے اس مہینہ کا
احترام اور اس کی فضیلت کا اُس
بنیاد پر اعتراف کرنا چاہئے جس
بنیاد پر اللہ نے فضیلت والے مہینوں
کو فضیلت دی ہے۔زمان ومکان
کی فضیلت ان کے اندر اللہ کی خاص
کردہ عبادتوں کی ادائیگی کی بناء پر
ہوتی ہے کیونکہ یہ پتہ ہے کہ زمان و
مکان کو بالذات کوئی شرف نہیں
ہے۔ان کو شرف ان معانی کی بناء پر
حاصل ہوتا ہے جس سے وہ مخصوص
ہیں تو غور کرے کہ اللہ رب العزت

هـذاالشهـر الشـريف ويـوم
الاثـنين الاترى ان صوم هذا
اليـوم فيـه فـضـل عظيم لانه
صلـى اللــه عليـه وسلم ولد
فيه۔

فـعـلى هذا ينبغي انه اذا
دخـل هــذا الشهر الشـريف
الـكـريـم ان يـكـرم و يـعظم
ويـحـتـرم بـالاحـتـرام اللائق به
اتبـاعـاً لـه ﷺ فی كونه يخص
الاوقـات الـفـاضـلة بزياده فعل
البر فيها وكثـرة الخيرات الخ۔

ازیں عبارت خرافت بسیاری از
خرافات صاحب رسالہ و دیگر
اسماعیلیہ ظاہر گردیدہ۔

حالا از صاحب رسالہ استفتاء
می رود کہ صاحب رسالہ بیان
ابن حاج را مردود می انگارد یا مسلم
میدارد و قائل قول مذکور را از اصحاب
جہل و ضلالت می شمارد

نے اس مہینہ اور اس دن کو کس
خصوصیت سے مختص کیا ہے۔تم دیکھتے
نہیں اس دن روزہ رکھنے میں عظیم
فضیلت ہے اسلئے کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم اسی دن پیدا ہوئے۔

اس بنیاد پر مناسب ہے کہ
جب یہ مشرف ومکرم مہینہ آئے تو اس
کی تعظیم وتکریم کی جائے اور شایانِ
شان احترام کیا جائے۔اس میں سرکار
کی اتباع ہے کیونکہ وہ بھی فضیلت
والے اوقات کو نیک کاموں کی زیادتی اور
خیرات کی کثرت سے مختص کیا کرتے
تھے الخ۔

اس عبارت سے صاحب
رسالہ اور دیگر اسماعیلی لوگوں کے
بہت سارے خرافات ظاہر ہوگئے۔

اب صاحب رسالہ سے یہ
سوال ہے کہ ابن حاج کے بیان کو
مردود سمجھتا ہے یا مسلم اسے اصحاب
جہل وضلالت میں شمار کرتا ہے

یا از ارباب علم و دیانت می پندارد بر
تقدیر اول حجت ابن حاج آوردن
مغالطۂ محض ست و بر تقدیر ثانی حکم بہ
تضلیل مجوزین عمل مولد سفسطۂ بحت
ست فـافـهـم ولا تـكـن من
الـمتعصبين اولی العناد فا ن
الـتـعـصـب والـعـنـاد اصل
الشقاق و الفساد۔

و نیز حافظ سیوطی کہ مستند طائفہ
است جرح و تنقیح تقریر ابن حاج
فرمودہ چنانکہ از سیرت شامی ظاہر
ست پس آوردن عبارت مجروحہ بی
نقل رفع آں جرح از دیگر ائمہ ٔ
مشہورین کار ارباب دیانت نیست و
نیست مگر خاصہ ٔ لازمہ ٔ وہابیہ کہ مدار
مذہب شان بر امثال ہمیں امور
ست۔

و نیز محققین بر کتاب مدخل
ابن الحاج کلامہا نمودہ اندو بس
ست برائے اسکات مخالفین

یا ارباب علم ودیانت میں پہلی تقدیر
پر ابن حاج کی حجت پیش کرنا محض
مغالطہ ہے اور دوسری تقدیر پر عمل
میلاد کو جائز قرار دینے والوں پر
گمراہی کا حکم لگانا خالص سفسطہ ہے ۔
تو سمجھو متعصب اور معاند مت بنو
کیونکہ عناد اور تعصب فساد اور
جھگڑے کی جڑ ہے“

نیز اس گروہ کے بھی مستند حافظ
سیوطی نے ابن حاج کی تقریر و تنقیح
پر جرح فرمایا ہے جیسا کہ سیرت شامی
سے ظاہر ہے ۔ اس لئے مجروح
عبارتوں کی، دوسرے ائمہ ٔ مشہورین
کی جرح ذکر کئے بغیر نقل‘ دینداروں
کا کام نہیں یہ تو وہابیہ کا خاصۂ لازمہ
ہے جن کے مذہب کا مدار اسی طرح
کے امور پر ہے۔

نیز ابن الحاج کے مدخل پر
محققین کے بہت سارے کلام ہیں
مخالفین کو خاموش کرنے کے لئے

آنچہ شاہ عبدالعزیز صاحب در بستان
المحدثین فرمودہ ''ابن مرزوق حفید در
شرح مختصر خلیل بتقریبی آوردہ کہ۔
ان ابن ابی حمزة و
تلمیذہ ابن الحاج لا یعتمد
علیھما فی نقل المذھب وغرض
اوازیں کلام اعتراض ست بر صاحب
مختصر خلیل زیرا کہ اعتماد او در نقل مذہب
بیشتر بر مدخل ابن الحاج ست انتہی۔
وسیوطی در شرح ابن ماجہ در حال
مدخل نوشتہ۔
علی ان فیہ مواضع لا
یسلم بہ انکار ھا وفی عزمی
ان شاء اللہ تعالی ان
اختصرہ و اھذبہ واجردہ''
الیٰ آخرہ۔
قولہٗ-قال الشیخ تاج
الدین الیٰ آخرہ۔

بُستان المحدثین میں مذکور، شاہ عبد
العزیز صاحب کا فرمان کافی ہے۔
فرماتے ہیں ابن مرزوق حفید، مختصر
خلیل کی شرح میں ایک تقریب کے
تحت فرماتے ہیں۔کہ
''نقل مذہب میں ابن حمزہ اور
ان کے شاگرد ابن الحاج پر اعتماد
نہیں کیا جاتا۔اس کلام سے ان کا
مقصود صاحب مختصرِ خلیل پر اعتراض
کرنا ہے کیونکہ انہوں نے نقل
مذہب میں زیادہ تر ابن الحاج کے
مدخل پر اعتماد کیا ہے انتہیٰ''
امام سیوطی شرح ابن ماجہ میں
مدخل کا حال تحریر کرتے ہیں۔
''علاوہ ازیں اس میں کچھ جگہیں
ایسی ہیں جہاں انکار قابل تسلیم نہیں
میرا پختہ ارادہ ہے کہ ان شاء اللہ اس کی
تہذیب و تجرید اور اختصار کروں گا۔
قولہٗ - شیخ تاج الدین نے
فرمایا الخ۔

اقول - اولاً قول فاکہانی کہ
بر عدم علم ایشان مبتنی ست چنانکہ
علامہ مذکور از انصاف تصریح بدان
فرمودہ کئے بر اقوال دیگر محققین ترجیح
میدارد کہ صاحب رسالہ بنا بر تضلیل
ائمۂ دین ازاں حجت می آرد۔
وثانیاً قول مذکور باوجود یکہ بے
دلیل محض ست متندین صاحب
رسالہ مثل حافظ سیوطی و علامہ ابن حجر
ردآں نمودہ اند کہ در انسان العیون
مذکور و رد تفصیلی سیوطی بر فاکہانی در
سبیل الہدیٰ والرشاد مسطور و ہر گاہ کہ
حال قول فاکہانی کہ از مشہورین ست
وقولش در کتب مشہورہ برائے رد مذکور
ست چنین ست پس چہ جائے ذکر
ذخیرۃ السالکین وتحفۃ القضاۃ وسبیل
السنۃ ونورالیقین ست۔

اقول-انصاف سے منقول
علامہ سیوطی کی صراحت کے مطابق
فاکہانی کا وہ قول محققین کے اقوال
پر کب راجح ہوگا؟ جس کا مدار ان کی
لاعلمی پر ہے۔کہ صاحب رسالہ ائمہ
دین کی گمراہی کے لئے اس سے
دلیل پکڑے۔
ثانیاً - مذکورہ قول باوجودیکہ
محض بے دلیل ہے پھر بھی اس کی
تردید صاحب رسالہ کے متندین
مثلاً حافظ سیوطی اور علامہ ابن حجر نے
کردی ہے۔جس کا تذکرہ انسان
العیون میں ہے اور فاکہانی پر علامہ
سیوطی کا تفصیلی رد ''سبیل الھدیٰ
والرشاد'' میں مرقوم ہے اور جب
فاکہانی جیسے مشہور آدمی کے قول کا یہ
حال ہے کہ اسے رد کے لئے اُن
مشہور کتابوں میں ذکر کیا گیا۔پھر
ذخیرۃ السالکین، تحفۃ القضاۃ، سبیل السنۃ
اور نورالیقین کے تذکرہ کا کیا محل؟

اولاً اثبات اعتماد ایں کتب از
حوالۂ کتب مشہورہ۔
وثانیاً تصحیح نقول مذکورہ۔
وثالثاً بیان وجہ ترجیح اقوال کتب
مسطورہ بر تحقیقات محققین مشہورین
مستندین صاحب رسالہ برذمۂ وے
ضرورست۔
ورابعاً معہذا کلہ حکم بہ تفسیق و
تضلیل دیگر ائمۂ دین کہ مجوزین ایں
عمل اند ومتبعین ایشان از دیانت و
انصاف نہایت دورست۔

قولہ۔ مجدد الف ثانی الخ۔

اقول۔ ایں چہ جرأت وبی باکی وچہ
مغالطہ وچالاکی ست اگر صاحب رسالہ
راحظی از عقل وانصاف می بود کلام شیخ راکہ

اولاً مشہور کتابوں کے حوالہ
سے ان کتابوں کا معتمد ہونا ثابت
کرے۔
ثانیاً۔ مذکورہ نقول کی تصحیح پیش
کرے۔
ثالثاً۔ صاحب رسالہ کی ذمہ
داری ہے کہ مشہور محققین و مستندین
کی تحقیقات پر مذکورہ کتابوں کے
اقوال کی ترجیح کا سبب بیان کرے۔
رابعاً ان تمام باتوں کے
باوجود دوسرے ان ائمۂ دین اور ان
کے متبعین کی تضلیل و تفسیق کا حکم
لگانا انصاف و دیانت سے انتہائی
بعید ہے جو حضرات اس عمل کو جائز
قرار دینے والے ہیں۔

قولہ۔ مجدد الف ثانی الخ

اقول۔ یہ کیا جرأت و بیباکی
ہے؟ اور کیا مغالطہ اور چالاکی ہے؟
اگر صاحب رسالہ کو عقل و انصاف کا
کچھ بھی حصہ ملا ہوتا تو شیخ کے اُس

از مبحث نزاع خارج ست برائے
اثبات تضلیل ائمۂ دین پیش نمی نمود
عبارتیکہ مرتبط بہ اول باشد اقتصار ذکر
آخر آں نمودن کہ صراحۃً منع خاص از
مولد مبحوث عنہ دراں مسطور نیست ہیچ
مفید نیست ہماں شیخ درمکتوب صد وہفتم
از جلد ثالث مکاتیب خود نوشتہ اند دیگر
آنچہ در باب مولد خوانی اندراج یافتہ
اند در نفس قرآن خواندن وصوت حسن
و در قصائد نعت ومناقب خواندن چہ
مضائقہ است ممنوع تحریف و تغییر
حروف قرآن ست و التزام رعایات
مقامات نغمہ الخ۔

قولہ۔ در تحفۂ اثناعشریہ است الخ

اقول۔ جوابش بہ تفصیل بالا
گذشتہ۔

کلام کو ائمۂ دین کی گمراہی ثابت
کرنے کے لئے پیش نہیں کرتا جو
متنازع فیہ بحث سے خارج ہے۔ وہ
عبارت جو اول حصہ سے مربوط ہو
اس کے آخری حصہ کے ذکر پر اکتفاء
کرنا جس میں صراحۃً زیر بحث میلاد
شریف کی خاص ممانعت نہیں ہے۔
کسی طرح مفید نہیں۔ وہی شیخ اپنے
مکتوبات کے تیسرے حصہ کے مکتوب
نمبر ایک سو سات میں لکھتے ہیں۔
"دوسرے وہ جو میلاد خوانی
کے باب میں مندرج ہو گئے ہیں۔
محض قرآن پڑھنے، اور اچھی آواز
میں، نعت منقبت اور قصائد پڑھنے
میں کیا مضائقہ ہے ممنوع قرآن
کے حروف کی تغییر و تحریف اور راگ
کے قواعد کی رعایتوں کا التزام ہے۔

قولہ۔ تحفۂ اثناعشریہ میں ہے۔

اقول۔ اوپر کی تفصیل میں اس
کا جواب گذر گیا۔

قولہ- مولوی عبد الحئ در بعض
مکاتیب خود بمیر احمد بریلوی پیر خود
نوشتہ اندالخ۔

اقول- ذکر ہچوکس در مقابلۂ
أیمہ ٔ محققین خصوصاً اساتذہ وشیوخ
خودش دردین کارارباب حیاءنیست۔

قولہ- بعض شافعیہ ہچو ابوالخیر
سخاوی وابوشامہ وظہیر الدین جعفروشیخ
نصیرالدین کہ ایں عمل رابدعت حسنہ
گفتہ اندمدفوع ست بعدم تقسیم بدعت
بسوئ حسنہ وسیئہ اول قسمت بدعت
باستحسان واساءت ثابت کنند سپس
ایں عمل رابدعت حسنہ گویند۔

اقول- ثبوت استحسان
بدعات حسنہ از صحابۂ کرام ودیگر ائمہ
عظام از حنفیہ وشافعیہ وغیرہم از ماسبق
بوضوح رسیدہ و موجب ثواب

قولہ مولوی عبدالحیٔ صاحب
نے اپنے پیر میر احمد بریلوی کو اپنے
بعض مکتوب میں لکھا ہے۔

اقول- ائمہ محققین بالخصوص
اپنے اساتذہ اور شیوخ کے مقابلہ
میں، ایسے شخص کا تذکرہ کرنا دین
میں حیاداروں کا کام نہیں۔

قولہ - بعض شافعیہ جیسے
ابوالخیر سخاوی، ابو شامہ، ظہیر الدین
جعفر اور شیخ نصیر الدین جنہوں نے
اس عمل کو بدعتِ حسنہ کہا ہے۔ حسنہ
اور سئیہ کی طرف تقسیم بدعت کے
معدوم ہونے کے سبب مدفوع ہے
پہلے استحسان و اساءت کی طرف
بدعت کی تقسیم ثابت کریں بعد میں
بدعت حسنہ کا قول۔

اقول- صحابہ کرام و دیگر حنفی و
شافعی وغیرہ ائمہ عظام سے۔ ماسبق
میں بدعات حسنہ کے استحسان کا ثبوت
واضح ہو چکا۔ اور صاحب رسالہ

وعدم ملام بودنش بدلیل اتفاق محققین
از مستندین صاحب رسالہ نقل گردیدہ
بلکہ صاحب تنبیہ السفیہ بنقل اجماع
فرق اسلامیہ براں پرداختہ کہ قولش
شجرۂ خبیثۂ وسوسۂ روافض و اسماعیلیہ
وہابیہ راازبیخ وبن قطع ساختہ۔

وثانیاً تلفظ بلفظ بعض شافعیہ محض
برائے تغلیط عوام ست چہ استحسان ایں
عمل بتصریح محققین شافعیہ و حنفیہ
وغیرہم تا استاذ صاحب رسالہ بنقول
مشہورہ معتمدہ ثابت و معلوم و اسماء
چندے از علماء کرام ومحققین اعلام درما
سبق ہم مرقوم۔

قولہ- استناد باشخاص مقلدین
مجتہد دیگر معتبر نیست۔

کے مستندین ومحققین کی دلیل اتفاق
سے اس کا موجبِ ثواب ہونا اور نا
قابل ملامت ہونا منقول ہو چکا بلکہ
صاحب تنبیہ السفیہ نے اس بات
پر اسلامی فرقوں کا اجماع تک لکھ ڈالا
ہے۔ جن کے قول نے روافض اور
اسماعیلیہ وہابیہ کے وسوسوں کے
خبیث درخت کو بیخ و بن سے کاٹ
ڈالا۔

ثانیاً- ''بعض شافعیہ'' کے لفظ
کا تلفظ محض عوام کو مغالطہ میں ڈالنے
کیلئے ہے ورنہ اس عمل کا استحسان،
محققینِ شافعیہ، حنفیہ وغیرھم یہاںتک
کہ صاحب رسالہ کے استاذ کی
صراحت سے مشہور اور قابل اعتماد
نقول سے ثابت و معلوم ہو چکا۔
چند علماء کرام و محققین اعلام کے اسماء
ماسبق میں بھی مرقوم ہوئے۔

قولہ - دوسرے مجتہد کے
مقلد افراد سے استناد معتبر نہیں،

خاصۂ مقلدان مذہب حنفی را کہ قائل با
فقہ بودن امام خود اند و اگر عاملین عمل
مولد دریں مسئلہ غیر مدلل اقتداء
بشافعیہ کیف ما کان جائز دارند باید
کہ در امور دیگر معمول شوافع کہ مدلل
اند بدلائل بسیار ہمچو تامین بالجہر و رفع
الیدین و ترجیع فی الشہادتین وغیرہا
من العبادات نیز اقتداء بآنحضرات
نمایند الخ۔

اقول- اولاً کہ دریں مسئلہ
اقتداء الشافعیہ چہ ضرورست چنانکہ
علماء شافعیہ قائل جواز ایں عمل اند
ہمچنان محققین عظام از علماء حنفیہ کہ
حاویٔ فروع و اصول مذہب خود و محقق
و مدقق طریق خود اند تصریح باستحسان
ایں عمل فرمودہ اند و استناد بہ محققین
شافعیہ برائے تائید کلام چیزے
دیگر ست و تقلید مذہب شان
امرے دگر ست۔

بالخصوص مذہب حنفی کے مقلدین
کے لئے جو اپنے امام کو سب سے
بڑا فقیہ کہتے ہیں۔ اور اگر عمل میلاد
کرنے والے اس غیر مدلل مسئلہ میں
شافعیہ کی اقتداء کسی طرح جائز رکھیں
تو انہیں چاہئے کہ دیگر معاملوں میں
بھی شوافع کے اُن معمولات پر عمل
کریں جو بہت سارے دلائل سے
مدلل ہیں۔ مثلاً آمین بالجہر و رفع
یدین، شہادت میں ترجیع وغیرہ۔

اقول- اولاً- اس مسئلہ میں
شافعیہ کی اقتداء کیا ضروری؟ جس
طرح شافعی علماء اس عمل کے جواز
کے قائل ہیں اسی طرح اپنے طریق
کے محقق و مدقق اپنے مذہب کے اصول
و فروع پر حاوی علماء احناف کے بڑے
بڑے محققین نے بھی اس عمل کے
استحسان کی صراحت فرمائی ہے۔ کلام کی
تائید میں محققین شافعیہ سے استناد اور
چیز ہے اور ان کے مذہب کی تقلید
دوسری چیز۔

و ثانیاً در امریکہ از مجتہد مذہب
خود منقول نباشد اما مخالفت باصول ہم
نداشتہ باشد اگر بعلماء محققین از دیگر
مذاہب حقہ اہلسنت کہ آنحضرات ہم
أئمۂ دین متین و ارکان شرع مبین
اند استناد نمودہ آید بلکہ اقتداء جائز
داشتہ شود مستلزم آن نیست کہ امور یکہ
صریح مخالف ارشاد و اجتہاد مجتہد
مذہب یا مخالف اصول مذہب خود
باشند و از تحقیق مجتہدین مذہب خود نسخ
آں امور یا مرجوحیت آں بروایت معتمدۂ
صحابۂ کرام بثبوت رسیدہ باشد در ہمچو امر
ہم ترک اتباع مجتہد مذہب خود و تقلید
مذاہب دیگر لازم گردانیدہ شود ایں بحکم
صاحب رسالہ الزام مالا یلزم و قیاس
مع الفارق ست۔

ثانیاً ایسے امر میں جو اپنے
مذہب کے مجتہد سے منقول نہ ہو لیکن
اصول کے مخالف بھی نہ ہو اگر ان
علماء محققین سے استناد، بلکہ اقتداء
جائز رکھی جائے جو اہلسنت کے
دوسرے مذاہب سے متعلق ہیں کہ
کہ وہ بھی ائمۂ دین متین اور ارکان
شرع مبین ہیں۔ اس سے کہاں
لازم کہ ان امور میں جو اپنے مذہب
کے مجتہد کے اجتہاد و ارشاد کے صریح
مخالف ہیں اور اپنے مذہب کے
مجتہدین کی تحقیق سے ان مور کی
منسوخیت یا مرجوحیت صحابہ کرام
کی قابل اعتماد روایات سے پایۂ
ثبوت کو پہونچ چکی ہو، ایسے امر میں
اپنے مذہب کے مجتہد کی اتباع ترک
کر دی جائے اور دیگر مذاہب کی
تقلید کی جائے یہ بات صاحب
رسالہ کے مخالف ہیں یا اپنے مذہب
کے اصو مطابق الزام مالا یلزم اور
قیاس مع الفارق ہے۔

قولہ- حیف است کہ در عمل
بدعت اقتدائے غیر روا دارند و در عمل
سنت سخن غیر نہ پذیرند الخ۔

اقول- منشاء ایں طعن قبیح جہل
صریح ست محل نزاع کہ تجویز و استحسان
عمل مولد است و استاد صاحب رسالہ
و اساتذہ و اساتذۂ اساتذۂ شان و ہلم
قائل آں اند ہیچ گو نہ از نصوص
احادیث و تصریح مجتہدین ممانعت یا
مرجوحیت آں ثابت و اموریکہ آنہا را
سنت قرار دادہ ایں طعن می نماید اجلۂ
مجتہدین بسیاری از ان امور مخصوصۂ
خود ممانعت و منسوخیت آں از احادیث
شریفہ خاصۃً مستنبط نمودہ و در
بسیاری از اں مرجوحیت سنیت آں

قولہ حیف کہ عمل بدعت
میں تو غیر کی اقتداء جائز رکھتے ہیں
اور عملِ سنت میں دوسروں کی بات
قبول نہیں کرتے۔

اقول اس قبیح طعنہ کی بنیاد کھلی
جہالت ہے۔ محل نزاع عمل میلاد کا
استحسان اور اس کی تجویز ہے جس
کے قائل صاحب رسالہ کے استاذ،
استاذ کے استاذ، استاذ کے استاذ کے
استاذ آگے تک رہے ہیں جس کی
مرجوحیت و ممانعت مجتہدین کی
صراحت اور احادیث کے نصوص
سے ثابت نہیں ہے۔ اور صاحب
رسالہ جن امور کو سنت قرار دیکر یہ طعنہ
دیرہا ہے ان میں سے بہت سارے
مخصوص امور کی ممانعت اور منسوخیت
خاص احادیث ہی سے جلیل القدر
مجتہدین نے مستنبط کی ہے
اور بہت سارے امور میں ان کے
مسنون ہونے کی مرجوحیت صحابۂ

بدیگر آثار صحابۂ کرام ثابت فرمودہ اند
پس طعن عدم پذیرائے سنت کہ
برائے اظہار تضلیل ائمۂ دین بلفظ
حیف آوردہ جواب ایں حیف کہ مسکت
طائفۂ صاحب رسالہ باشد بجز از سیف
چیست۔

قولہ: بانیان بدعات
ومحدثات الخ

اقول- درحق قائلین استحسان
عمل مکرم و عاقدین مجلس ذکر معظم
بایں طعن فاسد و ناصواب پرداختن ترد
اولی الالباب خاک بر آفتاب
انداختن ست بودن امام جزری
صاحب حصن حصین و امام قسطلانی و
ملا علی قاری و محدث دہلوی و شیخ عبد
الوہاب متقی وغیرہم از محبان و
محبوبان بار گاہ صاحب لولاک

کرام کے دوسرے آثار سے ثابت
فرمائی۔ اسلیئے ائمۂ دین کی تضلیل کا
اظہار کرنے کے لئے سنت قبول نہ
کرنے کا جو طعنہ صاحب رسالہ نے
لفظ ’’حیف‘‘ سے دیا ہے۔ صاحب
رسالہ کے گروہ کو خاموش کرنے کیلیئے
اس ’’حیف‘‘ کا جواب ’’سیف‘ کے
سوا ہے ہی کیا؟

قولہ- بانیان بدعات و
محدثات‘‘ الخ

اقول- اس عمل کے استحسان
کا قول کرنے والوں اور مجلس ذکر
معظم منعقد کرنیوالوں کے حق میں
اس فاسد اور غیر درست طعنہ میں
مشغول ہونا عقل والوں کے نزدیک
آفتاب پر خاک ڈالنا ہے۔ امام
جزری صاحب حصن حصین امام
قسطلانی، ملا علی قاری، محدث دہلوی
اور شیخ عبدالوہاب متقی وغیرہ کا بارگاہ
صاحبِ لولاک کا محبّ و محبوب ہونا،

و وارثان درگاہ پیغمبر پاک و پیشوائے
دین وقدوۂ شرع مبین نزد کافۂ اہل
دیانت وایقان زیادہ از آفتاب روشن
وعیان ست اگر کسی از کور باطنی خود ایں
ائمۂ ہدیٰ را از اہل ضلالت انگارد یا از
مبغضان و مبغوضان جناب خاتم
رسالت شمارد فی الحقیقت روئے خود سیاہ
می سازد و خود را در خارستان ضلالت
می اندازد۔

گر نہ بیند بروز شپرۂ چشم
چشمۂ آفتاب راچہ گناہ

قولہ۔ فصل دوم در پاسخ
شبہات مجوزین عمل مولد الخ۔

اقول۔ تقریر علماء اہلسنت را کہ
از تزویر خود بحذف بعض مقدمات
وقلت بعض وعدم فہم مراد در بعض

درگاہ پیغمبر پاک کا وارث ہونا، دین
کا پیشوا اور شرع مبین کا مقتدا ہونا،
تمام اہلِ ایقان و دیانت کے
نزدیک آفتاب سے زیادہ روشن اور
ظاہر ہے۔ اگر کوئی شخص ہدایت کے
ان اماموں کو اپنی کور باطنی سے اہلِ
ضلالت سمجھے یا جناب خاتم رسالت
سے بغض رکھنے والا یا ان کا مبغوض
سمجھے تو فی الحقیقۃ وہ اپنا چہرہ سیاہ
کر رہا ہے اور اپنے آپ کو گمرہی
کے خارزار میں ڈال رہا ہے۔ اگر
چمگاڈر جیسی آنکھ والا دن میں نہ دیکھ
سکے تو آفتاب کے ٹکیہ کا کیا قصور؟۔

قولہ۔ دوسری فصل عمل میلاد
کو جائز قرار دینے والوں کے شبہات
کے جواب میں ہے۔ الخ

اقول۔ علماء اہلسنت کی تقریر
کو اس کے بعض مقدّمات اپنے
فریب سے حذف کر کے، بعض میں
کمی کر کے، بعض کی مراد بے سمجھے،

بلفظ شبہ تعبیر می نماید وبنام جواب ہر چہ
در دلش می آید بے باکانہ می سراید واز
غایت بے شرمی حقوق حضرات
مستندین خود یاد نمی آرد و از
مردود گردیدن اقوال خود باک نمی دارد
کہ بہمین حضرات جابجا برائے نام
استناد می سازد۔

طرفہ آنکہ بر شاگردئ سند العالمین
فی العالمین می نازد و بر کلام اوشان نظر نمی
اندازد کہ بنام طعن وملام جواب شبہات
ہمہ بر کلام اوشان متوجہ میگردد۔

از انجا کہ ہمہ جواباتش از قبیل
خرافات وہمہ تقریراتش مزخرفات
پس احقر الطلبہ دریں رسالہ کہ اصل
مقصد صرف دفع اوہام ہیچو جہلہ
واظہار لغویت دعاوئ سفلہ است بہ
بسط تقاریر علماء دیں کہ از کتب شان در

لفظ شبہ سے تعبیر کر رہا ہے اور جواب
کے نام پر جو کچھ اس کے دل میں آتا
ہے بے باکانہ گاتا ہے۔ اور نہایت
بے شرمی سے، اپنے مستندین حضرات
کے حقوق کو بھی یاد نہیں کرتا نیز اپنے
قول کے مردود ہونے کا خوف بھی
نہیں کرتا کہ انہیں حضرات سے جابجا
برائے نام استناد کرتا ہے۔

طرفہ یہ کہ سند العالمین فی
العالمین کی شاگردی پر ناز بھی کرتا
ہے اور ان کے کلام پر نظر نہیں ڈالتا۔
کہ شبہات کے جواب میں ملامت
اور طعنوں کے تیر کا رخ ان کے کلام
کی طرف بھی ہے۔

چونکہ اس کے تمام جوابات از
قبیل خرافات اور ساری تقریریں
مزخرفات ہیں اسلئے احقر الطلبہ
جن علماء کی کتابوں سے عمل میلاد کا
استحسان ظاہر و باہر ہے ان کی
تقریروں کی تفصیل کی ضرورت اس
رسالہ میں نہ سمجھتے ہوئے صاحب

استحسان عمل مولد عیان و مستبین ست حاجتی ندیده متوجه بیان فسادات اجوبه صاحب رسالہ گردیده۔

قولہ- تحقیق بدعت در مقدمه گذشت الخ۔

اقول- ازما سبق ثابت گردیده که ایں آنچه در مقدمه بنام تحقیق آورده مخالف تحقیق محققین بلکه مخالف اتفاق ست پس حوالہ اش محض کاسد وبناء الفاسد علی الفاسد است ثبت العرش ثم انقش۔

قولہ- اگر وجود آں فعل از حضرت مقدس نبوی واقع شود بهماں سنت گردد و اگر آں فعل باوجود مقتضی وعدم مانع بوجود نیامد ترک آں فعل از سنن ہدیٰ بود الخ۔

رسالہ کے جوابات میں فساد کے بیان کی طرف توجہ کررہا ہے کیونکہ رسالہ کا مقصود، صرف اس طرح کے جاہلوں کے اوہام کا دفاع اور نیچ لوگوں کے دعوؤں کی لغویت کا اظہار ہے۔

قولہ- تحقیق بدعت مقدمہ میں گذر چکی۔

اقول- ما سبق سے ثابت ہو چکا کہ تحقیق کے نام پر مقدمہ میں جو کچھ نقل کیا ہے وہ نہ صرف محققین کی تحقیق کے خلاف بلکہ اتفاق کے مخالف ہے اسلئے اس کا حوالہ کھوٹا اور فاسد پر فاسد کی بناء ہے ''ثبت العرش ثم النقش''۔

قولہ- اگر اُس فعل کا وجود حضرت مقدس نبوی سے ثابت ہوتو اسی بنیاد پر حسن ہو جائیگا اور اگر وہ فعل مقتضی اور عدم مانع کے باوجود واقع نہ ہوتو اس کا ترک سنتِ ھدیٰ ہوگا۔الخ۔

اقول- واجب بود که اولاً معنی مانع و مقتضی دریافت می نمود من بعد قدم در ردو ابطال اقوال ائمہ اعلام می فرسود از شہادت صحابہ کرام واضح که آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بسیاری از امور خیر را باوجودیکه محبوب طبع مبارک می بود صرف شفقةً علی الامة هم بکراہت لزوم حرج بر ایشان ترک میفرمود پس ادراک ایں معانی که ایمۂ دین را میسر و پیداست اعتراض بران حضرات بدیں خرافات محض بے سروپاست۔

بالجملہ ترک آنحضرت را علی الاطلاق تحریم و ممانعت لازم نیست البتہ در صورتیکه کدامی قرینۂ خاصه حسب فہم مجتهدین بر کف واجتناب از کدامی فعل دلالت کند آنوقت البتہ ترک آنحضرت بایں معنی دلیل ممانعت می تواند شد۔

اقول- ضروری تھا کہ پہلے مانع اور مقتضی کا معنی معلوم کرتا بعد میں ائمۂ اعلام کے اقوال کی تردید وابطال میں قدم رکھتا۔ صحابہ کرام کی شہادت سے واضح کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہت سارے امور کو امت پر شفقت اور ان پر لزوم حرج کو ناپسند سمجھنے کے سبب ترک فرمادیا کرتے تھے باوجودیکہ وہ امور مبارک طبیعت کو محبوب ہوتے۔ پس ان معانی کا ادراک جن ائمہ دین کے لئے میسر اور ظاہر ہے اُن حضرات پر ان خرافات سے اعتراض کرنا محض بے سروپا ہے۔

الحاصل آنحضرت کا ترک علی الاطلاق مستلزم تحریم وممانعت نہیں۔ البتہ اس صورت میں جب کوئی خاص قرینہ مجتہدین کی سمجھ کے مطابق کسی فعل سے کف اور اجتناب پر دلالت کرے اس وقت البتہ آنحضرت کا ترک اس معنی کے لحاظ سے ممانعت کی دلیل ہو سکے گا۔

قولہ- چوں ذکر الٰہی ہمچو اذان
عیدین و نماز نفل بعید گاہ الخ۔

اقول- اولاً ذکر رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم را کہ علی الاطلاق مرغوب
شارع ست و مقید بہ ہیئتی و مخصوص بہ
قیدے نیست بر خصوص تقریر سنت
اذان برائے عیدین کہ سنت مخصوص
فرائض ست قیاس نمودن و از آں حکم
ضلالت استنباط کردن قیاس مع
الفارق ست کہ در تعیین سنن خاصہ
برائے صلوات مخصوصہ البتہ خصوصیت
قول و فعل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
ضرورست و امریکہ از قول و فعل
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

قولہ- جب ذکر الٰہی مثلاً اذان
عیدین اور عیدگاہ میں نماز نفل الخ

اقول- اولاً رسول اللہ ﷺ
کا تذکرہ جو علی الاطلاق شارع کو
مرغوب ہے، کسی ہیئت سے مقید اور
کسی قید سے مخصوص نہیں اس کا
قیاس عیدین کے لئے اُس اذان کی
تقریر سنت کے خصوص پر کرنا جو
فرائض کی مخصوص سنت ہے اور اس
سے گمرہی کا حکم مستنبط کرنا قیاس مع
الفارق ہے۔ کیونکہ مخصوص نمازوں
کیلئے خاص سنتوں کی تعیین میں البتہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و
فعل کی خصوصیت ضروری ہے۔ اور جو
امر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے

ثابت نباشد اعتبار آں امر مخصوص
بطور سنیت برائے کدامی نماز نمی تواں
نمود علماء تصریح فرمودہ اند کہ اگر در
عیدین ہم بجائے اذان کدامی ذکر
دیگر نہ بطور سنیت بلکہ بلحاظ دعائے
خلق گفتہ شود البتہ حسن ست کہ مندرج
ست در عمومات شارع۔

ملا علی قاری علیہ الرحمہ در مرقاۃ از
باب العیدین در فصل ثالث در شرح لا
اذان و لا اقامۃ و لا نداء گفتہ۔

فینبغی ان یفسر النداء
بالاذان لانہ یستحب ان
ینادی لھا الصلوۃ جامعۃ
بالاتفاق و عن ابن الزبیر
رضی اللہ عنہ انہ اذن لھما
وقال ابن المسیب اول
من اذن لصلوۃ العیدین

قول و فعل سے ثابت نہیں ہے اُس کا
اعتبار کسی نماز کی سنت کے بطور نہیں
کر سکتے علماء نے صراحت فرمائی
ہے کہ۔ اگر عیدین میں بھی اذان
کے بجائے کوئی دوسرا ذکر بطور سنت
نہیں بلکہ لوگوں کو بلانے کی غرض سے
کیا جائے یقیناً مستحسن ہے اسلئے کہ
شارع کے عمومات میں مندرج ہے۔

ملا علی قاری علیہ الرحمہ نے
مرقات باب العیدین کی تیسری
فصل میں ”لا اذان و لا اقامۃ
و لا نداء“ کی شرح میں فرمایا۔

”پس نداء کی تفسیر اذان سے کرنی
چاہئے کیونکہ نماز عیدین کے لئے
”الصلوۃ جامعۃ“ کہنا بالاتفاق
مستحب ہے اور حضرت ابن زبیر
رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں
نے عیدین کے لئے اذان دی تھی
اور حضرت ابن مسیّب نے کہا ہے
کہ حضرت امیر معاویہ پہلے وہ آدمی

معاوية رضی اللّٰہ تعالیٰ عنه
الخ۔

وثانیاً درخصوص اذان عید ہم کہ
از مجتہدات بعض صحابۂ کرام بودہ
اطلاق ضلالت بطور یکہ داخل عقائد
نجدیہ ست محل کلام ست وحال بطلان
قیاس بر تنفل قبل عید وصحیح نبودن اطلاق
ضلالت بر فاعل ومجوز ومستحسن آں و
تعارض روایت منقولہ صاحب رسالہ
بروایت ممانعت نفرمودن حضرت امیر
المؤمنین کرم اللہ وجہہ ازاں کہ دیگر
مفسرین وفقہاء نقل فرمودہ اند از ما
سبق ظاہر ست۔

قطع نظر از آنہمہ میگویم کہ
ہماں حضرت امیر کرم اللہ وجہہ قایل
تجویز و استحسان جہر تکبیر در عید
فطر بودہ اند باوجود یکہ

ہیں جنہوں نے عیدین کے لئے
اذان کہی ہے۔

ثانیاً بعض صحابۂ کرام کا مجتہد،
خاص عید کے اذان میں بھی ضلالت
کا ایسا اطلاق جو عقائد نجدیہ میں
داخل ہے محل کلام ہے اور نماز عید
سے پہلے نفل کی ادائیگی پر قیاس کا
بطلان اور اس کو مستحسن اور جائز سمجھنے
والوں اور کرنے والوں پر ضلالت
کے اطلاق کی عدم صحت اور صاحب
رسالہ کی منقول روایت کا حضرت
امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہ کی عدم نہی
والی اُس روایت سے تعارض ماسبق
سے ظاہر ہے جس روایت کو دوسرے
فقہاء اور مفسرین نے نقل فرمایا ہے۔

ان تمام باتوں سے صرف نظر
کرکے میں کہتا ہوں کہ یہی حضرت
امیر المؤمنین کرم اللہ وجہہٗ عید الفطر
میں بالجہر تکبیر کے استحسان و تجویز
کے قائل رہے ہیں اس کے باوجود

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم در عید فطر
ترک آں فرمودہ اند وصرف در عید اضحیٰ
جہر نمودہ اند بلکہ بعض فقہاء را در ثبوت
جہر از آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام در
عید اضحیٰ ہم کلام ست۔

در غنیۃ المستملی در بحث اختلاف
حضرت امام اعظم وصاحبین وے رضی
اللہ تعالیٰ عنہم در جہر تکبیر فطر وعدم آن بعد
ذکر دلائل طرفین واجوبۂ آں فرمودہ۔

"والذی ینبغی ان یکون
الخلاف فی استحبا ب
الجهر و عد مها لا فی کر اهته
وعد مها فعند هما یستحب
الجهرو عنده الاخفاء افضل
لان الجهر قد نقل عن کثیر
من السلف کا بن عمر رضی اللہ عنہ
وعلی رضی اللہ عنہ وابو امامة البا
هلی رضی اللہ عنہ الخ۔

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے
عید الفطر میں جہر ترک فرمایا ہے اور
صرف عید اضحیٰ میں جہر کیا ہے۔ بلکہ
بعض فقہاء کا عید اضحیٰ میں بھی
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جہر کے
ثبوت میں کلام ہے۔

غنیۃ المستملی میں امام اعظم
اور صاحبین رضی اللہ عنہم کے مابین
عید الفطر میں تکبیر کے جہر میں اختلاف
کی بحث میں طرفین کے دلائل اور ان
کے جوابات نقل کرنے کے بعد فرمایا:

" اختلاف جہر کے استحباب
اور عدم استحباب میں ہونا چاہئے،
کراہت اور عدم کراہت میں نہیں۔
اس بناء پر صاحبین کے نزدیک جہر
مستحب ہوگا اور امام کے نزدیک
اخفاء افضل ہوگا۔ کیونکہ جہر بہت
سارے اسلاف جیسے حضرت ابن عمر
حضرت علی اور حضرت ابو امامہ باہلی
رضی اللہ عنہم سے مروی ہے" الخ

حالا صاحب رسالہ رابایداز
خرافات خود توبہ نماید کہ از قول فاسدش
حکم ضلالت صحابہ ٔ کرام لازم می آید
معاذالله من ذالك الفساد۔

قولہ وتخریج ابن حجر وتمثیل
آن بصوم عاشوراء قیاس مع الفارق
است الی قولہ دربنجا احیای سنت
موسوی نیست تسمیہ ٔ ایں استنباط
غفلت مناط بقیاس محض بے اصل وبی
اساس ست الخ۔

اقول- منشاء ایں طعن وملام
برکلام ائمہ اعلام خودرائی وہرزہ سرائی
ست باید دریافت کہ غایت تگاپوی
وہم مبطلین شرف ایام ولادت
باسعادت ومنکرین استحباب اعادہ ٔ
شکرنعمت ہمیں ست کہ ایام لاحقہ را
باز مان سابقہ موافقتے پیدا نیست

اب صاحب رسالہ کو اپنے
خرافات سے توبہ کر لینی چاہئے
کیونکہ اس کے فاسد قول سے صحابہ ٔ
کرام پر گمراہی کا حکم لازم آتا ہے۔
اس فساد سے خدا کی پناہ۔

قولہ- اور ابن حجر کی تخریج
اور اس کی روزہ ٔ یوم عاشورہ سے
تمثیل قیاس مع الفارق ہے۔ الیٰ
قولہ- اور یہاں سنت موسوی کا احیاء
نہیں ہے پس اس غفلت آمیز
استنباط کا قیاس نام رکھنا محض بے
اصل وبے بنیاد ہے۔

اقول- ائمہ ٔ اسلام کے کلام
پر اس طعنہ اور ملامت کا منشاء خود بینی
اور بےہودگی ہے۔ معلوم ہونا چاہئے
کہ ایام ولادتِ باسعادت کے شرف
کو باطل قرار دینے والوں، اور اعادہ ٔ
شکر نعمت کے استحباب کے منکروں
کے وہم کی انتہائی تگ ودو یہ ہے کہ
زمانہ ٔ لاحقہ کو زمانہ ٔ سابقہ
سے کوئی یکسانیت ظاہر نہیں

وبرای ادای شکرنعمت بعدمرورزمان
اصلی بہ شرع ہویدانیست۔
امام حافظ ابوالفضل۔ ابن حجر
بجہت دفع این وہم اصلے برای
استحباب اعادہ ٔ شکر نعمت وادای
آں بعد مرورازمان درنظیر آن یوم
ازشرع شریف ذکرفرمودہ۔
حالاخرافات صاحب رسالہ باید
دید کہ چقدر سرگردان گردید ویک لفظ
ہم نفہمید وباوجود آن الفاظ تشنیع ائمہ
دین مستندان مقتدایان خود کہ سنت جا
ہلان ست برزبانش رسید اماحیف کہ
مضمون ایں شعراز کسے نہ شنید

یاناطح الجبل الراس لتصدعه
ارحم علی الراس ولا ترحم علی الجبل

اور اصلی زمانہ گذر جانے کے بعد شکر
نعمت کی ادائیگی کے لئے شریعت میں
کوئی دلیل موجود نہیں۔
امام حافظ ابوالفضل ابن حجر
نے اعادہ ٔ شکر نعمت کے استحباب اور
زمانہ گذر جانے کے بعد اس دن کی
نظیر میں اس کی ادائیگی کو شرع
شریف سے اسی لئے ذکر فرمایا تا کہ
اس وہم اصلی کا دفاع ہو جائے۔
اب صاحب رسالہ کے
خرافات کو دیکھنا چاہئے کہ کس قدر سر
گرداں ہوا اور ایک لفظ بھی سمجھ نہ
سکا۔ اس کے باوجود جاہلوں کی روش
کے مطابق اپنے پیشواؤں اور
مستندین ائمہ ٔ دین کے لئے تشنیع
کے الفاظ اس کی زبان پر آئے۔ مگر
افسوس کہ اس شعر کا مفہوم کسی سے
نہیں سنا ؎

پہاڑ کو توڑنے کے لئے اس
سے اپنا سر ٹکرانے والے! اپنے سر
پر رحم کھا۔ پہاڑ پر نہیں۔

از منسوخیت افراد صوم عاشوراء
ومشروعیت ضم تاسع مع العاشر وبودن
علتش موافقت جناب موسوی علیه
السلام مضرتی باامام عسقلانی نرسیده پس
همه تطویل لاطائل صاحب رساله عبث
گردیده حضرت موسی علیه السلام که
برائے شکر نعمت پروردگار عبادت او
تعالی ادا نمودند وجناب حضرت خاتم
رسالت بعد مرور دهور ازوفات
حضرت موسی علیه السلام درنظیر آن یوم
اعادۂ شکر نعمت بعبادت بقصد موافقت
حضرت موسی علیه السلام فرمودند اصلے
اصیل برائے استحباب اعادۂ شکر نعمت
بعد زمان طویل درنظیر آن زمان
بثبوت رسیده وقول مبطلین ومنکرین
مردود گردیده دانا نیک میداند که
اعتراض فاسد مبطلین معاذاللّٰه

صرف یوم عاشوراء کے روزہ
کی منسوخیت اور دسویں تاریخ کے
روزہ کے ساتھ نویں تاریخ کا روزہ
ملا دینے کی مشروعیت اور اس کی
علت جناب موسوی سے موافقت کی
بناء پر امام عسقلانی کو کوئی ضرر نہ
پہونچا۔اسلئے صاحب رسالہ کی تمام
تطویل لا طائل بے کار ہوگئی۔
حضرت موسیٰ علیہ السلام جنھوں نے
پروردگار کی نعمت کے شکریہ میں اس
کی عبادت ادا کی اور جناب خاتم
رسالت نے حضرت موسیٰ علیہ السلام
سے موافقت کی نیت سے عبادت کر
کے اعادہ شکر نعمت فرمایا ایک لمبے
زمانے کے بعد اس کی نظیر میں اعادۂ
شکر نعمت کے استحباب کے لئے اس
عمل کا ایک مستحکم اصل ہونا پایۂ
ثبوت کو پہونچ گیا اور مُبطلین و
منکرین کا قول مردود ٹھہرا۔
عاقل بخوبی جانتا ہے کہ
مبطلین کا فاسد اعتراض معاذ اللہ

برحدیث جناب خاتم رسالت هم وارد
می تواں شد که آن عاشوراء که حضرت
موسیٰ علیه السلام دراں نعمت نجات یا
فتند و ادائے شکر آن نعمت دراں
عاشوراء نمودند صدها سال قبل گذشته
پس این عاشوراء را بآن عاشوراء چه
مناسبت وایں شکر را که بعد مرور دهور
ازظهور نعمت بود بہ شکر موسیٰ علیه السلام
چه موافقت الیٰ غیر ذلك من
الخرافات والوساوس عصمنا
اللّٰه تعالیٰ من تلك
الاوهام والهوا جس۔
باقیماند احتمال اینکه صاحب
رساله قدم برجعت قهقری انداز دو
متنبه گردیده از ثبوت بودن صوم
آنحضرت صلی اللّٰه علیه وسلم بقصد
ادائے شکر نعمت و اعادۂ آں

جناب خاتم رسالت کی حدیث پر
بھی وارد ہوسکتا ہے کہ وہ عاشورہ
جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام
نے نجات پائی اور اس نعمت کا شکریہ
جس عاشوراء میں ادا کیا گیا۔
سیکڑوں سال پہلے گذرا ہے۔پس
اس عاشوراء کو اُس عاشوراء سے کیا
مناسبت اور اس شکر کو جو نعمت کے
ظہور کے طویل زمانہ کے بعد ہوا
موسیٰ علیہ السلام کے شکر سے کیا
موافقت الیٰ غیر ذلك من
الخرافات والوساوس۔اللہ
رب العزت ہمیں ان اوہام و
خیالات سے محفوظ رکھے۔
رہ گیا اس کا احتمال کہ صاحب
رسالہ الٹے پاؤں واپس ہوتا ہے
جناب موسیٰ علیہ السلام کی موافقت
ادائے شکر نعمت واعادۂ شکر نعمت کی
نیت سے آنحضرت ﷺ کے روزہ
کے ثبوت پر آگاہ ہوتے ہوئے بھی

وموافقت جناب موسوی علیہ السلام
نیز انکار سازد چنانکہ چندے از سفہاء
بدان تفوہ می نمایند گویم ایں احتمال
مخالف روایت کثیرہ از احادیث صحیحہ و
تحقیقات ائمہ دین از شراح حدیث
ست علامہ عینی در شرح صحیح بخاری
آوردہ۔

قال الامام الطحاوی بعد
ان روی الحدیث ففی هذا
الحدیث ان رسول الله صلی
الله علیه وسلم انما صامه
شکر الله عزو جل فی اظهار ه
موسیٰ علیه السلام علی
فرعون فذلك علی الاختیار
لا علی الفرض و فیه بحث
لانه لقائل ان یقول لانسلم
ان ذلك علی الاختیار دون
الفرض لانه علیه السلام
امر بصومه والامر المجرد
عن القرائن یدل علی
الوجوب و کونه ﷺ

اس کا انکار کرتا ہے جیسا کہ چند
احمقوں نے ایسا کہنے کی جرأت بھی
کی ہے۔ میں کہوں گا کہ یہ احتمال
احادیث صحیحہ کی کثیر روایتوں اور
حدیث کے شارحین ائمہ دین کی
تحقیقات کے خلاف ہے۔ علامہ عینی
نے شرح صحیح بخاری میں نقل کیا ہے۔
"امام طحاوی نے حدیث کی
روایت کرنے کے بعد فرمایا کہ اس
حدیث میں یہ ہے کہ رسول اللہ
ﷺ نے اللہ عزوجل کا اس بناء پر
شکر ادا کرنے کے لئے روزہ رکھا
کہ اس نے فرعون کے مقابلہ میں
حضرت موسیٰ علیہ السلام کو غلبہ عطا
فرمایا۔ تو یہ روزہ مستحب ہے فرض
نہیں۔ اور اس میں بحث ہے کوئی
کہہ سکتا ہے کہ ہمیں تسلیم نہیں کہ وہ
مستحب ہے فرض نہیں۔ اس لئے کہ
حضور ﷺ نے اس روزہ کا امر فرمایا
اور قرائن سے مجرد امر وجوب پر
دلالت کرتا ہے اور حضور ﷺ کا

صامه شکرا لله لا ینافی
کونه للوجوب کما فی سجدة صٓ
فان اصلها للشکر مع انها واجبة الخ۔

ایں ست حال جواب تخریج
حافظ ابن حجر کہ صاحب رسالہ بکمال
جاں فشانی باظہار تبحر خود واشعار
غفلت علامہ ممدوح دراں پرداختہ و
بیاکانہ کلمات طعن و تشنیع تحریر ساختہ و
ہمبریں قیاس حال رد تخریج حافظ
سیوطی باید فہمید کہ صاحب رسالہ
باوجود تطویل کلام باصل مرام نرسید۔

قولہ۔ تخفیف عذاب ابولہب
برتقدیر صحت فعل حضرت الٰہی ست بندہ
را اقتداء بافعال حق جل وعلا و قیاس
نمودن براں مشروع نیست الخ۔

بطور شکر روزہ رکھنا اس کے وجوب
کے منافی نہیں ویسے ہی جیسے سجدۂ
"صٓ" میں کہ اصلاً وہ شکر کیلئے ہے
اس کے ساتھ ساتھ واجب بھی۔ الخ

یہ رہا حال حافظ ابن حجر کی
تخریج کے جواب کا جس میں
صاحب رسالہ اپنی قابلیت کے
اظہار کے لئے کمال جانفشانی سے
علامہ موصوف کی غفلت بتانے میں
مشغول ہوا ہے اور بے باکی سے
طعن و تشنیع کے کلمات بولے ہیں اور
اسی قیاس پر حافظ سیوطی کی تخریج کی
تردید کا حال سمجھنا چاہئے کہ تطویل
کلام کے باوجود اصل مقصود تک صاحب
رسالہ کی رسائی نہیں ہوسکی ہے۔

قولہ۔ صحت کی تقدیر پر،
ابو لہب کے عذاب کی تخفیف
حضرت الٰہی کا فعل ہے بندہ کو اللہ
تعالیٰ کے فعل کی اقتداء اور اُس پر
قیاس کرنا مشروع نہیں ہے۔ الخ

اقول - بر تقدیر تسلیم صحت
روایت تخفیف عذاب ایں مقال فاسد
ست چہ ازاں روایت کہ ظہور اثر نعمت
بابرکت در ہر یوم الاثنین و پسندیدگی
حق تعالیٰ اظہار فرحت ولادت را
ظاہر ست پس البتہ برائے دفع قول
منکرین و اثبات برکت ایام ولادت
حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم و
بقاء آں برکت در نظایر یوم ولادت
اصلے بثبوت رسیدہ وجواب صاحب
رسالہ کئے متوجہ گردیدہ کجا ثبوت
بقائے شرف ولادت در نظائر ایام
ولادت وبرکت فرحت وجود آں نعمت
وکجا اقتداء بندہ بافعال خاصہ الٰہیہ۔

قولہٗ - ادعائے توارث غلطیٔ
فاحش است الخ۔

اقول - روایت تخفیف عذاب کی
صحت مان لینے کی تقدیر پر یہ گفتگو
فاسد ہے۔ اسلئے کہ ہر دوشنبہ کو نعمت
بابرکت کے اثر کا ظہور، اور اللہ تعالیٰ
کا اظہارِ شادمانیٔ ولادت کو پسند کرنا
، جس روایت سے ثابت ہے، اُس
سے ، منکرین کے قول کا دفاع اور
حضرت سید المرسلین ﷺ کے ایام
ولادت کی برکت اور یومِ ولادت
کے نظائر میں اس برکت کی بقاء
ثابت کرنے کے لئے ایک اصل کا
ثبوت ہوتا ہے۔ اور صاحب رسالہ
کا جواب کب متوجہ ہے ایام ولادت
کے نظائر میں شرف ولادت اور اس
نعمت کے وجود پر برکتِ فرحت کی
بقاء کہاں اور کہاں بندہ کا اللہ کے
خاص افعال کی اقتداء کرنا۔

قولہٗ - توارث کا دعویٰ کھلی
غلطی ہے۔ الخ

اقول - ایں جواب متوجہ
نیست کہ استدلال بہ توارث علمائے
اعلام و اعاظم دین و اکابر مسلمین و جم
غفیر از اعاظم عرب وعجم بودہ پس گو معنیٔ
اصطلاحیٔ اصولیٔ اجماع براں صادق
نیاید اما انکار از ثبوت توارث از جم غفیر
و جماعت کثیر علماء اعلام و قضاۃ و
مفتیان اسلام و اعاظم دین و اکابر
مسلمین نتواں نمود۔

مگر آنکہ صاحب رسالہ وطائفہ
او آنہمہ حضرات کرام را جہال وضلال
گویند و بحسب ظاہر تصریح ایں کلمہ از
صاحب رسالہ مستبعد ست کہ خود ہم
آنحضرات را داخل فقہاء و محدثین
میدارد و سندمی آرد پس بر تقدیر تسلیم
اختلاف ہم حکم ضلالت در مسئلۂ فرعیہ
باطل خواہد بود۔

اقول - یہ جواب متوجہ نہیں اسلئے
کہ علماء اعلام ، اعاظم دین ، اکابر
مسلمین اور عرب وعجم کے اعاظم کی
بھاری جماعت کے توارث سے
استدلال پر بھلے اجماع کا اصولی اور
اصطلاحی معنی صادق نہ آئے لیکن
علماء اعلام، قضاۃ ومفتیانِ اسلام،
اعاظم دین اور اکابر مسلمین کی کثیر
جماعت کے توارث سے انکار نہیں
کیا جاسکتا۔

مگر چونکہ صاحب رسالہ اور
اس کی جماعت کے لوگ، اُن تمام
حضرات کو جاہل وگمراہ کہتے ہیں اور
باعتبار ظاہر اس بات کی صراحت
صاحب رسالہ سے بعید ہے کیونکہ
خود بھی ان حضرات کو فقہا ء اور
محدثین میں شامل مان کران سے
استناد کرتا ہے پس اختلاف مان
لینے کی تقدیر پر بھی ایک فرعی مسئلہ
میں گمراہی کا حکم لگانا باطل ہوگا۔

وثانیاً صاحب رسالہ بنام جواب
تطویل می سازد و برکتب متندین
خویش نظر نمی اندازد محققین متندین
صاحب رسالہ کہ در مسائل مختارۂ خود
بادلیل توارث حسن آں ثابت می نمایند
و ماخوذ مفتیٰ بہ حسن آں قرار مید ہند کجا
اجماع تمام امت از صدر اول وغیرہم
ثابت نمودہ اندو کئے بریں شرط عمل
فرمودہ اند در در مختار در بحث تکبیر
بعد نماز عید آوردہ۔

لا بأس به عقب العيد
لان المسلمين توارثوه
فوجب اتباعهم و عليه
البلخيون و لا يمنع العامة من
التكبير في الاسواق في
الايام العشر وبه ناخذ بحر و
و مجتبی وغیرہ۔

ثانیاً صاحبِ رسالہ جواب کے
نام پر تطویل تو کرتا ہے مگر اپنے متندین
کی کتابوں پر نظر نہیں ڈالتا۔ صاحب
رسالہ کے وہ متندین محققین جنہوں
نے اپنے مختار مسائل کا حسن،
توارث کی دلیل سے ثابت کیا ہے
اور حسن کے سبب سے ہی ان کے
ماخوذ اور مفتیٰ بہ ہونے کا قول کیا ہے
انہوں نے صدر اول وغیرہ سے تمام
امت کا اجماع کہاں ثابت کیا ہے؟
اور کب اس شرط پر عمل پیرا ہوئے ہیں۔
بعد نماز عید تکبیر کی بحث میں در مختار
میں منقول ہے۔

"عید کے بعد تکبیر میں کوئی
حرج نہیں اسلئے کہ مسلمانوں کا اس
پر توارث ہے اور ان کی اتباع
واجب ہے، بلخیوں کا یہی مسلک
ہے اور عام لوگوں کو ذوالحجہ کے دس
دنوں میں، بازاروں میں تکبیر سے
منع نہیں کیا جائے گا۔ ہم اسی سے
اخذ کرتے ہیں۔ بحر مجتبیٰ وغیرہ۔"

وہم در بحر در بیان خطبہ آوردہ
"وفي التجنيس و ذكر الخلفاء
الراشدين مستحسن بذلك جرى
التوارث و بذكر العمين" الخ

قولہ - باید کہ اہل اجماع
کسانے باشند کہ مجتہد بوند الخ۔

اقول ایں قول ہم متوجہ نیست
اگرچہ اجتہاد شرط اجماع اصطلاحی اہل
اصول ست اما در مسائل فرعیہ اتفاق
محققین ہم باوجود مر اعصار برائے
حجیت مثل اجماع مصطلح کفایت میکند۔
در مسلم در بحث اجتہاد فی
المذاہب آوردہ۔

على ان اتفاق العلماء
المحققين على ممر الاعصار
حجة كالاجماع الخ .

قولہ - نیت آں بزرگواران کہ
باستحسان واستحباب ایں عمل قائل اند

نیز بحر کے بیان خطبہ میں
منقول ہے۔
"تجنیس میں ہے۔ خلفاء
راشدین اور عمین کریمین کا خطبہ
میں ذکر مستحسن ہے توارث اسی پر رہا
ہے۔"

قولہ - اہل اجماع مجتہدین کو
ہونا چاہئے الخ

اقول - یہ قول بھی متوجہ نہیں۔
اگرچہ اجتہاد اہل اصول کے اجماع
اصطلاحی کی شرط ہے، لیکن فرعی
مسائل میں محققین کا اتفاق بھی
مرور ازمنہ کے باوجود حجت کیلئے
اصطلاحی اجماع کی طرح کافی ہے۔
مسلّم میں اجتہاد فی المذاہب
کی بحث میں منقول ہے۔
"مرور زمانہ کے باوجود محققین علماء
کا اتفاق اجماع کی طرح حجت ہے۔"

قولہ - اس عمل کے استحباب و
استحسان کا قول کرنے والے بزرگوں

بخیر است و در تورع و طہارت ایں کرام شک نیست لیکن ایں قول مردود ست باینکہ کلام عباد و زہاد بے اجتہاد و استنباط شرعی ہرگز صالح عمل نیست الخ۔

اقول۔ چنانکہ در تورع و طہارت ایں کرام شکی نیست در بودن ایں حضرات از ائمۂ اعلام و محققین دین اسلام وارکان شرع مبین حضرت سید الانام ﷺ ہم ہیچگونہ شکی نیست و گو اجتہاد مطلق استقلالی ایشا نرا حاصل نیست اما تبحر علوم دینیہ و جامعیت اصول و فروع مذاہب خود ہا و بلکہ تحقیق و تدقیق برطبق اصول مجتہدین حاصل بالیقین ست پس استحسان ایں ائمہ کرام کہ موافق بکتاب و سنت و مندرج در عمومات مندوبات شریعت

کی نیت بہ خیر ہے۔ اور ان کی طہارت وتقویٰ میں شک نہیں لیکن یہ قول مردود ہے کیونکہ شرعی اجتہاد و استنباط کے بغیر، عابدوں اور زاہدوں کا کلام ہرگز قابل عمل نہیں۔ الخ

اقول۔جسطرح ان حضرات کی طہارت وورع میں کوئی شک نہیں ہے یونہی ان کے ائمۂ اعلام محققین دین اسلام اور حضرت سید المرسلین ﷺ کے شرع مبین کے ارکان ہونے میں بھی کوئی شک نہیں۔ گو مطلق اور مستقل اجتہاد انہیں حاصل نہیں لیکن علوم دینیہ میں مہارت، اپنے مذاہب کے اصول و فروع کی جامعیت اور مجتہدین کے اصول کے مطابق تحقیق و تدقیق کا ملکہ یقیناً حاصل ہے پس اپنے ائمۂ کرام کا وہ استحسان جو کتاب وسنت کے موافق، مستحباتِ شریعت کے

وغیر مزاحم و مخالف بکدامی سنت ست البتہ صالح عمل ست و نسبت ضلالت و تہمت معارضۂ کتاب و سنت براں ائمۂ امت محض بیجا و مہمل ست۔

قولہٗ۔ومن ثم قال فی مجالس الابرار ومن لیس من اهل الاجتهاد من الزهاد والعباد فهو فی حکم العوام لا یعتد بکلامه انتهیٰ۔

اقول۔استناد بکلام مجالس الابرار ہمان مثل ست کہ جہلہ لا تقربوا الصلوٰۃ را پیش نظر دارند و کریمہ و انتم سکاریٰ را پس پشت انداختہ کان لم یکن انگارند ایں قدر خیال نکردہ کہ صاحب مجالس دریں قول استثناء ہم نمودہ و متصل ہمیں قول نوشتہ الا ان یکون موافقا للاصول والکتاب المعتبر الخ۔

عموم میں مندرج اور کسی بھی سنت کے غیر مزاحم وغیر مخالف۔ ہے یقیناً عمل کے قابل ہے اوران ائمۂ دین کی طرف گمراہی کی نسبت، اور کتاب وسنت سے معارضہ کی تہمت محض بے جا اور مہمل ہے۔

قولہٗ۔اور اسی بناء پر مجالس ابرار میں کہا ہے کہ جو عابدین و زاہدین اہل اجتہاد نہ ہوں وہ حکم عوام میں ہیں ان کا کلام معتد بہ نہیں ہے۔

اقول۔مجالس ابرار کے کلام سے استناد کی مثال ویسی ہی ہے جیسا کہ جاہل لا تقربوا الصلوٰۃ تو دیکھتے ہیں اور "وانتم سکاریٰ" کو پس پشت ڈال کر یوں سمجھتے ہیں کہ وہ ہے ہی نہیں اتنا بھی خیال نہیں کیا کہ صاحب مجالس نے اس قول میں استثناء بھی کیا ہے، اور اسی قول سے متصل تحریر کیا ہے کہ مگر یہ کہ اصول اور کتابِ معتبر کے موافق ہو۔الخ

پس ایں عمل کہ اولیاء کرام التزام و
اہتمام آں فرمودہ اند موافق کتب
معتبرہ مشہورہ ائمہ اعلام ست کہ حاوی
فروع و اصول و محقق معقول و منقول
بودہ اند۔

قولہ - استدلال بایں حدیث
دریں محل بے محل ست الخ۔

اقول - حال کمال حضرات
نجدیہ قابل تماشا ہست امرے را کہ
برائے اثبات مدعیات خود بجوش و
خروش دلیل میگردانند ہماں دلیل را
وقت ذکر مخالف ذلیل میگردانند بر
اہل دانش مخفی مباد کہ وہابیہ دہلی و
قنوج در رسالہ تفہیم المسائل کہ بکمال
جدو جہد برائے حفظ آبروئے
مقتدایان خود در سالہا سال بتالیف
آں پرداختہ اند در مسئلہ استمداد

پس یہ عملِ میلاد جس کا اہتمام
و التزام اولیاء کرام نے کیا ہے اُن
ائمہ اعلام کی مشہور و معتبر کتابوں کے
موافق ہے جو حاوی فروع و اصول
اور محقق معقول و منقول رہے ہیں۔

قولہ - اس حدیث یعنی اذا
اختلف الناس فعلیکم بالسواد الاعظم
سے یہاں استدلال بے محل ہے الخ

اقول - نجدی حضرات کے
کمال کی حالت قابل تماشہ ہے۔
جس امر کو اپنے دعووں کے اثبات
کے لئے جوش و خروش کے ساتھ
دلیل بناتے ہیں اسی دلیل کو مخالف
کے ذکر کے وقت ذلیل گردانتے
ہیں۔ اہل علم پر مخفی نہ رہے کہ دہلی
اور قنوج کے علماء نے، رسالہ تفہیم
المسائل میں، جس کی تالیف اپنے
پیشواؤں کی آبرو بچانے کے لئے
سالہا سال میں پوری جدوجہد کے
ساتھ کی ہے استمداد کے مسئلہ میں

باوجود اقرار اختلاف صرف لفظ
بسیاری از فقہاء را کہ در یک کلام محدث
دہلوی واقع گردیدہ سند خود فہمیدہ و از
دیگر تصریحات وی علیہ الرحمہ کہ در ہماں
مقام و در کتاب الجہاد از اں کتاب۔
وکتاب جامع البرکات و جذب
القلوب و تکمیل الایمان وغیرہا برائے
ارغام منکرین بہ تفصیل تمام نوشتہ اند چشم
پوشیدہ چہ قدر بلند آہنگی ساختہ اند۔
حیث قالو اتباع عامۂ فقہاء و
جماعت ایشان واجب ست زیرا کہ
امام احمد در مسند خود از معاذ بن جبل
رضی اللہ عنہ آوردہ۔

قال رسول اللہ ﷺ ان
الشیطان ذیب الانسان
کذیب الغنم یاخذ الشاذۃ
والقاصیۃ وایاکم والشعاب

اقرار اختلاف کے باوجود، محدث
دہلوی کے صرف ایک کلام میں واقع
لفظ "بسیاری از فقہاء" کو اپنی سند
سمجھ کر اور انہیں کی دوسری اُن
صراحتوں سے، جو اسی مقام میں اور
اس کتاب کے کتاب الجہاد میں،
کتاب جامع البرکات میں، جذب
القلوب اور تکمیل الایمان
وغیرھا میں، منکرین کو دھول
چٹانے کی خاطر کی ہیں۔ آنکھ بند کر
کے کیسا شور مچا رکھا ہے؟

انہوں نے کہا ہے کہ عام فقہاء
اور ان کی جماعت کی پیروی واجب
ہے اسلئے کہ امام احمد اپنی مسند میں
معاذ ابن جبل رضی اللہ عنہ سے
روایت کرتے ہیں کہ:

"رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم
نے ارشاد فرمایا کہ شیطان انسان کا
بھیڑیا ہے، جس طرح بکریوں کا
بھیڑیا ریوڑ سے دور رہنے والی بکری
کو پکڑتا ہے، تم بھی گھاٹیوں سے بچو،

و علیکم بالجماعة والعامة۔
وابن ماجہ درسنن خود از انس رضی
اللہ عنہ می آرد قال رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اتبعوا السواد الاعظم
فانہ من شذ شذ فی النار ۔
و ابو داود از ابو ذر رضی اللہ عنہ
روایت میکند قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
من فارق الجماعة شبرا فقد
خلع ربقة الاسلام من عنقه۔
شیخ عبد الحق در ترجمۂ مشکوٰۃ
بذیل حدیث اول می نویسد اشارت
ست بآنکہ معتبر اتباع اکثر وجمہور ست
چہ اتفاق کل در ہمہ احکام واقع بلکہ ممکن
نیست۔
ودر شرح حدیث ثانی حسین بن
عبداللہ طیبی ناقلا عن
المفردات می نویسد۔

جماعت اور علمۃ المسلمین کو لازم پکڑو۔"
ابن ماجہ اپنی سنن میں حضرت
انس سے نقل کرتے ہیں کہ:
"سواد اعظم کی پیروی کرو۔ جو
الگ ہوگا۔ جہنم میں جائے گا۔"
ابوداؤد نے حضرت ابوذر سے
روایت کی ہے۔
"رسول اکرم ﷺ نے ارشاد
فرمایا جو جماعت سے ایک بالشت
بھی علیحدہ ہوا اس نے اپنی گردن
سے اسلام کا پٹہ اتار پھینکا۔"
شیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ
الرحمہ مشکوٰۃ کے ترجمہ میں پہلی
حدیث کے تحت لکھتے ہیں کہ:
اس بات کی طرف اشارہ ہے
کہ اکثر اور جمہور کی اتباع معتبر ہے،
کیونکہ تمام احکام میں تمام کا اتفاق
واقع بلکہ ممکن نہیں ہے۔
دوسری حدیث کی شرح میں
حسین ابن عبد اللہ طیبی مفردات
سے نقل کرکے لکھتے ہیں۔

والسواد یعبر به عن
الجماعة الکثیرة — الیٰ ان قال۔
پس ازیں مذکور صاف واضح شد کہ
اتباع کثیر و جماعت لازم است الیٰ
آخرہ۔
افسوس کہ صاحب رسالہ
برسائل مسائل فارسیہ مؤلفہ مقتدایان
مذہب خود ہم نرسیدہ بے فائدہ درپے
تجہیل وتحقیر بلکہ تضلیل وتکفیر ائمۂ اہل
حق گردیدہ اما انچہ نوشتہ آرد حمقاء
جہالت کیش وسفہاء ضلالت اندیش
فریب میخورند ومیدانند کہ اینقدر انبوہ
کثیر از علماء چگونہ بر راہ باطل و
ناصواب سلوک خواہند کرد، الیٰ قولہ
حدیث اتبعوا السواد الاعظم
از اہل کتاب خود شنیدہ توثیق عقیدۂ
خویش می کنند الیٰ آخرہ۔

"سواد کی تعبیر جماعتِ کثیرہ
سے کی جاتی ہے۔ الیٰ ان قال۔ پس
اس مذکور سے صاف واضح ہوگیا کہ
کثیر لوگوں اور جماعت کی اتباع
لازم ہے الخ۔"
افسوس کہ صاحب رسالہ اپنے
مذہب کے مقتداؤں کی تالیف کردہ
فارسی زبان کے رسائل مسائل تک
بھی نہ پہونچا اور بے فائدہ ائمۂ
اہل حق کی تذلیل وتجہیل بلکہ تضلیل
وتکفیر کے درپے ہوگیا۔
صاحب رسالہ کی یہ تحریر کہ
"جہالت کیش احمق اور ضلالت
اندیش بے وقوف دھوکہ کھاتے ہیں
کہ اسقدر کثیر علماء کی جماعت کس
طرح باطل اور غلط راہ پر چل سکتی
ہے۔ الیٰ قولہ۔ اپنے اہل کتاب
سے "اتبعوا السواد الاعظم"
کی حدیث سنکر اپنے عقیدہ کی توثیق
کرتے ہیں۔ الخ

جواب ایں امر ہمیں بس ست
کہ اہل مذہب صاحب رسالہ ہم
بحوالۂ شروح ائمہ دین از احادیث
حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
لازم بودن اتباع کثیر و عامۂ علماء
جمہور محققین ثابت کردہ اند فما ھو
جوابکم فھو جوابنا۔

قولہٗ۔نمیدانند کہ ارباب حق
ازقدیم اندک بودہ اندوخواہند بودکما
فی التنزیل الا الذین آمنوا و
عملوا الصالحات و قلیل ماھم
الخ۔

اقول۔برائے ابطال استدلال
برائے اتباع سواد اعظم بذکر آیات
کریمہ بے فہم مطالب آنہا پرداختن
وایں امر کہ ارباب حق اندک بودہ
اندوخواہند بود از ان ثابت ساختن
و خود را از ارباب حق

اس کا جواب اتنا ہی کافی ہے
کہ صاحب رسالہ کے ہم مذہب
حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
کی احادیث اور ائمۂ دین کی شروح
کے حوالے سے کثیر لوگوں اور عام
علماء و جمہور محققین کی اتباع کا لزوم
ثابت کرتے ہیں جو جواب تمہارا وہی
جواب ہمارا۔

قولہٗ۔جانتے نہیں کہ ارباب
حق عہد قدیم سے ہی کم رہے ہیں
اور رہیں گے جیسا کہ قرآن کریم میں
ہے۔" سوائے ان کے جو ایمان
لائے اور نیک اعمال کئے اور وہ
بہت تھوڑے ہیں"

اقول ۔ سواد اعظم سے
استدلال باطل کرنے کی خاطر مطلب
سمجھے بغیر آیات کریمہ کے تذکرہ میں
مشغول ہونا،اُس سے یہ ثابت کرنا
کہ ارباب حق تھوڑے رہے ہیں
اور رہیں گے۔اپنے آپ کو اہل حق

قرار دادن و ائمہ مشہورین و محققین
دین متین را کہ اصول ایں مبتدعین ہم
باشند درزمرۂ اہل ضلالت نہادن اتباع
روافض ست کہ ایں وسوسہ پیش نمودہ
واہل حق ابطال ورد آں فرمودہ اند۔
درتحفہ اثنا عشریہ درفصل ثانی از
باب مکاید گفتہ۔
کید یازدہم آنکہ گویند مذہب
اثنا عشریہ حق است و مذہب اہلسنت
باطل زیرا کہ اثنا عشریہ درا کثر اوقات و
اکثر بلدان قلیل و ذلیل ماندہ
اند واہلسنت کثیر وعزیز وخدا تعالیٰ
درحق اہل حق می فرماید وقلیل
ماھم ونیز فرماید وقلیل من
عبادی الشکور ودریں تقریر
تحریف کلام اللہ است و تغلیط
مدلول آں زیرا کہ حق تعالیٰ

قرار دینا،اوران مشہور ائمہ و محققین
دین متین کو اہل ضلالت میں رکھنا جو
ان مبتدعین کے بھی مستند رہے ہیں۔
روافض کی اتباع ہے۔جنہوں نے یہ
وسوسہ پیش کیا اور اہل حق نے اس
کارد وابطال فرمایا۔
تحفۂ اثنا عشریہ، فصل ثانی،
باب مکائد میں ارشاد فرمایا۔
"گیارھواں مکر یہ ہے کہ وہ
مذہب اثنا عشریہ کو حق کہتے ہیں اور
مذہب اہلسنت کو باطل ۔ اسلئے کہ
اثناء عشریہ اکثر اوقات اور اکثر شہروں
میں ذلیل رہے ہیں اور اہلسنت کثیر
غالب اور اللہ تعالیٰ اہل حق کے
بارے میں فرماتا ہے"اور وہ بہت
تھوڑے ہیں" نیز فرماتا ہے"اور
میرے بندوں میں شکروالے کم ہیں
" اور اس تقریر میں کلام اللہ کی
تحریف اوراس کے مدلول کوغلط قرار
دینا ہے۔اسلئے کہ اللہ تعالیٰ نے اس

در حق اصحاب الیمین ایں امت
فرمودہ ست ثلة من الاولین و
ثلة من الآخرین وجائے کہ بقلت
وصف کردہ است کما قال ولا
تجد اکثرهم شاکرین۔
وفی الواقع شکر کہ صرف
العبد جمیع ما انعم الله علیه
الی ما خلق لا جله است مرتبۂ
ایست عزیز الوجود در ینجا بیان حقیت و
بطلان مذاہب نیست بیان قلت
شاکرین وکثرت غیر آنہاست وہمچنیں
در آیۂ "قلیل ماهم" بیان آنست
کہ عامل بجمیع اعمال صالحہ کمیاب ست
الاالذین اٰمنوا و عملو
الصالحات و قلیل ماهم دریں
آیت ہم ذکر عقاید حقہ غیر حقہ نیست و
اگر قلت و ذلت موجب حقیت شود
باید کہ نواصب وخوارج وزیدیہ وابطحیہ

امت کے اصحابِ یمین کے بارے
میں فرمایا ہے "اگلوں میں سے ایک
گروہ اور پچھلوں میں سے ایک
گروہ" اور جہاں قلت سے متصف
کیا ہے فرمایا "اور تو ان میں سے
اکثر کو شکر گذار نہ پائے گا"
درحقیقت شکر کا یہ مرتبہ نادر
الوجود ہے کہ بندہ اللہ کی عطا کردہ
تمام نعمتوں کا استعمال انہیں مقاصد
میں کرے جن کیلئے ان کی تخلیق ہوئی
ہے یہاں مذاہب کی حقانیت اور
بطلان کا بیان نہیں ہے، شاکرین کی
قلت و کثرت کا بیان ہے ۔ اسی
طرح آیت "قلیل ماہم" میں بھی
اس بات کا بیان ہے کہ تمام اعمال
صالحہ پر عمل کرنے والے کمیاب ہیں
عقائد حقہ اور غیر حقہ کا بیان نہیں ہے۔
اگر قلت و ذلت حقانیت کا
موجب بن جائے تو نواصب ،
خوارج" زیدیہ ابطحیہ، اور

و ناؤ سیہ احق و اولیٰ بحق باشند از
اثنا عشریہ کہ بسیار قلیل اند۔
بلکہ حق تعالیٰ در کتاب عزیز خود
جابجا ظہور وغلبہ وتسلط در شان اہل حق
وعدہ می فرماید:
و لقد سبقت کلمتنا
لعبادنا المرسلین انهم لهم
المنصورون وان جندنا لهم
الغالبون۔
وجائے فرمودہ:
ولقد کتبنا فی الزبور
من بعد الذکر ان الارض
یرثها عبادی الصالحون۔
وجائے دیگر وعد الله الذین
اٰمنوا منکم و عملوا الصالحات
لیستخلفنهم فی الارض کما
استخلف الذین من قبلهم

ناؤسیہ کو بدرجۂ اولیٰ ، برحق ہونا
چاہیۓ کیونکہ وہ اثنا عشریہ کے مقابلہ
میں بہت قلیل ہیں۔
بلکہ اللہ تعالیٰ اپنی کتابِ عزیز
میں جابجا اہل حق کی شان میں ظہور،
غلبہ اور تسلط کا وعدہ فرماتا ہے ۔
ارشاد ہے:
"اور بے شک ہمارا کلام
گذر چکا ہے کہ یقیناً ہمارے بھیجے
ہوئے بندوں کی ہی مدد ہوگی اور
بلاشبہ ہمارا لشکر ہی غالب آئے گا۔"
دوسری جگہ فرمایا:
"اور بے شک ہم نے زبور
میں نصیحت کے بعد لکھ دیا کہ اس
زمین کے وارث میرے نیک
بندے ہوں گے۔"
اور دوسرے مقام پر فرمایا "جو
لوگ تم میں سے ایمان لائے اور
اچھے کام کئے انہیں اللہ نے وعدہ دیا
کہ وہ انہیں زمین میں ضرور خلافت
عطا فرمائے گا ویسی ہی جیسی ان
سے پہلے والوں کو دی ۔

ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضی لھم۔ الی غیر ذلك من الآیات۔

ودر احادیث جابجا باتباع سواد اعظم امت وموافقت باجماعت تاکید فرمودہ اندالی آخرہ انتہی۔

قولہ - اگر مفہوم متبادر ایں لفظ مراد باشد کفار نسبت اسلامیان سواد اعظم اند اتباع ایشان واجب ست و اگر مقیدست بامت پس دریں امت مرحومہ نیز اصحاب ملل باطلہ نسبت باہل حق سواد اعظم چہ در حدیث وارد ست ستفترق امتی (الحدیث) وپیداست کہ ہفتاد ودوملت نسبت بہ یک سواد اعظم است پیروی آنہا نمائیند الخ۔

اقول - قطع نظر از انکہ علماء محققین از فقہاء ومحدثین بنابر حکم اتباع

اور اُن کے لئے ان کے اس دین کو جمادے گا جو اسے پسند ہے"

اور احادیث میں جا بجا امت کے سواد اعظم کی اتباع اور جماعت سے موافقت کی تاکید فرمائی گئی ہے۔ الخ انتہی۔

قولہ - اگر اس لفظ کا متبادر معنی مراد ہو تو مسلمانوں کی بہ نسبت کفار سواد اعظم ہیں۔ ان کی اتباع واجب ہوگی اور اگر امت سے مقید ہے تو تو اس امت مرحومہ میں بھی، باطل مذہب والے، اہل حق کی بہ نسبت، سواد اعظم ہیں اسلئے کہ حدیث میں آیا ہے۔ کہ میری امت تہتر فرقوں میں بٹ جائے گی بہتر جہنمی ہوں گے اور ایک جنتی ہوگا اور ظاہر ہے کہ بہتر فرقہ ایک کی بہ نسبت سواد اعظم ہیں انہی کی پیروی کرنی چاہیئے۔

اقول - اس سے قطع نظر، کہ علماء محققین فقہاء ومحدثین نے جمہور علماء دین اور ان کی اکثریت کی

جمہور علماء دین واکثر ایشان استدلال بایں ارشاد حضرت سید المرسلین ﷺ فرمودہ اند صاحب رسالہ ہمیں قدر فہمد کہ کبراء اوہم استناد بدان نمودہ اند پس بر صاحب رسالہ است دفع ایں تعارض و جواب ازیں تناقض اما احقر را کہ مرام بیان مطلب ست نہ قصد مجادلہ وشغب پس مختصرا میگویم کہ ایجاد احتمال اول در ارشاد آنخضرت بامثال اذا اختلف الناس فعلیکم بالسواد الاعظم محض الحاد است اما انچہ بر احتمال ثانی لازم گردانیدہ وانچہ دردلش آمدہ بے باکانہ بقلم رسانیدہ جوابش آنکہ در مسلم و شرح آں موجود است۔

اقول کثرۃ الفرق لا یستلزم کثرۃ الاشخاص

اتباع کے حکم پر حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے اسی ارشاد سے استدلال کیا ہے صاحب رسالہ اتنا بھی نہیں سمجھتا کہ اس کے بزرگوں نے بھی اسی حدیث سے استناد کیا ہے۔ اسلئے اس تعارض اور تناقض کا اٹھانا اور جواب دینا صاحب رسالہ کی ذمہ داری ہے لیکن احقر کا مقصود مطلب کا بیان ہے جھگڑا اور فتنہ نہیں اسلئے مختصراً عرض کرتا ہوں کہ آنخضرت کے امت سے اس ارشاد میں کہ "جب لوگوں کا اختلاف ہو تو سواد اعظم کو لازم پکڑو" پہلے احتمال کی ایجاد الحاد ہے اور احتمال ثانی کی تقدیر پر جس چیز کو لازم گردانا ہے اور جو کچھ دل میں آیا ہے بے باکانہ تحریر کیا ہے اس کا جواب وہ ہے جو مسلم اور اس کی شرح میں موجود ہے۔

"میں کہتا ہوں فرقوں کی کثرت، ان کے افراد کی کثرت کو

دستار بر سر کمتر نہادی از جہت غلبۂ
حرارت۔

امامی گویند کہ یک دستار بزرگ
اعلیٰ و یک پیراہن نفیس مہیا داشتی و
برائے نماز جمعہ و اعیاد پوشیدی و اگر
یکی از ابنائے دنیا آمدی نیز پوشیدے
وشیر وار در مجلس نشستی و ما قال
اللّٰہ و قال الرسول بہ ہیبت
وعظمت تمام گفتی چنانچہ زہرۂ ملوک
آب شدی بمریدان خود فرمودی کہ
اہل دین را باہل دنیا خوار نباید نمود کہ
اینہا مردم ظاہر بینند وفقیران را وبعضے
مجانین کہ دراں دیار بودند بسیار
دوست داشتی ودر راہی کہ سوار
میرفت چون مجاذیب رابدیدی از
اسپ فرو آمدی ودست بستہ ایستادی
و ہر چہ ایشان فرمودندی آن کردی

حالات میں معمولی کپڑا جو زیادہ
سفید نہ ہوتا پہنتے اور بیشتر اوقات
میں ان کے سر پر صرف ٹوپی ہوتی۔
اور نماز کا وقت چھوڑ کر سر پر دستار کم
ہی رکھتے کیونکہ حرارت غالب تھی۔
لیکن لوگوں کا کہنا ہے کہ ایک اعلیٰ
بزرگ دستار اور ایک عمدہ پیرہن مہیا
رکھتے جسے نماز جمعہ اور عیدین میں
استعمال کرتے ۔ اور اگر کوئی دنیادار
آجاتا تب پہن لیتے اور شیر کی طرح
مجلس میں بیٹھتے اور اللہ، رسول کی
باتیں پوری ہیبت اور عظمت کے
ساتھ یوں بیان کرتے کہ بادشاہوں
کا پتہ پانی ہوجاتا اور اپنے مریدوں
سے کہتے کہ اہل دین کو دنیا داروں
کے آگے کمتر نہیں دکھانا چاہئے
دیوانوں کو بہت محبوب رکھتے۔سواری
پر چلتے ہوئے راہ میں جب مجذوبوں
سے ملاقات ہوجاتی تو گھوڑے سے
اتر کر دست بستہ کھڑے ہوجاتے اور
جس چیز کا یہ لوگ حکم کرتے بجالاتے

واگر کسی پیش او ذکر غایبے باسخن لایعنی
کردی گفتی بابو خاموش باش و اگر
کسے نام او بتعظیم گرفتی چنانچہ رسم
مریدان باشد چشم پر آب کردی و گفتی
احمد نمودی زیانکار وہمچنیں نقلست کہ
خواجہ حسین را قدس سرہٗ نیز خوش
نیامدی کہ کسی تعظیم او کردی و گفتی بلا
حسین رانگ ورانگ کمینہ کسی را گویند
کہ کمترین کسان باشد رحمۃ اللہ علیہم ۔
واگر کسی پیش او آمدہ گفتی کہ من
حضرت ﷺ در خواب دیدہ ام
باادب نشستی و تمام قصۂ رؤیارا
بشنودی ودست وپائے او را ببوسیدی
و داماں و آستین اورا بروئے خود فرو
مالیدے بر جائے کہ آں شخص میگفت
کہ در فلان جادیدہ ام آنجا

اور اگر کوئی ان کے روبرو کسی غائب
کا لایعنی باتوں کے ساتھ تذکرہ کرتا
تو کہتے بابو! خاموش رہو۔ اور
اگر کوئی ان کا نام مریدوں کے دستور
کے مطابق تعظیم سے لیتا تو ان کی
آنکھیں ڈبڈبا جاتیں اور بولتے کہ
احمد کو تم نے برباد کردیا۔
یونہی منقول ہے کہ خواجہ حسین
قدس سرہٗ کو بھی یہ اچھا نہیں لگتا تھا کہ
کوئی ان کی تعظیم کرے وہ کہتے تھے
"بلا حسین رانگ رانگ کمینہ اسے
کہتے ہیں جو لوگوں میں سب سے کم
درجہ کا ہو رحمۃ اللہ علیہم۔
اور اگر کوئی ان کے سامنے آکر
کہتا کہ میں نے حضرت رسالت
ﷺ کو خواب میں دیکھا ہے تو باادب
بیٹھ جاتے اور خواب کا پورا ماجرا سنتے
اور اس کے ہاتھ پاؤں کو بوسہ دیتے
اور اس کے دامن اور آستین کو چہرے
پر خوب ملتے وہ شخص جب بتاتا کہ
میں نے فلاں جگہ دیکھا ہے تو وہاں

رفتی و بوسہ وادی وگرد آں جائے را
برروئے وموئے خود مالیدہ واگر سنگ
بودی آں سنگ رابشستی وآں آب را
بخوردی وبرتن و بر جامہ چون گلاب
پاشیدی واگر شخصی رابا سیدے دعویٰ و
خصومت شرعی بودی منت وشفاعت
چناں کردی کہ سخن سید بالا آمدی وگفتی
کہ باسادات سخن شریعت نباید کرد با
ایشان سخن بمروّت باید کرد الی آخرہ۔

حالا از صاحب رسالہ استفسار دو
امرمی رود یکی آنکہ برائے تائید کلام
خود حوالہ کتابی درامرے نمودن واز ما
سبق و مالحق بہ تصرف وتحریف چشم
پوشیدن داخل خیانت ست یانہ۔

دیگر آنکہ قطع نظر از آنکہ دراخبار
الاخیار مناقب حضرت شیخ احمد شیبانی
ذکر فرمودہ است صاحب رسالہ

جاتے اوراس جگہ کو چومتے وہاں کی
گرد چہرے اور بالوں پر ملتے اوراگر
وہاں پتھر ہوتا تو اسے دھوکر اس کا
پانی پی جاتے اور بدن اور کپڑوں پر
گلاب کی طرح چھڑکتے اوراگر کسی
شخص کا کسی سید پر کوئی دعویٰ ہوتا یا
شرعی خصومت ہوتی تو ایسی منت
سماجت کرتے کہ سید کی بات اوپر ہو
جاتی اور کہتے کہ سیدوں کے ساتھ
شریعت کی نہیں مروت کی بات کرنی
چاہیے الخ۔

اب صاحب رسالہ سے
دو باتیں دریافت طلب ہیں۔ نمبر
ایک یہ کہ اپنے کلام کی تائید کیلئے کسی
معاملہ میں کسی کتاب کا حوالہ دینا اور
سیاق وسباق سے بطور تصرف وتحریف
آنکھیں بند کرلینا خیانت میں داخل
ہے یا نہیں؟

نمبر دو اس سے قطع نظر کہ اخبار الاخیار
میں حضرت شیخ احمد شیبانی کے
مناقب مذکور ہیں۔ صاحب رسالہ کا

خود ادعاء حصر استناد خود بعلماء ومشائخ
معتمدین امت نمودہ است بریں
تقدیر تشنیعات وتعریضات او درحق
مجوزین وعاملین مولد ہمہ برباد شدند
کہ حال مستندین ومعتمدین او ایں
چنان ست فافهم ولا تتكلم۔

قولہ۔ نفس قیام برائے تعظیم
مطابق بیان شرعی علی الاطلاق مکروہ
است الخ۔

اقول۔ ایں ادعائے ست
مخالف تحقیق ائمہ محققین وتصریح
جمہور علماء دین اگر تحقیقات آنحضرات
را دریں جا بالاستیعاب قصد نمودہ آید
کتابی ضخیم گردد لہذا نظر بر اختصار
چیزے از علماء مشہورین معتمدین
صاحب رسالہ وامثالش ذکر می کنم
در درمختار گفتہ وفی الوهبانية
يجوز بل يندب القيام
تعظيما للقادم

خود یہ دعویٰ ہے کہ اس نے امت
کے قابل اعتماد علماء مشائخ ہی سے
استناد کیا ہے اس تقدیر، عمل میلاد کو
جائز قرار دینے والوں، اسے کرنے
والوں کے حق میں اسکی ساری
تعریضات وتشنیعات برباد ہوگئیں
کیوں کہ اسکے معتمدین ومستندین کا
حال ایسا ہے، بس سمجھو بولو مت۔

قولہ۔ شرعی بیان کے مطابق
نفس قیام تعظیمی علی الاطلاق مکروہ۔

اقول۔ آئمہ محققین کی تحقیق
اور جمہور علماء دین کی تصریح کے
خلاف یہ محض ایک دعویٰ ہے۔ اگران
حضرات کی تمام تحقیقات کا قصد کیا
جائے تو ایک ضخیم کتاب تیار ہوجائیگی۔
اس لئے اختصار کے مدنظر صاحب
رسالہ کے معتمد کچھ مشہور علماء اور
ان کے امثال کا تذکرہ کررہا ہوں
۔ درمختار میں کہا ہے۔ وہبانیہ میں
ہے آنے والے کیلئے قیام تعظیمی نہ
صرف جائز بلکہ مستحب ہے۔ ویسے

كما يجوز القيام ولو للقارى
بين يدى العالم الخ۔

شامی درحاشیہ نوشتہ ای انکان
ممن يستحق التعظيم وقال
فى الغنية قيام الجالس فى
المسجد لمن دخل عليه
تعظيما وقيام قارى القرآن
لمن يجئى تعظيما لا يكره اذا
كان لمن يستحق التعظيم وفى
مشكل الآثار القيام لغيره ليس
بمكروه بعينه انما المكروه
محبة القيام لمن قام له الخ۔

درشرح منیہ گفتہ لا يكره
قيام القارى للقادم تعظيما اذا
كان مستحقا للتعظيم الخ
وہمچنان است در قاضی خان و
عالمگیری وغیرہ۔

ودرلمعات بعد ذکر اقوال گفتہ
والصحيح ان احترام اهل
الفضل من اهل العلم و
الصلاح و الشرف بالقيام

ہی جیسے عالم کے روبرو کھڑا ہو جائز
ہے چاہے قیام کرنے والا قرأت ہی
کیوں نہ کررہا ہو۔

شامی نے حاشیہ میں لکھا ہے
۔یعنی اگر آنے والا تعظیم کا مستحق ہو
اور غنیّۃ میں کہا ہے کہ مسجد میں بیٹھے
شخص کا اور قرآن کی تلاوت کرنے
والے کا، اپنے پاس آنے والے
کیلئے تعظیماً قیام کرنا مکروہ نہیں تب
جب آنے والا تعظیم کا حقدار ہو۔

مشکل الا ثار میں ہے غیر کے
لئے قیام مکروہ لذاتہ نہیں ہے مکروہ
اُس شخص کا قیام پسند کرنا ہے جس
کے لئے قیام کیا گیا ہے۔

شرح منیہ میں کہا ہے قاری کا
آنے والے کی خاطر قیام تعظیمی
مکروہ نہیں جبکہ آنے والا تعظیم
کا حقدار ہو الخ۔قاضی خان۔
عالمگیری وغیرہ میں یونہی ہے۔

لمعات میں اقوال کا تذکرہ
کرنے کے بعد کہا ہے کہ صحیح یہ ہے کہ
فضل،علم صلاح اور شرف والوں کے

جائز الخ۔

واگر برینہمہ تسلی نیاید تا بہ بیند کہ
قطب اسماعیلیہ در مظاہر حق نوشتہ
" وقت تلاوت کے تعظیم کسی کی
نکرے مگر عالم باعمل اور استاد
ووالدین کے لئے قیام و تعظیم جائز
ہے" الخ۔

قولہ۔فقال لا تقوموا
كما يقوم الاعاجم الخ۔

اقول۔ اولاً ارباب تحقیق
درمیان احادیث شریفہ تطبیق فرمودہ
تصریح نمودہ اند کہ ازیں احادیث نہی
عام علی الاطلاق از قیام اکرام ثابت
نمی تواند شد و اگر صاحب رسالہ را
بران اعتماد نیاید تا بہ بیند کہ شاہ ولی اللہ
دہلوی در حجت بالغہ بعد ذکر ورود
احادیث مختلفہ نوشتہ وعندى لا
اختلاف فيها فى الحقيقة
فان المعانى التى يدور عليها
الامر و النهى مختلفة فان

لئے تعظیم بہ ذریعۂ قیام جائز ہے الخ۔

اور اگر ان تمام باتوں سے تسلی
نہ ہو تو دیکھے کہ مظاہر حق میں قطب
اسماعیلیہ نے کیا لکھا ہے" وقت
تلاوت کے تعظیم کسی کی نہ کرے مگر
عالم باعمل اور استاد و والدین کے
لئے قیام و تعظیم جائز ہے"

قولہ۔فرمایا عجمیوں کی طرح
قیام نہ کرو۔الخ

اقول۔اولاً ارباب تحقیق
نے احادیث شریفہ میں تطبیق دیکر
صراحت کی ہے کہ ان احادیث سے
علی الاطلاق قیام تعظیمی سے نہی
ثابت نہیں ہوسکتی اگر صاحب رسالہ
کو بھروسہ نہ ہو تو دیکھ لے، شاہ ولی
اللہ دہلوی نے حجت بالغہ میں باہم
مختلف احادیث کے تذکرہ کے بعد
لکھا ہے۔

میرے نزدیک درحقیقت کوئی
اختلاف نہیں کیونکہ جن معانی پر امر و
نہی دائر ہیں وہ مختلف ہیں۔ کیونکہ

العجم کان من امر هم ان یقوم الخدم بین ایدی سادتهم وهو من افراطهم فی التعظیم حتیٰ کاد یتحاتم الشرك فنهیٰ عنه والیٰ هذا وقعت الاشارة فی قوله علیه الصلوٰة والسلام کما یقوم الا عاجم۔ الخ۔

عجمیوں کا دستور یہ تھا کہ خدام اپنے مالکوں کے سامنے کھڑے رہا کرتے تھے، تعظیم میں ان کا یہ افراط تھا قریب تھا کہ شرک کو مضبوطی ملتی تو اس سے نہی فرمادی اور اسی کی طرف حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے قول کما یقوم الاعاجم میں اشارہ ہے۔

وثانیا عامۂ طائفه که تحسین وتصحیح ائمه فن را بادنی کلام کسی معتبر نمی دارند پس احتجاج باین چگونه جائز صحیح می شمارند۔

ثانیاً جب اس گروہ کے عام لوگ ائمۂ دین کی تحسین وتصحیح کو کسی کے معمولی کلام سے معتبر نہیں سمجھتے پھر اسطرح کی روایت سے کس طرح وہ استدلال درست سمجھتے ہیں۔

برحاشیه نسخه سنن ابو داوٗد مطبوعه دہلی که باہتمام کبراء اسماعیلیه مطبوع گردیده است از مرقاۃ الصعود آورده قال الطبرانی هذا الحدیث ضعیف مضطرب السند فیه من لا یعرف۔

کبراء اسماعیلیہ کے زیر اہتمام دہلی میں مطبوعہ نسخۂ سنن ابوداوٗد کے حاشیہ پر مرقاۃ الصعود سے منقول ہے "طبرانی نے کہا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ مضطرب السند ہے اسکی سند میں کچھ مجہول روای ہیں"

قولهٗ-عن انس لم یکن شخص احب الیهم من رسول الله صلی الله علیه وسلم

قولہٗ-حضرت انس سے مروی ہے کہ صحابہ کی نظر میں رسول اللہ ﷺ سے محبوب کوئی شخص نہیں تھا

وکانو اذا رأوه لم یقوموا لما یعلمون من کراهته الخ۔

اور وہ لوگ جب انہیں دیکھتے تو کھڑے نہیں ہوتے کیونکہ انہیں معلوم تھا کہ سرکار کو یہ پسند نہیں۔

اقول-اولاً که دریں روایت نفی قیام مقید بوقت رویت ست پس مثبت ادعاء اطلاق نیست دوم ایں قضیه مهمله ست ومهمله درقوت جزئیه پس ادعاء کلیت وعموم ازاں کے ثابت خواهد بود ازهمیں جاست که حجة الاسلام مستند صاحب رساله گفته۔

اقول-اولاً اس روایت میں مقید بقید وقت دیدار قیام کی نفی ہے اسلئے اطلاق کا دعویٰ اس سے ثابت نہ ہوگا۔ ثانیاً یہ قضیہ مہملہ ہے اور مہملہ جزئیہ کی قوت میں ہوتا ہے پس اس سے کلیت اور عموم کا دعویٰ کب ثابت ہوگا؟ اسی بنا پر صاحب رسالہ کے مستند حجۃ الاسلام نے فرمایا ہے:

بل کان الصحابة لا یقومون لرسول الله ﷺ فی بعض الاحوال کما رواه انس رضی الله عنه ولکن اذا لم یثبت فیه نهی عام فلا نری به بأسا فی البلاد التی جرت به العادة فیها باکرام الداخل بالقیام الیٰ آخره۔

بلکہ صحابہ بعض حالات میں رسول اکرم ﷺ کیلئے کھڑے نہیں ہوتے تھے جیسا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہے۔ لیکن اس سلسلہ میں جب عام نہی ثابت نہیں ہے۔ اسلئے آنے والے کے لئے بذریعۂ قیام اکرام کا جن ممالک میں رواج ہے اس میں ہم کوئی حرج نہیں سمجھتے۔ الخ۔

امالفظ کراہت پس درلمعات گفته

رہ گئی بات لفظ کراہت کی پس لمعات میں کہا ہے کہ

والكراهة انما كانت
لـلـتـكـلف ولـم يـكـن
معتاداً الخ۔

قولہ۔ من گفتم کہ احادیث
جواز قیام خود ثابت نیست الخ۔

اقول۔ کسیکہ مطالعہ کتب ائمہ
دین نمودہ است کذب ایں قول
بروے اظہر من الشمس بودہ است
دریں جا عبارات چند باید شنید۔
قاضی عیاض علیہ الرحمہ در شفا
آوردہ و عن عمر وبن السائب
ان رسول الله ﷺ كان
جالسا يوما فاقبل ابوه من
الرضاعة فوضع له بعض
ثوبه فقعد عليه ثم اقبلت امه
فوضع لها ثوبه من جانبه
الآخر فجلست عليه ثم اقبل
اخوه من الرضاعة فقام
رسول الله ﷺ فاجلسه
بين يديه الحديث ۔

کراہت تکلف کی بنا پر تھا۔ اور قیام کا
رواج نہیں تھا۔

قولہ۔ میں نے کہا کہ جواز
قیام کی حدیثیں خود ثابت نہیں ہیں
الخ۔

اقول۔ جس نے بھی ائمہ
دین کی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اس
پر اس بات کا جھوٹ اظہر من الشمس
ہے۔ یہاں چند عبارتیں سننی چاہئے
قاضی عیاض علیہ الرحمہ نے شفا
میں نقل فرمایا ہے عمر و ابن سائب
سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ
ایک دن بیٹھے تھے کہ ان کے پدر
رضاعی کی آمد ہوئی سرکار نے اپنے
کپڑے کا ایک حصہ ان کے لئے
بچھا دیا جس پر وہ بیٹھے پھر ان کی
رضاعی ماں تشریف لائیں تو دوسرا
حصہ بھی بچھا دیا جس پر وہ بیٹھیں پھر
ان کے رضاعی بھائی آئے تو سرکار
ان کی خاطر کھڑے ہوگئے اور انہیں
اپنے روبرو بٹھایا۔ الحدیث۔

علامہ خفاجی در شرح گفتہ و
فيه دليل على انه يجوز
القيام تعظيما لمن يستحق
التعظيم خلافا لمن قال انه
مکروہ الخ۔
ونیز علامہ خفاجی در شرح شفا
فرمودہ وكان صلى الله يكرم
من يدخل عليه بالقيام
ويلاطفه الخ۔
امام نووی در اذکار بعد بیان
استحباب قیام برائے اکرام نوشتہ و
على هذا الذى اخترناه
استمر السلف والخلف وقد
جمعت في ذلك جزءً و ذكرت
فيه الاحاديث والآثار و
اقوال السلف وافعالهم الدالة
على ما ذكرته الخ۔
حالاً میگویم کہ ائمہ محققین متندین
صاحب رسالہ تصریح فرمودہ اند کہ احادیث
در نہی صریح قیام ثابت و صحیح نیست۔
در لمعات فرمودہ قال الشيخ
محى الدين النووى القيام

علامہ خفاجی نے شرح میں تحریر
فرمایا: "اور اس میں اس بات پر
دلیل ہے کہ مستحق تعظیم کے لئے
قیام تعظیمی جائز ہے اس کے خلاف
جس نے اسے مکروہ کہا۔ الخ۔
امام نووی نے اذکار میں قیام
تعظیمی کا بیان کرنے کے بعد فرمایا:
"ہمارے اسی مسلک مختار پر
سلف و خلف کا عمل رہا ہے اور اس
سلسلہ میں میں نے ایک جزء جمع کیا
ہے جس میں میں نے اُن احادیث
و آثار، اور سلف کے اقوال و افعال کا
تذکرہ کیا ہے جو ہماری ذکر کردہ
باتوں پر دلالت کرتی ہیں۔ الخ
اب میں کہتا ہوں کہ صاحب
رسالہ کے مستند محققین نے صراحت
کی ہے کہ قیام کی صریح نہی کی
حدیثیں ثابت اور صحیح نہیں۔ لمعات
میں فرمایا ہے۔
شیخ محی الدین نووی نے کہا
ہے کہ اہل فضل کی آمد پر قیام مستحب

للقادم من اهل الفضل
مستحب و قد جاءت فیه
احادیث ولم یصح فی النهی
عنه شئی صریح الیٰ آخره ۔

قولہ-در عہد حیات وحضور
آں علیہ السلام از اصحاب قیام برائے
تعظیم ثابت نیست الخ۔

اقول- ایں ادعاء صحیح نیست
اینک محققین قیام درعہد حیات وحضور
آں سرور علیہ السلام ثابت فرمودہ اند
علامہ خفاجی در شرح شفا فرمودہ
اما القیام للعلماء و الصلحاء
فیستحب وکان النبی ﷺ اذا
جاء قام له الصحابة الخ وحق ہمیں
ست کہ قیام درعہد وزمان نبوت اقتران
بود اما تکلف واعتیاد بداں مروج نہ بود۔

درلمعات گفتہ والحق ان
القیام عند الدخول کان واقعا فی
زمنه ﷺ والکراهة انما کانت
للتکلف ولم یکن معتاداً الخ ۔

ہے اس سلسلہ میں احادیث وارد
ہیں ۔ اور نہی کے بارے میں کوئی
حدیث صریح صحیح نہیں الخ

قولہ-سرکار کی حیات اور
موجودگی میں اصحاب سے قیام
تعظیمی ثابت نہیں الخ۔

اقول- یہ دعویٰ صحیح نہیں
محققین نے سید عالم ﷺ کی حیات
میں ان کے سامنے قیام ثابت فرمایا
ہے ۔ علامہ خفاجی نے شرح شفا
میں فرمایا ہے ۔علماء اور صالحین کے
لئے قیام مستحب ہے۔ نبی ﷺ جب
آتے تو صحابۂ کرام ان کے لئے اٹھ
کھڑے ہوتے اور حق یہی ہے کہ
قیام عہد نبوت میں تھا ، لیکن تکلف
اور عام رواج نہ تھا الخ۔

لمعات میں کہا ہے کہ حق یہ ہے
کہ بوقت آمد قیام حضور ﷺ کے
زمانہ میں تھا کراہت بوجہ تکلف تھی
اور اس کا رواج نہیں تھا۔الخ۔

قولہ ۔تعظیم کسی بدون مشاہدۂ
او دیوانگی بحت ست الخ۔

اقول- ائمۂ دین تصریح
فرمودہ اند کہ تعظیم آنحضرت ﷺ
وقت حکایت ذکر شریف مانند تعظیم
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم است در
حالت حضور پرنور پس برائے ابطال
تعظیم جناب رسول کریم ﷺ مشاہدہ
را شرط تعظیم قرار دادن و تعظیم بے
مشاہدہ را دیوانگی بحت نام نہادن الحاد
محض ست۔

امام ابوالفضل قاضی عیاض علیہ
الرحمہ درشفا فرمودہ و اعلم ان
حرمته ﷺ بعد موته و
توقیره و تعظیمه لازم کما کان
حال حیاته وذلك عند ذکره
وذکر حدیثه الیٰ آخره۔

ونیز درشفا فرمودہ قال
مطرف کان اذا اتی الناس
مالکا خرجت الیهم الجاریة
فتقول لهم یقول لکم الشیخ

قولہ-کسی کی تعظیم بغیر اسے
دیکھے نرا پاگلپن ہے۔الخ۔

اقول- ائمۂ دین نے
صراحت کی ہے کہ آنحضرت ﷺ
کے ذکر شریف کی حکایت کے وقت
ان کی تعظیم ویسی ہی ہے جیسے ان کی
پرنور موجودگی میں ۔ اسلئے جناب
رسول کریم ﷺ کی تعظیم باطل قرار
دینے کے لئے مشاہدہ کو شرط تعظیم
قرار دینا اور بے مشاہدہ تعظیم کا نام
خالص دیوانگی رکھنا نرا الحاد ہے۔

امام ابو الفضل قاضی عیاض
علیہ الرحمہ نے شفاء شریف میں فرمایا
ہے کہ تم جان لو کہ حضور ﷺ کے
وصال کے بعد اُن کے اور ان کی
حدیث کے تذکرہ کے وقت ان کا
احترام ان کی تعظیم وتوقیر ویسی ہی
ضروری ہے جیسی ان کی حیات میں۔

مطرف نے کہا کہ جب لوگ
امام مالک کے پاس علم حاصل
کرنے آتے تو ایک کنیز آ کر پوچھتی

تریدون الحدیث او المسائل
فان قالوا المسائل خرج
علیھم بسرعة وان قالوا الحدیث
دخل مغتسله و اغتسل
وتطیب ولبس ثیابا جُدُداً او
لبس ساجه وتعمم ووضع
علی رأسه رداء ه وتلقی له
منصة فیخرج للناس ویجلس
علیها و علیه الخشوع ولا
یزال یتبخر بالعود حتیٰ
یفرغ من حدیث رسول الله
صلی الله علیه وسلم الیٰ
آخره۔

علامہ خفا جی در شرح فرمودہ
"فجعل مجلس حدیثه
کمجلسه حیاً" الیٰ آخره۔
ونیز در شفا آوردہ "ولما
کثر علیٰ مالك الناس

کہ شیخ تم سے دریافت کررہے ہیں
کہ تم حدیث سیکھنے آئے ہو یا مسائل
اگر وہ لوگ جواب دیتے کہ مسائل تو
آپ علی الفور تشریف لے آتے اور
اگر کہتے کہ حدیث تو غسل خانہ جا کر
غسل کرتے، خوشبو لگاتے، نئے
کپڑے پہنتے طیلسان اوڑھتے،
عمامہ باندھتے چادر سر مبارک پر
رکھتے اور ان کے لئے تخت عروس
کیطرح ایک تخت بچھایا جاتا تب
باہر لوگوں کے پاس آتے اور انتہائی
خشوع کے ساتھ اس پر تشریف
رکھتے اور رسول اللہ ﷺ کی حدیث
سے فارغ ہونے تک اگر بتی
سلگائے رکھتے۔الخ

علامہ خفا جی نے شرح میں
فرمایا۔ کہ انہوں نے مجلس حدیث
کو سرکار کی حیاتِ ظاہری والی مجلس
جیسا قرار دیا ہے۔الخ۔

نیز شفاء میں منقول ہے۔اور
جب امام مالک کے پاس لوگوں کی
کثرت ہوئی تو ان کو مشورہ دیا گیا

قیل لو جعلت مستملیا
یسمعهم فقال قال الله تعالی
یایها الذین اٰمنوا لا ترفعوا
اصواتکم الآیة ۔ وحرمته حیاً
و میتاً سواء الخ ۔ علامہ خفاجی در
شرح فرمودہ "فقاس منع رفع
الصوت فی مجلس قرأة
الحدیث علی منعه فی مجلسه
حال حیاته الخ ۔

ونیز در شفا آوردہ "قال ابو
ابراهیم التجیبی واجب علیٰ
کل مؤمن متیٰ ذکره صلی الله
علیه وسلم وسلم او ذکر
عنده ان یخضع و یخشع و
یسکن من حرکته و یا خذ فی
هیبته و اجلاله لما کان یا
خذبه نفسه لوکان بین یدیه
صلی الله علیه وسلم الخ۔

علامہ خفاجی در شرح گفتہ

کہ کاش آپ کوئی املا کرانے والا
مقرر کردیتے جو ان کو سنا دیتا تو
انہوں نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد
ہے اے ایمان والو اپنی آواز بلند نہ
کرو۔الآیۃ ۔ حالت حیات وموت
میں ان کا احترام یکساں ہے۔الخ

علامہ خفاجی نے شرح میں فرمایا ہے
کہ انہوں نے قرأۃ حدیث کی مجلس
میں آواز بلند کرنے کی ممانعت
کا قیاس سرکار کی حالت حیات والی
مجلس میں آواز بلند کرنے کی
ممانعت پر کیا،الخ۔

اور نیز شفامیں میں منقول ہے:
"حضرت ابو ابراہیم تجیبی نے
فرمایا کہ جب مومن حضور صلی اللہ
علیہ وسلم کا خود تذکرہ کرے یا اس
کے پاس اُن کا تذکرہ ہو تو اس پر
فرض ہے کہ وہ خشوع وخضوع کا
مظاہرہ کرے، پرسکون ہو جائے،
اور اپنے اوپر ہیبت و اجلال یوں
طاری کرے گویا وہ ان کے روبرو
ہے۔الخ

علامہ خفاجی نے شرح میں فرمایا:

"فیفرض ذلك و یلاحظه و یتمثله فکانه عنده" الخ۔

بالجملۃ تعظیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم را بخیال و تصور حاضریٔ خود در حضور وقت حکایت ذکر شریف در مجلس منیف بے مشاہدہ دیوانگی گفتن و مشاہدہ را شرط تعظیم گردانیدن ضلالت است۔

قولہ- از خصائص حضرت رسول و جناب بتول ست الیٰ قولہ اظہار محبت نمودن بود الخ۔

اقول- ادعائے جزم تخصیص بے نقل از ائمۂ دین و بے اقامت دلیل قابل ذکر نیست و مراد نبودن اجلال در قیام جناب سیدہ محل کلام ست در مظاہر حق بذیل ایں قیام آوردہ۔

"و اسمیں یہ تاویل کرنی کہ وہ قیام محبت و اقبال کا تھانہ قیام تعظیم و اجلال یہ خالی بعد سے نہیں اور طیبی نے بھی محی السنۃ سے نقل کیا ہی کہ

یہ مان لے کہ وہ ان کے سامنے ہے ، انھیں ملاحظہ کر رہا ہے اور یوں تصور کرے کہ وہ ان کی بارگاہ میں ہے۔

الحاصل ، باعظمت محفل میں ، ذکر شریف کی حکایت کے وقت ، بارگاہ میں حاضری کا خیال اور تصور کر کے بلا دیکھے آنحضرت ﷺ کی تعظیم کو دیوانگی کہنا اور مشاہدہ کو شرط تعظیم قرار دینا گمراہی ہے۔

قولہ- سیدہ فاطمہ کے لئے حضور کا قیام یہ حضرت رسول و جناب فاطمہ بتول کی خصوصیت اور اظہار محبت کی خاطر ہے۔

اقول- ائمۂ دین سے نقل اور اقامتِ دلیل کے بغیر تخصیص کا یقینی دعویٰ ناقابلِ ذکر ہے۔ اور جناب سیدہ کے قیام میں تعظیم کی نفی محل کلام ہے۔ مظاہر حق میں اس قیام کے ضمن میں نقل کیا ہے۔

"اور اس میں یہ تاویل کرنی کہ وہ قیام محبت و اقبال کا تھا ، نہ قیام تعظیم و اجلال یہ خالی بُعد سے نہیں اور طیبی نے بھی محی السنہ سے نقل کیا ہے کہ:

اجماع کیا ہے جمہور علماء نے ساتھ اس حدیث کے اوپر اکرام اہل فضل کے یعنی علماء و صلحاء کے اور امام محی الدین نووی نے کہا کہ یہ قیام اہل فضل کے لئے بیچ وقت آنے کی مستحب ہی اور حدیثین اس باب میں وارد ہوئی ہے اور بیچ نہی اس کی صریحا کچھ صحیح نہیں ہوئی الخ۔

قولہ- مقصود آنحضرت اعانت سعد بود در نزول حمار بسبب مجروح بودن الخ۔

اقول- اگر چہ بعض علماء حمل حدیث بریں احتمال ابعد نمودہ اند اما مخالف جماہیر محققین و مخالف ظاہر احادیث است کہ بریں تقدیر حکم بہ یک دو کس کفایت می فرمود کہ "انزل سعداً" حالانکہ خطاب عام بلفظ جمع فرمودند" قوموا الیٰ سیدکم ۔ از ہمیں جا است کہ اجلۂ محققین از فقہاء و محدثین احتجاج بایں حدیث برائے استحباب و مشروعیت قیام اکرام برائے

"اجماع کیا ہے جمہور علماء نے ساتھ اس حدیث کے اوپر اکرام اہل فضل کے یعنی علماء و صلحاء کے اور امام محی الدین نووی نے کہا ہیکہ یہ قیام اہل فضل کیلئے بیچ وقت آنے کے مستحب ہے اور حدیثیں اس باب میں وارد ہوئی ہیں اور بیچ نہیں اس کی صریحاً کچھ صحیح نہیں ہوا۔ الخ"

قولہ- حضرت سعد کے زخمی ہونے کے سبب آنحضرت کا مقصد انہیں دراز گوش سے اتارنے میں مدد کرنا تھا۔ الخ۔

اقول- اگر چہ بعض علماء نے اسی بعید ترین احتمال پر حدیث کو محمول کیا ہے لیکن یہ ظاہر احادیث اور جمہور محققین کے خلاف ہے۔ کہ اس تقدیر پر ایک دو افراد کو یہ حکم دینا کافی تھا۔ کہ حضرت سعد کو اتار لو۔ حالانکہ لفظ جمع کے ساتھ عام خطاب فرمایا کہ "قوموا الیٰ سیدکم" اسی وجہ سے اہل فضل کے لئے قیام تعظیمی کے جواز و استحباب پر

اہل فضل فرمودہ اند مانند امام نووی و
امام بخاری وامام مسلم وغیرہم۔
پس نزاع یک دو کس از علماء
دراں قابل التفات نیست۔

علامہ خفاجی در شرح شفا فرمودہ
"و حمل حدیث سعد علیٰ انه
کان مریضا وقد م راکبا فامر هم
صلی الله علیه وسلم بالقیام
لیعینوه فی النزول عن دابته
خلاف الظاهر الیٰ آخره"۔

در حاشیہ صحیح بخاری کہ باہتمام
مولوی احمد علی در دہلی مطبوع شدہ
بذیل حدیث مذکور آوردہ۔
"فیه استحباب القیام
للسادات کذا فی الکرمانی
قال فی المجمع احتج به
الجماهیر لا کرام اهل
الفضل بالقیام اذا اقبلوا

اسی حدیث سے جلیل الشان محققین
فقہاء ومحدثین نے استدلال کیا ہے۔
جیسے امام نووی، امام بخاری امام مسلم
وغیرہم۔اس لئے ایک دو عالم کا اس
بارے میں اختلاف نا قابل التفات
ہے۔

علامہ خفاجی نے شرح شفاء میں
فرمایا ہے۔"حضرت سعد کی حدیث کو
اس بات پر محمول کرنا کہ وہ بیمار تھے،
سوار ہو کر آئے تھے اور سرکار نے
صحابہ کو قیام کا حکم اسلئے دیا تھا کہ
سواری سے اتارنے میں وہ ان کی
مدد کریں خلافِ ظاہر ہے الخ۔

مولوی احمد علی کے زیر اہتمام،
دہلی میں چھپی صحیح بخاری کے حاشیہ
میں مذکور ہے کہ
"اس میں بزرگوں کے لئے
قیام کا استحباب ہے۔کرمانی میں ایسا
ہی ہے مجمع میں کہا کہ اہل فضل کی آمد
پر بذریعۂ قیام ان کی تعظیم کیلئے اسی
حدیث سے جمہور نے استدلال کیا

و اما القیام المنهی عنه فانما
هو فیمن یقومون علیه وهو
جالس طول جلوسه انتهی
مختصرا" الخ۔

و در حاشیہ نسخہ سنن ابو داؤد کہ
باہتمام مولوی نوازش علی اسماعیلی
مطبوع شدہ از فتح الودود آوردہ قولہ
قوموا الیٰ سید کم احتج به
المصنف والبخاری ومسلم
علیٰ مشروعیة القیام قال
مسلم لا اعلم فی قیام الرجل
للرجل حدیثا اصح من هذا
ونازعه فیه طائفة منهم ابن
الحاج الیٰ آخره۔

قولہ۔طرفہ آنست جماعتی از
مجوزین عمل مولد بہ منع قائل اند الیٰ قولہ
ایں مقابلہ خانہ جنگی ست کہ کفی
الله المؤمنین القتال الخ۔

ہے ممنوع قیام یہ ہے کہ لوگ کسی کے
لئے کھڑے رہیں اور وہ طویل وقفہ
تک بیٹھا رہے۔انتہی مختصرا۔

سنن ابوداؤد کے اُس نسخہ کے
حاشیہ پر فتح الودود سے منقول ہے جو
نسخہ مولوی نوازش علی اسماعیلی کے
اہتمام میں چھپا ہے۔"رسول اللہ ﷺ
کے قول "قوموا الیٰ سیدکم"
سے مصنف، امام بخاری اور امام مسلم
نے قیام کے جواز پر استدلال کیا ہے
۔امام مسلم نے فرمایا کہ ایک شخص کا
دوسرے شخص کے لئے قیام کے
بارے میں اس سے صحیح ترین حدیث
میرے علم میں نہیں ۔اس سلسلہ میں
ایک گروہ کا اختلاف ہے جس میں
ابن الحاج بھی ہیں۔الخ۔

قولہ۔طرفہ یہ کہ عمل میلاد کو
جائز قرار دینے والوں کی ایک
جماعت نے بھی قیام کی ممانعت کا
قول کیا ہے ۔الیٰ قولہ۔یہ مقابلہ
خانہ جنگی ہے کہ کفی اللہ
المؤمنین القتال الخ۔

اقول-این چہ اظہار سفاہت
ست کہ از غیظ وغضب مغلوب شیطان
گردیدہ بار بار بضلالت وتکفیر اکابر
دین کہ مجوزین این عمل اند اشعار می
نماید واز خدائے تعالیٰ خوفش نمے آید
وقطع نظر ازاں میگویم کہ منع قیام از
ائمہ وعلماء مشہورین بہ نقل صحیح باثبات نر
سانیدہ ناحق روئ کاغذ سیاہ گردانیدہ
اما آنچہ نوشتہ کہ در کتاب باران رحمت
ست کہ ابن حجر مکی در فتاویٰ و شیخ
نور الدین در حاشیۂ مواہیب بدعت
ولا اصل'' نوشتہ اند پس اول تصحیح نقل
ضرور ست و ثانیاً بر تقدیر صحت نقل
از قول ابن حجر مکی و شیخ نور الدین
وہمچناں از قول صاحب سیرت شامی
حکم ضلالت مجوزین آں

اقول- کیسا اظہار ہے
حماقت کا ؟ کہ غیظ وغضب میں
شیطان کا مغلوب ہو کر اس عمل کو
جائز قرار دینے والے اکابر دین کی
تکفیر وضلالت کی جانب بار بار
اشارہ کرتا ہے اور خدائے تعالیٰ کا
اسے خوف نہیں ہوتا۔
اس سے قطع نظر میرا کہنا ہے
کہ قیام کی ممانعت، مشہور علماء اور
ائمہ سے نقل صحیح ثابت نہ کر کے اس
نے ناحق کاغذ کا چہرہ سیاہ کیا ہے۔
رہ گئی وہ بات جو اس نے لکھی
کہ ''باران رحمت میں ہے کہ ابن
حجر مکّی نے اپنے فتاویٰ میں اور شیخ
نور الدین نے مواہب کے حاشیہ میں
لکھا ہے کہ ''وہ بدعت ہے اور اس کی
اصل نہیں''، پس اولاً تصحیح نقل ضروری
ہے۔ ثانیاً صحت نقل کی تقدیر پر ابن
حجر مکی، شیخ نور الدین اور یونہی صاحب
سیرت شامی کے قول سے عمل میلاد
کو جائز قرار دینے والوں پر گمرہی کا

کجا لازم ست آیا نمی داند کہ آخر جمہور
ائمۂ دین بلکہ خود حضرات مذکورین ہم
قائل تقسیم بدعت بودہ اند وبسیاری از
امور را باوجود اطلاق بدعت ہمچو صحابۂ
کرام جائز و مستحسن فرمودہ اند وہمچناں
اطلاق لفظ ''لا اصل'' حسب قول علماء
بالاتقان کئے مستلزم ضلالت وخروج از
اصل ایمان ست پس استدلال
صاحب رسالہ بآں محض باطل وخوانندۂ
کفی اللہ المؤمنین القتال درین مقام
از حلیۂ علم دین عاطل است از ہمیں
جاست کہ شیخ الاسلام برہان الدین
حلبی در انسان العیون فی سیرۃ الامین
المامون قول صاحب سیرت شامیہ را
تفسیر بہ بدعت حسنہ مستحبہ فرمودہ اندو
تقسیم آنرا ثابت نمودہ اند دریں مقام
برائے تفہیم مرام مثالے دیگر از کلام
علماء کرام باید شنید۔

حکم کہاں سے لازم ہے۔ اسے پتہ
نہیں کہ آخر جمہور ائمۂ دین بلکہ خود
مذکورہ حضرات بھی تقسیم بدعت کے
قائل رہے ہیں۔ اور صحابۂ کرام کی
طرح ہی بہت سارے امور پر بدعت
کے اطلاق کے باوجود جائز اور مستحسن
ہونے کا حکم لگایا ہے۔ یونہی علماء کے
فرمان کے مطابق لفظ ''لا اصل'' کا
اطلاق یقینی طور پر گمراہی اور اصل ایمان
سے خروج کو کب مستلزم ہے؟۔ اس لئے
صاحب رسالہ کا اُس لفظ سے استدلال
کرنا محض باطل ہے۔ اور کفی اللہ
المؤمنین القتال'' پڑھنے والا علم اور
دین کے زیور سے عاری ہے، اسی وجہ
سے شیخ الاسلام برہان الدین حلبی نے
''انسان العیون فی سیرۃ
الامین المامون ''میں صاحب
سیرت شامیہ کے قول ''بدعت'' کی
تفسیر بدعت حسنہ مستحبہ سے فرمائی ہے
اور اس کی تقسیم ثابت کی ہے۔ یہاں
مقصود کی تفہیم کے لئے علماء کرام کے
کلام سے دوسری مثال سنی چاہیئے۔

در مجمع البحار فرموده قد كتبت فی شان الصلوٰة علی النبی صلی الله علیه وسلم عند الطیب لشیخنا الشیخ علی المتقی قدس سرهٗ هل له اصل فکتب الجواب عن الشیخ ابن حجر او غیره بمانصه سئل نفع الله به بما صورته جرت عادة الناس انهم اذا اعطوا طیباً او ریاحین او غیرها او شموه ان یصلوا علی النبی ﷺ فهل لذلك اصل وما حكمه فاجاب بقوله اما الصلوٰة عند ذلك ونحوه فلا اصل لها ومع ذلك فلا كراهة فی ذلك عند نا الخ ملخصاً۔

قولہ۔ اگر نفس قیام را از بعض کتب ضعیفہ فقہ ثابت خواہند کرد بریں قیام خاص حجت از کجا خواہند آورد الی آخرہ۔

مجمع البحار میں فرمایا ہے۔ میں نے خوشبو لگاتے وقت نبی ﷺ پر درود شریف پڑھنے کے بارے میں اپنے شیخ، شیخ علی متقی قدس سرہٗ کو لکھا کہ کیا اس کی کوئی اصل ہے؟ تو انہوں نے شیخ ابن حجر وغیرہ کے حوالہ سے اسطرح جواب لکھا۔ ”شیخ سے سوال کیا گیا۔ اللہ ان سے لوگوں کو نفع پہونچائے، سوال کی عبارت یوں ہے۔ ”جب لوگوں کو خوشبو یا کوئی خوشبودار چیز وغیرہ دیجاتی ہے یا کوئی اچھی بو وہ سونگھتے ہیں تو ان اوقات میں انہیں نبی ﷺ پر درود شریف پڑھنے کی عادت ہوگئی ہے کیا اس کی کوئی اصل ہے؟ اور اس کا کیا حکم ہے تو انہوں نے اپنے اس قول سے جواب دیا۔ کہ ان اوقات میں درود کی کوئی اصل تو نہیں ہے لیکن اس کے باوجود میرے نزدیک اس میں کوئی کراہت نہیں“ الخ ملخصاً“۔

قولہ۔ اگر نفس قیام فقہ کی بعض ضعیف کتابوں سے ثابت بھی کرلیں تو اس خاص قیام پر دلیل کہاں سے لائینگے الخ۔

اقول۔ ظاہر اَقوت وضعف و اعتماد و بے اعتمادیٔ کتب فقہ وحدیث وابستہ بہواء نفس خود میداند ورنہ مستندات خود را جائے در کتب قویہ وجائے در ضعیفہ داخل کردن وبنائے آں بر موافقت و مخالفت غرض خود نہادن جائز نبود وہرگاہ کہ درماسبق از محققین مشروعیت و ندب ایں نوع اکرام ثابت گردیدہ پس برائے بجا آوردن آں بقصد اعلان تکریم آنحضرت ﷺ چہ حاجت بحجت دیگر ست ہیچ مسلمانے جواز تکریم آنحضرت ﷺ را با امور جائزہ حرام نہ تواند گفت و اگر بر خلاف تحقیق جمہور محققین کراہت خصوص قیام برائے اکرام داخل وقت قدوم تسلیم ہم کردہ آید تاہم بر تحریم ومنع ایں تکریم خاص حجت از کجا خواہند آورد۔

اقول۔ بہ ظاہر فقہ وحدیث کی کتابوں کا قوی ہونا یا قابل اعتماد ہونا یونہی ضعیف ہونا یا نا قابل اعتماد ہونا۔ اپنی نفسانی خواہشات سے وابستہ سمجھتا ہے ورنہ اپنی مستند کتابوں کو کبھی قوی کتابوں میں اور کبھی ضعیف کتابوں میں داخل کرنا اور اس کی بنیاد اپنی غرض سے موافقت اور مخالفت پر رکھنا ممکن نہ ہوتا۔ جب پہلے اکرام کی اس نوع کا جواز و استحباب محققین سے ثابت ہو چکا تو اسے حضور اکرم ﷺ کی تعظیم ظاہر کرنے کی غرض سے بجا لانے پر دوسری دلیل کی کیا ضرورت ہے؟۔ کوئی بھی مسلمان جائز امور سے آنحضرت ﷺ کی تعظیم کو حرام نہیں کہہ سکتا۔ اور اگر جمہور کی تحقیق کے خلاف بوقت قدوم اکرام کے لئے خاص قیام کی کراہت تسلیم بھی کرلی جائے تاہم اس خاص تکریم کی ممانعت اور حرمت پر دلیل کہاں سے لائیں گے؟۔

قولہ- فہم شما کہ عالم برخلاف
خیر البشر فتویٰ ندہد الیٰ قولہ دشمنان
دین ہمیشہ باکتساب فنون وتحصیل علم
کمال پیدا کردہ الیٰ قولہ استیصال دین
نمایند ؎

لوکان فی العلم من دون التقی شرف
لکان اشرف خلق اللہ ابلیس
الخ۔

اقول- ایں تطویل کلام دریں
مقام تلبیس بیجا ست و مغالطہ نازیبا
سلمنا کہ اہل علم دیندار ودنیادار واتقیا و
اشرار ہردو قسم باشند اما جماعت بسیار
از مجوزین عمل مولد خصوصاً ومقسمین
معنی بدعت بسوی حسنہ و سیئہ عموماً
کہ معروف ومشہور واستناد باقوال
شان در کتب دینیہ مذکور و
مسطور ست بودن شان از علمائے

قولہ- آپ کا یہ سمجھنا کہ عالم
خیر البشر کے خلاف فتویٰ نہیں دے
گا الیٰ قولہ۔ دین کے دشمنوں نے
ہمیشہ فنون کے اکتساب اور علوم کی
تحصیل میں کمال پیدا کیا ہے۔ اور
دین کی جڑیں اکھاڑی ہیں۔ اگر بلا
تقویٰ علم میں کوئی شرف ہوتا تو
ابلیس اللہ کی مخلوق میں سب سے
اشرف ہوتا الخ۔

اقول- یہ طولِ کلام بے جا
تلبیس اور نازیبا مغالطہ ہے۔ ہمیں
بھی تسلیم ہے کہ اہل علم دونوں قسم
کے ہوتے ہیں۔ دیندار بھی، دنیادار
بھی، اشرار بھی اور متقی و پرہیز گار
بھی۔ لیکن عمل میلاد کو جائز قرار
دینے والوں کی کثیر جماعت خصوصاً
اور سیئہ اور حسنہ کی جانب بدعت
کے معنی کی تقسیم کرنے والے عموماً۔
معروف ومشہور لوگ رہے ہیں جن
کے اقوال سے استناد دینی کتابوں
میں مذکور ومسطور ہے۔ اور جن کا علماء

راسخین وائمۂ شرع مبین وارکان دین
متین ومتصف باتباع شریعت ومعرض
از دنیا و راغب آخرت ثابت ست
باخبار متواترہ ویقینی ست کالشمس فی
الہاجرہ و خود صاحب رسالہ و
مقتدایانش باآنحضرات استنادمی آرند
و در شیوخ دین خودمی شمارند اگر حالا
اسماعیلیہ بجہت استحسان مجلس شریف
ودیگر مستحسنات بریشان ضلالت وبے
دینی لازم کنند وسلوک را بر طریقہ
ایشان گمرہی قرار دہند و آنحضرات را
از دشمنان ومخالفان دین رسول کریم
ومتبعان ابلیس رجیم شمارند وسلسلۂ دین
خود را ہم برزنند وہمچو صاحب رسالہ
ایں الفاظ تشنیع برزبان آرند اگر دریں
سواد تیرہ ہند ایں حرکات شنیعہ
راطلاقت لسانیٔ خود دانند اما برائے
روز محشر چہ جواب دارند۔

راسخین، ائمۂ شرع مبین اور دین متین
کے ارکان سے ہونا، اتباع شریعت
سے متصف ہونا دنیا سے بے رغبت
اور آخرت کی طرف راغب ہونا، متواتر
اخبار کی بناء پر آفتاب نصف النہار
کی طرح ثابت ویقینی ہے۔ خود
صاحبِ رسالہ اور اس کے پیشوا حضرات
ان سے استناد کرتے ہیں اور اپنے
دینی شیوخ میں ان کا شمار کرتے ہیں۔
اب اگر اسماعیلی لوگ مجلس
شریف اور دیگر مستحسنات کے استحسان
کی وجہ سے ان پر گمراہی اور بے دینی
لازم گردانیں ان کی راہ پر چلنے کو ضلالت
قرار دیں، ان حضرات کو رسول کریم
کے دین کا دشمن اور ابلیس رجیم کا پیروکار
سمجھیں اور اپنے دین کے سلسلہ کو بھی
توڑ ڈالیں اور صاحب رسالہ کی طرح
ایسے برے الفاظ زبان پر لائیں۔ اگر
ان قبیح حرکتوں کو ہندوستان کی اس
تاریک دھرتی پر اپنی زور بیانی سمجھ
بھی لیں تو بروز محشر کیا جواب
دیں گے؟

قولہ-عقل بالبداہت میداند
کہ موخر از مقدم ہمیشہ اکمل می باشد الخ۔

اقول-اگر مراد ازیں کلیہ ست
دعویٔ بداہت عقل باطل ست والا قطع
نظر از انکہ مثبت مرام نیست در خصوص
ایں مادہ صادق ہم نیست کہ صاحب
رسالہ وکافۂ اسماعیلیہ حاشا کہ در کمال
بحصۂ صدم وہزارم ہم از آنحضرات
رسیدہ باشند چہ جائے آنکہ اکمل
گردیدہ باشند۔

قولہ- فضیلت تقدم زمانی
مرقد ماء راست واں مستلزم عدم
اعتبار متاخرین وسقوط ایشان از پایۂ
استناد نیست الی قولہ ۔
فیض روح القدس از باز مدد فرماید
دیگران ہم بکنند آنچہ مسیحا میکرد
الخ۔

اقول-ازیں قول خود
برپائے خود تیشہ می زند و بیخ

قولہ-عقل بداہۃً جانتی ہے
کہ موخر مقدم سے ہمیشہ کامل ترین
ہوتا ہے الخ۔

اقول- اگر اس سے مراد
کلیہ ہے تو یہ دعویٰ بداہت عقل سے
باطل ہے۔ ورنہ اس سے قطع نظر کہ
مقصود کا مثبت نہیں ہے اس خاص
مادہ میں صادق بھی نہیں کہ صاحب
رسالہ سمیت پورا اسماعیلی گروپ
کمال میں اُن حضرات کے سویں
ہزارویں حصہ تک بھی نہیں پہونچ سکتا
چہ جائیکہ ان سے کامل ترین ہو۔

قولہ-متقدمین کو تقدم زمانی
کی فضیلت حاصل ہے لیکن یہ بات
متاخرین کے غیر معتبر ہونے اور ان
کے درجۂ استناد سے ساقط ہوجانے
کو مستلزم نہیں،الی قولہ-روح القدس
کے فیض کی اگر دوبارہ مدد ہوجائے تو
دوسرے بھی وہ کرلیں گے جو مسیحا
نے کیا ہے۔الخ۔

اقول-اس قول سے خود
اپنے پیر کلہاڑی مارتا ہے اور اپنے

بسیارے از دعاویٔ خود را میکند اما
مخالف را از موافق وضار را از نافع نمی
شناسد چنانچہ از سراپائے مناقشات ایں
اسماعیلی وسائر اسماعیلیہ ظاہر ست۔

قولہ - پس سعادت مند از ما
آنکس ست کہ در ہر کہ صفات عالم دیندار
دریابد بقول وفعل او تمسک نماید الخ۔

اقول - پس نہایت شقاوت
آنست کہ باوجود موجود بودن صفات
علمائے دیندار در ائمۂ دین کہ مجوزین
عمل مولد اند بر تحقیقات ومستحسنات
ایشان اطلاق ضلالت و بے دینی نمودہ
آید بارے چہ میگوید در حق شاہ ولی
اللہ دہلوی جد امجد ومنتہی السند
مقتداء خود واستاذ ووالد ومرشد شاہ
عبد الرحیم صاحب وشیوخ سند
دین شاہ ولی اللہ صاحب مثل
صاحب حصن حصین وحافظ سخاوی

بہت سارے دعوؤں کی جڑ کھودتا
ہے، جانتا ہی نہیں کہ موافق کیا ہے؟
مخالف کیا ہے؟ مفید کیا ہے اور مضر
کیا ہے؟ جیسا کہ اس اسماعیلی اور
باقی اسماعیلی حضرات کی بحثوں سے
ظاہر ہے۔

قولہ-پس ہم میں سعادت
مند وہ ہے جو ہر اس شخص کے قول و
فعل پر عمل پیرا ہو جس کے اندر عالم
دیندار کی صفات پالے۔

اقول-پس بڑی بدبختی کی
بات ہے کہ اس عمل میلاد کو جائز قرار
دینے والے ائمۂ دین کے اندر علماء
دیندار کی صفات موجود ہونے کے
باوجود ان کی تحقیقات اور استحسانات
پر گمراہی اور بے دینی کا اطلاق کیا
جائے اپنے پیشوا کی سند کے منتہی
اور اس کے دادا شاہ ولی اللہ دہلوی
اُن کے والد استاذ اور مرشد شاہ
عبد الرحیم صاحب، شاہ ولی اللہ
صاحب کے دینی سند کے شیوخ مثلاً
صاحب حصن حصین ، حافظ سخاوی

وابن حجر عسقلانی وجلال سیوطی وغیرہم
ایں حضرات راموصوف بصفات عالم
دیندار میداند یا از متصفین بصفات
اہل دنیاواز اشرار۔

قولہ- خاتمہ دانستنی ست کہ
نام ماسنی ست الخ۔

اقول-اگرسنی در اصطلاح
جدید صاحب رسالہ ہماں راگویند کہ
بحسب ظاہر بادعاء اتباع سنت عقائد
فاسدہ ایجاد ساختہ وباتباع وموافقت
اہل اہواء فاسدہ، سابقہ پرداختہ درحق
ائمہ اہلسنت از صحابۂ کرام ودیگر علماء
اعلام درفروع احکام بے فہم مرام حکم
تحمیق وتجہیل وتحقیر بلکہ تفسیق وتضلیل و
تکفیر لازم نماید تاالبتہ ایں ادّعاء طائفہ
اسماعیلیہ می شاید ورنہ فی الحقیقت ایں
ادّعاء ہماں مثل ست کہ اہل اعتزال
خود را خالق افعال دانند اما معہذا

ابن حجر عسقلانی ، اور جلال الدین
سیوطی وغیرہم کے بارے میں کیا کہتا
ہے ان حضرات کو عالم دیندار کے
صفات سے متصف جانتا ہے یا اہل
دنیا اور اشرار کی صفات سے۔

قولہ- خاتمہ- ”جاننا چاہیئے
کہ ہمارا نام سنی ہے“

اقول- صاحب رسالہ کی نئی
اصطلاح میں اگرسنی اسی کو کہتے ہیں
کہ جس نے باعتبار ظاہر اتباع سنت
کا دعویٰ کر کے عقائد فاسدہ کی ایجاد
کر لی ہو، اور جو زمانۂ گذشتہ کے
فاسد خواہشات والوں کی موافقت
اور تقلید میں ، پڑ کر صحابۂ کرام اور
دیگر سرکردہ علماء اہلسنت کے لئے ،
مقصد سمجھے بغیر فروعی احکام کے تعلق
سے تحمیق وتجہیل اور تکفیر بلکہ تفسیق ،
تضلیل اور تکفیر تک لازم جانتا ہو۔تو
یقیناً یہ دعویٰ اسماعیلی گروہ کے شایان
شان ہے ورنہ درحقیقت یہ دعویٰ ایسا
ہی ہے جیسا کہ معتزلہ اپنے آپ کو
خالق افعال سمجھتے ہیں اور اس کے

خودراموحد واہل توحید نامند وبر اہل
سنت بسبب اثبات صفات شرک
لازم گردانند۔

اما کلماتیکہ صاحب رسالہ متضمن
ذم وطعن برائمہ دین ومدح ومنقبت
خود بار بار برائے اظہار تبحر خویش
درمیان می نہد غیر از طول کلام خارج از
مرام فائدہ نمی دہد وجواب جملہ خرافات
از ماسبق آشکار پس حاجت اعادہ وتکرار
نیست۔

قولہ- ہرصاحب ہمت کہ
درعزیمت تحریر جواب ایں کتاب شوند
توقع ست کہ ایں دوسہ امر راپیش نہاد
خاطر مبارک نمایند اول آنکہ آنچہ در
ینجا ایراد یافتہ است مؤید ست
بنصوص کتاب وسنت وآثار اصحاب
وعلماء ومشائخ معتمدین امت پس

باوجود اپنا نام موحد اور اہل توحید
رکھتے ہیں اور اہل سنت پر خدا کے
لئے صفات کے اثبات کے سبب
شرک لازم قرار دیتے ہیں۔

رہ گئے وہ کلمات جو ائمۂ دین
پر طعنہ اور ان کی مذمت پر اور خود کی
مدح ومنقبت پر مشتمل ہیں جنھیں بار
بار اپنی قابلیت کے اظہار کے لئے
درمیان میں رکھتا ہے سوائے مقصود
سے خارج کلام کو طول دینے کے ان
کا کوئی فائدہ نہیں ۔ ان سارے
خرافات کا جواب ماسبق سے ظاہر
ہے اسلئے دوبارہ ذکر کرنے کی
ضرورت نہیں۔

قولہ- جو صاحب بھی اس
کتاب کا جواب لکھنے کی ہمت کریں
ان سے دوتین باتوں کو خاطر مبارک
کے سامنے رکھنے کی توقع ہے۔اول
یہ کہ جو بھی یہاں مذکور ہوا ہے، وہ
کتاب وسنت کے نصوص اصحاب اور
امت کے قابل اعتماد وعلماء ومشائخ
کے آثار سے تائید یافتہ ہے اس لئے

درحقیقت تردید و تنقیص متوجہ بحال
این حضرات باشد نہ بمؤلف کہ ناقل
ومبلغ ست وبس الخ۔

اقول۔کسیکہ چشم بصیرتش بنور
انصاف مکحل ست نیک میداند کہ
صاحب رسالہ برائے مغالطہ درمیدان
کذب مرکب خودمیدواند چہ دربیان
مراد آیات و معانی احادیث کہ
برخلاف جمہور مفسرین وشراح محدثین
محققین جابجا قدم انداختہ و در بعض
مقامات گویا کہ بہ تحریف پرداختہ و
ہمچنان درآثار اصحاب وعلماء ومشائخ
خرافات خودخلط نمودہ ومقدمات خبط
وبے ربط افزودہ پس دعوئے اینکہ آنچہ
ایراد یافتہ است مؤید است بہ نصوص
الی قولہ مبلغ و ناقل ست این ادعاء
کذب باطل ست۔

درحقیقت اُس کی تردید و تنقیص ان
حضرات کی طرف متوجہ ہوگی نہ کہ
اس مؤلف کی طرف جوصرف ناقل
اور مبلغ ہے الخ۔

اقول۔ جس کی بصیرت کی
آنکھوں میں نور انصاف کا سرمہ لگا
ہو وہ اچھی طرح جانتا ہے۔ کہ
صاحب رسالہ مغالطہ دینے کے لئے
جھوٹ کے میدان میں اپنا گھوڑا دوڑا
رہا ہے اس لئے کہ آیتوں کی مراد اور
احادیث کے معانی کے بیان میں
اس نے جمہور مفسرین اور محقق
شارحین حدیث کے برخلاف قدم رکھا
ہے اور بعض مقامات میں تو گویا اس
نے تحریف کرڈالی ہے۔ یونہی اصحاب
علماء اور مشائخ کے آثار میں اپنے
خرافات کی آمیزش کرڈالی ہے اور
بے ربط اور خبطی مقدمات کا اضافہ کر
دیا ہے پس یہ دعویٰ " کہ جو کچھ
یہاں مذکور ہوا ہے وہ نصوص سے تائید
یافتہ ہے۔ الیٰ قولہ۔ مؤلف صرف مبلغ
وناقل ہے" جھوٹا اور باطل ہے۔

قولہ۔ دوم آنکہ در برابر ہر
حجت وبرہان این رسالہ احتجاج باقوال
وروایات اہل حق نماید واستناد براسخین
علماء ومشائخ فرماید الخ۔

اقول۔ ہرچند نجد یہ را قرارے
نیست گاہی کسی را وقت توہم موافقت
بمدح می ستایند ووقتی دیگر بادنیٰ مخالفت
ہوائے خود داخل اہل ضلالت می نمایند
فقیر برائے تکمیل الزام احتجاج بہمان
اہل حق از مشہورین کہ مستندین صاحب
رسالہ اند التزام کردہ ام واگر یک دو جا
از دیگر علماء دین آوردم آنہم بعد ازان
ست کہ در دیگر رسائل این طائفہ و
کبرائی شان استناد و ذکر آنہا
دیدم و نیز استناد بدان کتب کردہ
ام کہ وجود و اعتبار آنہا در عامۂ
امصار نزد علماء بدرجہ کثرت

قولہ۔ دوم یہ کہ اس رسالہ کہ ہر
حجت و برھان کے بالمقابل، مؤلف
نے اہل حق کی روایتوں اور اقوال
سے احتجاج کیا ہے اور راسخین علماء و
مشائخ سے استناد کیا ہے۔

اقول۔ ہرچند کہ نجدی گروہ کو
قرار نہیں کبھی کسی کی، موافقت کے
توہم کے وقت مدح وستائش کرتے
ہیں اور دوسرے وقت اپنی خواہش
نفسانی سے معمولی مخالفت کی بناء پر
اسی کو داخل ضلالت کردیتے ہیں۔
الزام کی تکمیل کیلئے فقیر نے انہیں
مشہور اہل حق سے احتجاج کا التزام
کیا ہے جو صاحب رسالہ کے نزدیک
مستند ہیں۔ اگر ایک دو مقام پر
دوسرے علماء سے استدلال بھی کیا
ہے تو اس کے بعد ہی کہ اس گروہ
کے دیگر رسائل میں ان کے بڑوں کا
ان سے استناد اوران کا ذکر دیکھ لیا۔
نیز میں نے انہیں کتابوں سے استناد
کیا ہے جن کا وجود و اعتبار عام
شہروں میں علماء کے نزدیک کثرت

واشتہار ست نہ از رسائل مجہولہ وغیر
معتمدہ مانند رسالۂ مصری ونور الیقین و
باران رحمت وغیرہا مایۂ افتخار صاحب
رسالہ کہ تاہنوز وجود آنہا در اختطار و
اخفاء ست فضلاً عن
الشہرۃ والا عتبار۔

قولہ۔ چنان نہ کنند کہ جواب
بعض مقدمات رسالہ نویسند واز پاسخ
دیگر مطالب قطع نظر نمایند والا ایں
جواب ناقص شمردہ شود وقابل رد وطرد
نہ باشد الخ۔

اقول۔ اولاً ایں کلامے ست
عجب خارج از قانون عقل وادب و
ثانیاً ایں آرزوئے صاحب رسالہ ہم
حق تعالیٰ بردست بندۂ ضعیف بظہور
رسانید کہ از جمیع استدلالات واقوال
صاحب رسالہ کہ متعلق بحث ومقام
ومدار اصل مرام بودہ انداجوبۂ شافیہ
دادہ بطلان ہمہ خرافات ظاہر گردانید۔

قولہ۔ سیویم آنکہ پیش از

واشتہار کے درجہ میں ہے نہ کہ رسالۂ
مصری، ونور الیقین و بارانِ رحمت
وغیرہ جیسی ناقابل اعتماد اور گمنام
رسائل سے جو صاحب رسالہ کے سر
مایۂ افتخار ہیں لیکن ابتک ان کا وجود
مخفی اور مستتر ہے۔ چہ جائے کہ وہ
مشہور ومعتبر ہوں۔

قولہ۔ ایسا نہ کریں کہ رسالہ
کے بعض مقدمات کا جواب لکھیں اور
دیگر مطالب کے جواب سے صرف
نظر کریں۔ ورنہ یہ جواب ناقص سمجھا
جائے گا اور لائق رد وطرد نہ ہوگا الخ۔

اقول۔ اولاً عقل وادب کے
قانون کے برخلاف یہ عجیب بات
ہے۔ ثانیاً صاحب رسالہ کی یہ آرزو
بھی حق تعالیٰ نے اس بندۂ ضعیف
کے ہاتھوں پوری کروادی کہ بحث و
مقام سے متعلق اور مدار مقصود
صاحب رسالہ کے تمام استدلالات
اور اقوال کا شافی جواب دے کر تمام
خرافات کا بطلان ظاہر کر دیا۔

قولہ۔ سوم یہ کہ تحریر جواب

تحریر پاسخ ہمگی رسالہ را از بدایت
تانہایت لفظ بہ لفظ مطالعہ فرمایند الخ۔

اقول۔ بریں ایمائے صاحب
رسالہ ہم عمل نمودم وبعد مطالعہ اش
بتمامہا از حضرت رب کریم دعائے
توفیق خیر طلب داشتہ وحمیت نفس و
حمایت کسی در خیال نگزاشتہ لب بہ
جواب کشودم وہر مطلب را مستند بہ
تحقیقات ائمۂ دین نمودم اگر صاحب
رسالہ نفسانیت واعتساف بگزارد ورو
براہ تحقیق حق وانصاف آرد امید قوی
ست کہ بعد مطالعۂ جواب از تضلیل
مجوزین مولد وعاملین آں باز آید واز
خرافات خود توبہ نماید۔

قولہ۔ چہارم آنکہ ہنگام
مخاطبت ومناظرہ بہ سب وشتم پیش
نیایند بلکہ سررشتۂ پاس وادب وحفظ
مراتب مخاطب از دست نگذارند الخ۔

سے پہلے پورے رسالہ کا از ابتداء تا
انتہاء لفظ بہ لفظ مطالعہ فرمائیں الخ۔

اقول۔ صاحب رسالہ کے
اس مشورہ پر بھی میں نے عمل کیا اور
اس کا پورا مطالعہ کرنے کے بعد رب
کریم کی بارگاہ سے توفیق خیر کی دعاء
مانگ کر اور نفس کی حمیت اور کسی کی
حمایت کا خیال نہ لاکر جواب کے
لئے لب کھولا۔ اور ہر مقصود کو ائمۂ
دین کی تحقیقات سے مستند کیا اگر
صاحب رسالہ نفسانیت اور انکار براہ
شرارت، ترک کردے اور انصاف و
تحقیق حق کیطرف رخ پھیردے تو
پوری توقع ہے کہ جواب کے مطالعہ
کے بعد عمل میلاد کو جائز قرار دینے
والوں، اور اس پر عمل پیرا ہونے والوں کو
گمراہ قرار دینے سے باز آجائے گا۔ اور
اپنی خرافات سے توبہ کرلے گا۔

قولہ۔ چہارم یہ کہ خطاب اور
مناظرہ کے وقت گالی گلوچ سے
پیش نہ آئیں بلکہ ادب ولحاظ کا رشتہ
اور مخاطب کے درجات کی نگہداشت
ہاتھ سے نہ جانے دیں الخ۔

اقول - اگر صاحب رسالہ را
حفظ مرتبت خود محبوب بود از اول شیمۂ
کریمۂ ارباب شرافت و کرامت چرا
از دست داد و ہمچو اسافل در پئے تحقیر
وتجہیل اکابر دین چرا افتاد و در سب و
شتم و تفسیق و تضلیل چرا کشاد و اگر خار
شبۂ در کلام اکابر دین بخاطرش خلیدہ
بود چرا بطور طلبۂ حق از اساتذۂ خویش
و دیگر علمائے حق اندیش طلب تحقیق
حق نہ نمود از طرف خود کف لسان در
شان ائمۂ دین نہ ساختن و بے باکانہ
علم طعن و تجہیل و تفسیق افراختن و از
دیگران حفظ مرتبت خود طلب نمودن و
برائے تعظیم و تکریم خویش و طائفہ
خویش فرمودن نہات عجیب و بغایت
غریب ست ع
دہن خویش بدشنام میالا صائب۔
امامعہذا وقت مطالعۂ ایں

اقول - اگر صاحب رسالہ کو
اپنے رتبہ کی نگہداشت پیاری تھی تو
اس نے شروع ہی سے ارباب
شرافت و کرامت کی عادت کریمہ
کیوں چھوڑی؟ اور نیچ لوگوں کی
طرح اکابر دین کی تجہیل اور تحقیر کے
درپئے کیوں ہوا؟۔ اور گالی گلوچ،
تفسیق و تضلیل کا دروازہ کیوں
کھولا؟۔ اگر اکابر دین کے کلام کے
درمیان اس کے دل میں شبہات کا
کانٹا چبھ گیا تھا تو اس نے طالبان
حق کی طرح اپنے اساتذہ اور دیگر
حق اندیش علماء سے طلب تحقیق حق
کیوں نہیں کی؟ اپنی طرف سے ائمۂ
دین کی شان میں کفِ لسان نہ کرنا،
اور بے باکانہ طعن، تجہیل اور تفسیق کا
پرچم بلند کرنا اور دوسروں سے اپنے
مرتبہ کی نگہ داشت طلب کرنا اور اپنی
اور اپنے گروہ کی تعظیم و تکریم کی فرمائش
کرنا انتہائی عجیب و غریب۔ ع
اے صائب، اپنا منہ گالی سے آلودہ نہ کرو۔
لیکن اس کے باوجود اس جواب

جواب خواہند دید کہ احقر العبید ہرگز
مثل صاحب رسالہ ملتزم طعن و تشنیع
نگردید و اگر جائے یکدو حرف مذکور
ست ابتداء از صاحب رسالہ و احقر
معذور ع
کلوخ انداز را پاداش سنگ ست
وایں مصرعہ ہم ع
آخر اے بادصبا ایں ہمہ آوردۂ تست
معروف و مشہور۔
قولہ - پنجم آنکہ یا قوم
ان کان کبر علیکم مقامی و
تذکیری بآیات اللہ فعلی اللہ
توکلت فاجمعوا امرکم و
شرکاء کم الخ ۔
اقول - ایں آیات کریمہ کہ در
قول جناب حضرت نوح علیٰ نبینا
وعلیہ الصلوٰۃ والسلام در مقابلۂ کفار
منکرین توحید و نبوت وارد گردیدہ ایراد
آن دریں مقام چہ مناسبت دارد مگر
آنکہ حسب عقیدۂ طائفہ اسماعیلیہ

کے مطالعہ کے وقت آپ دیکھیں گے
کہ احقر العباد نے صاحب رسالہ کی
طرح ہرگز طعن و تشنیع کا التزام نہیں کیا
ہے اور اگر کہیں ایک دو باتوں کا
تذکرہ ہے تو اس کی ابتداء صاب
رسالہ نے کی ہے احقر معذور ہے۔
اینٹ کا جواب پتھر اور یہ مصرعہ بھی
کہ اے بادصبا یہ سب تیرا ہی لایا
ہوا ہے۔ مشہور و معروف ہے۔
قولہ - پنجم یہ کہ اے میری
قوم اگر تم پر میرا کھڑا ہونا اور اللہ کی
نشانیاں یاد دلانا شاق گذرا ہے تو
میں نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا تو مل کر
کام کرو اور اپنے جھوٹے معبودوں
سمیت اپنا کام پکا کرلو الآیۃ
اقول - یہ آیت کریمہ
حضرت نوح علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ
والسلام کے قول میں منکرین توحید و
نبوت، کفار کے مقابلہ میں وارد ہوئی۔
اس کا اس مقام میں ذکر کرنا کیا
مناسبت رکھتا ہے؟ مگر یہ کہ اسماعیلی

دریںجا ہم اشعار ست بآنکہ علمائے
اعلام و اولیائے کرام را کہ قائل
استحسان عمل مولد اند گواز شیوخ دین
ایں طائفہ باشند از اہل ضلالت مے
شمارد و خارج از مسلمین مے انگارد پس
بطلان ایں خیال از ماسبق روشن و
فساد جملہ اوہامش در ماتقدم مبین و ھا
انا اختم الکلام و اسأل اللّٰہ
تعالیٰ حسن الاختتام لی
ولجمیع اھل الاسلام ربنا
اغفرلنا ولاخواننا الذین
سبقونا بالایمان ولا تجعل
فی قلوبنا غلا للذین آمنوا
ربنا انك رؤف رحیم و صلی
اللہ تعالیٰ علیٰ نبیہ الکریم
وحبیبہ الرحیم سیدنا و
مولانا محمد صاحب الخلق
العظیم و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ
اولی القدر الفخیم والفیض
العمیم فقط۔

عقیدہ کے مطابق یہاں بھی اس بات
کی طرف اشارہ ہے کہ وہ سرکردہ علماء و
اولیاء کرام جو عمل میلاد کے استحسان کے
قائل ہیں خواہ وہ اس گروہ کے مشائخ
دین ہی کیوں نہ ہوں وہ انہیں گمراہ
سمجھتا ہے اور جماعت مسلمین سے
خارج جانتا ہے پس اس خیال کا
بطلان ماسبق سے روشن اور اس کے
تمام اوہام کا فساد ماضی میں خوب
ظاہر ہے۔

اور اب میں گفتگو ختم کر رہا ہوں۔
اور اپنے لئے اور تمام مسلمانوں کے
لئے اللہ تعالیٰ سے حسن خاتمہ کی دعاء
کرتا ہوں۔ اے ہمارے پروردگار
ہماری اور ہمارے ان بھائیوں کی
مغفرت فرمادے جو ایمان کے ساتھ
رخصت ہو چکے ہیں اور ہمارے دلوں
میں ایمان والوں کیلئے چھل کپٹ نہ رکھ،
اے ہمارے پروردگار بے شک تو رحمت و
رافت والا ہے اور اللہ درود نازل فرمائے اپنے
مکرم نبی اور صاحب رحمت محبوب ہمارے
سردار ہمارے آقا محمد صاحب خلق عظیم پر، اور
ان کے اُن آل و اصحاب پر جو عظیم رتبہ اور
عام فیض والے ہیں۔ فقط

قوم وملت اور مسلک اہلسنت کا بیباک ترجمان

ماہنامہ ضیاء الصمد

اپنی تمام تر جلوہ سامانیوں کے ساتھ شائع ہو رہا ہے۔

آپ اپنی دینی، اور مذہبی معلومات میں اضافہ کیلئے پہلی فرصت میں سالانہ فیس ۱۲۵ روپئے ارسال فرما کر ادارہ کا تعاون کریں۔ اور اپنی ممبری شپ قائم کرائیں۔

جامع مسجد، پھپھوند شریف، ضلع اوریا، یوپی۔ 206247

چیک یا ڈرافٹ:۔ "جامعہ صمدیہ" JAMIA SAMADIA

MAKTABA SAMADIA

AT/P.O. PHAPHUND SHARIF DISTT. AURAIYA PIN: 206247 (U.P.)
Ph. : (05683) 240162, 240317